★ ★ ★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★ ★ ★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 21 رجب المرجب 1446ھ، 22 جنوری 2025ء، 10 ماگھ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 94

پنجاب میں اپنی نوعیت کی پہلی اور سب سے بڑی کاروبار فنانس سکیم کا اجرا

وزیر اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس سکیم کے تحت 84 ارب روپے اور آسان کاروبار کارڈ سکیم کیلئے 48 ارب روپے سے زائد مختص

نوجوانوں کو خود روزگار کی طرف گامزن کرنا چاہتے ہیں، نوجوان معیشت کی بہتری میں آسان کاروبار سکیم کے ذریعے بھرپور کردار ادا کرے گا' مریم نواز

لاہور (سمیعہ فیاض) پنجاب میں اپنی نوعیت کی پہلی اور سب سے بڑی کاروبار فنانس سکیم کا اجراء کردیا گیا۔"وزیر اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار سکیم" کے لئے 84 ارب روپے جبکہ "وزیر اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار کارڈ سکیم" کے لئے 48 ارب روپے سے زائد رقم مختص کی گئی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس سکیم کے تحت 36 ارب سے زائد بلاسود قرض فراہم کیا جائیگا، آسان کاروبار فنانس سکیم میں 10 لاکھ سے 3 کروڑ روپے کے بلاسود قرضے (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیلز ٹیکس کی مد میں کھربوں روپے کی ٹیکس چوری کی جا رہی ہے: چیئرمین ایف بی آر

بینک اکاؤنٹ کی بندش نہایت ڈریکونین قانون ہوگا، شفافیت ضروری، کسی کا بینک اکاؤنٹ معطل ہوگا تو تنخواہوں کی ادائیگی کیسے کرے گا، حنا ربانی کھر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ ملک میں سیلز ٹیکس کی مد میں کھربوں روپے کی ٹیکس چوری کا تخمینہ ہے، ماہانہ 50 ہزار تنخواہ والا ٹیکس دیتا ہے، ماہانہ ڈھائی کروڑ کی آمدن کرنے والی کی کمائی 6 لاکھ تو ہوگی، ان کو بھی ٹیکس دینا (بقیہ نمبر 3)

ایک مقدمہ سننے سے اتنی پریشانی ہوگئی کہ بینچ سے کیس ہی منتقل کر دیا گیا: سپریم کورٹ

جہاں محسوس ہو فیصلہ حکومت کے خلاف ہوسکتا ہے تو بینچ سے کیس ہی لے لیا جاتا ہے' پروسیجر کمیٹی چلتے ہوئے کیسز واپس لے تو عدلیہ کی آزادی تو ختم ہوگئی، عدالتی حکم کے باوجود کیس مقرر کیوں نہ ہوا؟ عدالت عظمیٰ

ہمارا آرڈر بہت واضح تھا کیس کس بنچ میں لگنا ہے' جسٹس منصور علی شاہ' کمیٹی کیسز مقرر کرسکتی ہے تو واپس بھی لے سکتی ہے' رجسٹرار' ہمیں تو یہ بھی علم نہیں کہ موجودہ بنچ کا مستقبل کیا ہوگا؟ جسٹس عقیل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بنچز کے اختیارات کا کیس مقرر نہ کرنے پر توہین عدالت کے کیس کی سماعت کے دوران جسٹس عقیل عباسی نے ریمارکس میں کہا ہے کہ ایک مقدمہ سننے سے اتنی پریشانی کیوں ہو گئی کہ بنچ سے کیس ہی منتقل کردیا گیا۔جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی، جسٹس عقیل عباسی بنچ کا حصہ ہیں، رجسٹرار سپریم کورٹ عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔(بقیہ نمبر 1)

افغان حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے، ژوب میں ہلاک دہشتگرد افغانی تھا: آئی ایس پی آر

دہشت گرد کی شناخت محمد خان احمد خیل کے نام سے ہوئی، جو حاجی قاسم داوران خان کا بیٹا اور افغانستان کے صوبہ پکتیکا کے ضلع وزیر خوا کے گاؤں بلورائی کا رہائشی تھا

واقعہ پاکستان میں دہشت گردی میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے کا ناقابل تردید ثبوت' عبوری احکومت دہشت گردوں کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے ضلع ژوب کے سرحدی علاقے سمبازہ میں ہلاک ہونے والا دہشت گرد افغان شہری تھا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 11 جنوری کو بلوچستان کے ضلع ژوب کے سرحدی علاقے سمبازہ میں دہشت گردی میں ملوث ایک افغان شہری ہلاک ہوا۔دہشت گردی کی شناخت محمد خان احمد خیل کے (بقیہ نمبر 64)

وزیر اعظم: قتل و غارت کرنے والے بلوچستان ہی نہیں پورے پاکستان کے دشمن ہیں

چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے، فتنۃ الخوارج کے حوالے سے جو قربانیاں دی جارہی ہیں، حکومت اور 24 کروڑ عوام چاہ کر بھی ان شہدا کا قرض نہیں اتار سکتے

امید ہے کہ اس بار پاکستانی حاجیوں کے لیے حج بہت پرسکون ثابت ہوگا، غزہ میں بالآخر تباہی اور خوں ریزی کے بعد صرف 42 روز کے لیے جنگ بندی ہوئی ہے، دعا ہے غزہ میں عارضی جنگ بندی مستقل جنگ بندی میں بدل جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے، قتل وغارت کرنے والے بلوچستان کے عوام ہی نہیں پاکستان کے بھی دشمن ہیں، چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، ہمیں اس کی (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعظم سے اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم کے قومی اسمبلی میں پہنچتے ہی اپوزیشن کا احتجاج اور نعرے

اپوزیشن کے نعروں کے جواب میں حکومتی ارکان نے 'شیر آیا، شیر آیا' کے نعرے لگائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے قومی اسمبلی میں پہنچتے ہی اپوزیشن نے احتجاج کرتے ہوئے نعرے لگائے، اپوزیشن کے نعروں کے جواب میں حکومتی ارکان نے 'شیر آیا، شیر آیا' کے نعرے لگائے۔

26ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستیں 27 جنوری کو سماعت کیلئے مقرر

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ درخواستوں پر سماعت کریگا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستیں 27 جنوری کو سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی ہیں۔جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ درخواستوں پر سماعت کریگا، رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے 27 جنوری کی سماعت کے نوٹسز جاری (بقیہ نمبر 9)

چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری کے خلاف درخواست مسترد

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری کے خلاف درخواست مسترد کردی ہے (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کابینہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب اور ارجنٹائن مل کر ثقافتی سرگرمیاں شروع کریں گے: عظمیٰ بخاری

پنجابی ثقافت دونوں ممالک کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرے گی، وزیر اطلاعات، پنجابی کھانے اور ثقافت دنیا بھر میں مشہور ہیں: ارجنٹائن کے سفیر

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ارجنٹائن کے سفیر سے ملاقات کی، جس میں دو طرفہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے اور ثقافتی سرگرمیوں کے آغاز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اطلاعات نے اس موقع پر کہا کہ پنجاب اور ارجنٹائن ثقافتی تعاون کے ذریعے ایک (بقیہ نمبر 10)

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی ارجنٹائن کے سفیر سے ملاقات، طاہر رضا، شازیہ رضوان بھی ہمراہ ہیں

چیئرمین پی اے آر سی کی تعیناتی کالعدم قرار دینے کا فیصلہ چیلنج

انٹرا کورٹ اپیل میں سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کر کے عہدے پر بحال کرنے کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل کی تعیناتی کالعدم قرار دینے کا سنگل بینچ کا فیصلہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔عہدے سے ہٹائے گئے (بقیہ نمبر 24)

بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آئینگے تو حالات ٹھیک ہوں گے' فیصل جاوید

بیرون ملک پاکستانیوں کا بانی پی ٹی آئی پر اعتماد ہے، ملک میں پیسہ ان کے نام پر آئے گا' پشاور میں گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما فیصل جاوید کا کہنا ہے کہ لوگوں کا حکومت سے اعتماد اٹھ چکا ہے، معیشت کا حال بدترین ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 23)

سینیٹ اجلاس' حکومت اور اتحادی پیپلز پارٹی آمنے سامنے آگئے

اسلام آباد (این این آئی) پانی کی تقسیم کے معاملے پر حکومت اور اتحادی پیپلز پارٹی آمنے سامنے آگئے، پیپلز پارٹی کی (بقیہ نمبر 22)

سیدال خان کی اقبال ظفر جھگڑا سے ملاقات، بھائی کے انتقال پر تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے سابق گورنر خیبر پختونخوا اور مسلم لیگ (ن) کے سابق (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے سویڈن کی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

نومنتخب امریکی صدر کو عمران خان سے ضرور ہمدردی ہوگی' مشاہد حسین سید

پاکستان کو دانشمندی کیساتھ امریکہ کے سامنے اپنا موقف پیش کرنا ہوگا' سابق سینیٹر

لاہور (این این آئی) سابق سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے پہلے خطاب میں منافقت کی بجائے سچی باتیں کیں، نومنتخب صدر پہلے 100 دنوں میں چین کا دورہ بھی (بقیہ نمبر 18)

بجلی صارفین کو بلوں کی زیادہ قسطوں کی سہولت دیئے جانے کا امکان

نیپرا نے کنزیومر سروس مینوئل میں ترمیم کیلئے اسٹیک ہولڈرز سے 7 روز میں رائے طلب کرلی

لاہور (این این آئی) ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے مشکلات دور کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔ملک بھر کے بجلی صارفین کو ایک مالی سال میں بجلی بلوں کی زیادہ قسطوں کی (بقیہ نمبر 20)

حکومت کسی ادارے کے معاملے میں مداخلت نہیں کرتی: وزیر قانون

وہ پاکستانی شہری جنہوں نے ماضی میں پاکستانی شہریت ترک کردی تھی اپنی پاکستانی شہریت دوبارہ حاصل کرسکیں گے، اعظم نذیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت کسی ادارے کے معاملے میں مداخلت نہیں کرتی، عدلیہ بھی ایگزیکٹو کے معاملات میں براہ راست مداخلت سے گریز کرے۔سینٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال خان کی زیر صدارت جاری ہے جس میں وقفہ سوالات کے دوران ڈیپوٹیشن پالیسی سے متعلق سینیٹر دنیش کمار نے سوال کیا، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سوالات کمیٹیز کو بھیجنے پر اعتراض کیا۔(بقیہ نمبر 62)

ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف سے پلان شیئر

جنوری کے دوران ایف بی آر کو تقریباً 960 ارب کا ٹیکس ہدف حاصل کرنا ہے' ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے آئی ایم ایف سے پلان شیئر کر دیا۔ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 15)

ہماری پوزیشن آج بالکل واضح کر دی گئی ہے، رؤف حسن

لاہور (این این آئی) رہنما تحریک انصاف رؤف حسن کا کہنا ہے کہ ہماری پوزیشن (بقیہ نمبر 17)

لاہور ہائیکورٹ سے ضمانت خارج، ملزم نے سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ سے ضمانت خارج ہونے کے بعد (بقیہ نمبر 29)

ٹیکس فائلرز کی اہلیت کا جائزہ لینے کیلئے قائمہ کمیٹی خزانہ کی ذیلی کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے ٹیکس (بقیہ نمبر 19)

COMMITTED TO IMPROVING THE STATE OF THE WORLD
COMMITTED TO IMPROVING THE STATE OF THE WORLD

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سعودی نیشنل بینک کے چیئرمین سے ملاقات کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن کیسے ٹریبونل کے جج کو بدل سکتا ہے؟ اسلام آباد ہائیکورٹ

اس کا جواب ہم دیں گے' وکیل ای سی پی' چیف جسٹس نے الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو جواب جمع کرانے کیلئے وقت دیدیا

چیف جسٹس ہائی کورٹ عامر فاروق نے نئے الیکشن ٹریبونل کو کارروائی سے روکنے کے حکم میں 6 فروری تک توسیع کر دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے استفسار کیا ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کیسے ٹریبونل کے جج کو تبدیل کرسکتا ہے؟ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے اسلام آباد کے تین حلقوں کا الیکشن ٹریبونل تبدیل کرنے کے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف کیس کی سماعت کی، ایڈووکیٹ فیصل چودھری اور شعیب شاہین عدالت میں پیش ہوئے۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریٹائرڈ جج کے نئے ٹریبونل (بقیہ نمبر 63)

میرٹ کے برعکس بھرتیوں کا مقدمہ، پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد نہیں ہوسکی

لاہور (این این آئی) میرٹ کے برعکس بھرتیوں کے مقدمے میں سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 11)

سپیکر قومی اسمبلی کی ڈونلڈ ٹرمپ کو صدر کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈونلڈ ٹرمپ کو (بقیہ نمبر 12)

نوجوانوں کی تعلیم و تربیت' گرین سکلز ٹریننگ پروگرام کیلئے یونیسیف سے معاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کے لیے گرین اسکلز ٹریننگ پروگرام کے لیے یونیسیف سے معاہدہ (بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین سے جاپان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

غذائی قلت پاکستان کو سالانہ 17 ارب ڈالر کا نقصان پہنچانے لگی

اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید بگڑ سکتی ہے، غیر سرکاری تنظیم کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں غذائی قلت سالانہ 17 ارب ڈالر کا نقصان پہنچانے لگی، غیر سرکاری تنظیم نیوٹریشن انٹرنیشنل کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غذائی قلت کے سنگین مسئلے کے باعث قومی معیشت کو سالانہ 17 ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے جو ملک کی مجموعی (بقیہ نمبر 4)

آئین کے مطابق انٹرا پارٹی الیکشن کرائے، بانی ہی پی ٹی آئی کا نشان ہیں: بیرسٹر گوہر

پارٹی سرٹیفکیٹ ہمارا آئینی و قانونی حق ہے، پارٹی دفتر پر چھاپے کے دوران ایف آئی اے دستاویزات لے گئی تھی' چیئرمین پی ٹی آئی

پی ٹی آئی دنیا کی چھٹی بڑی سیاسی جماعت' چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کیلئے خطوط لکھ دیئے' نئے تک یہی کام جاری رکھیں گے' گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین گوہر علی خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی دنیا کی چھٹی بڑی سیاسی جماعت ہے، تحریک انصاف کا نشان عمران خان ہیں۔چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی واحد پارٹی ہے جس نے انٹرا پارٹی انتخابات کرائے، پی ٹی آئی کا انٹرا پارٹی انتخابات کا سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جا رہا ہے۔گوہر علی خان نے کہا (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد، سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر تحریک تحفظ آئین پاکستان کی سینئر سیاستدانوں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

انٹرپول نے کشتی حادثے میں ملوث 15 انسانی سمگلرز کیخلاف ریڈ نوٹسز جاری کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) موریطانیہ کشتی حادثے میں ملوث انسانی اسمگلرز کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی جس میں اہم (بقیہ نمبر 5)

سابق جج پر مشتمل الیکشن ٹریبونل کی تشکیل کیخلاف درخواست فل بنچ کو بھجوا دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق جج رانا زاہد محمود پر مشتمل الیکشن (بقیہ نمبر 16)

مریم نواز کی جعلی تصاویر شیئر کرنے پر مزید 10 ملزمان کیخلاف مقدمات درج

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل ڈائریکٹر سائبر کرائم محمد سرفراز چوہدری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، صدر یو اے ای کی (بقیہ نمبر 26)

پاک ایران تعلقات کو بڑی تجارتی شراکت داری میں تبدیل کرنا وقت کی ضرورت ہے: ملک احمد خان

دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات خطے میں امن و استحکام کے لیے انتہائی اہم ہیں: سپیکر پنجاب اسمبلی

ایران پاکستان کے ساتھ مختلف ثقافتی شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط کرنا چاہتا ہے۔ ایرانی رکن پارلیمنٹ محمد میرزائی

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے ایران کی پارلیمنٹ کے رکن محمد میرزائی کی قیادت میں وفد نے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کی۔ایرانی پارلیمانی وفد میں علی اکبر علی زادہ بوری، امیر حسین ثابتی مونفرد اور علی معروفی شامل تھے، جبکہ قونصل جنرل ایران لاہور مہران موحد فر، مسٹر حسینی اور علی اصغر مسعودی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ملاقات میں پارلیمانی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے پاکستان اور ایران کے درمیان مذہبی اور ثقافتی خوشگوار تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 13)

لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان کی ایرانی رکن پارلیمنٹ محمد میرزائی کی قیادت میں وفد سے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

چین کا پنجاب کے زرعی سیکٹر میں سرمایہ کاری کا عندیہ: صوبائی وزیر بلال اکبر

جدید زراعت کے فروغ کیلئے پنجاب حکومت کے ساتھ ساتھ تعاون کا عزم پنجاب میں چین کے سرمایہ کاروں اور انکی سرمایہ کاری کو مکمل تحفظ حاصل ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے حالیہ دورہ چین کے تناظر میں پنجاب بنک کی جانب سے چین کی زراعت سے وابستہ بڑی کمپنی کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ مقامی ہوٹل میں منعقدہ ظہرانے کی تقریب میں صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین اور صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے خصوصی شرکت کی۔ پنجاب بنک کے صدر ظفر مسعود، سیکرٹری انڈسٹری ڈاکٹر احسان بھٹہ، سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو اور متعلقہ افسران نے تقریب میں شرکت کی۔ پاکستان کی بزنس کمیونٹی بھی تقریب میں موجود تھی جبکہ چین کی آرٹیفیشل انٹیلیجنس فورس ٹیک کمپنی کے سی ای او مسٹر ہان وے کی قیادت میں کمپنی کے وفد نے شرکت کی۔ چین کی کمپنی نے پنجاب کے زرعی سیکٹر میں سرمایہ کاری کا عندیہ دیا۔ کمپنی کے سی ای او نے بتایا کہ ہماری کمپنی کی سمال فارمنگ ٹیکنالوجی بہت سودمند ہے۔ پنجاب کو ای وی ٹیکنالوجی فراہم کریں گے اور یہاں ای وی ٹریکٹر کی اسمبلنگ کا پلانٹ لگانے کا بھی جائزہ لیں گے۔

عمران خان نے اپنے سیاسی کردار سے اپنا قد بڑا کیا: سرفراز نیازی

انتقامی سیاست کرنیوالے انتظامی صلاحیت سے محروم جبکہ ریاست کے دشمن ہیں

لاہور (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کے ممتاز رہنما، سرفراز خان نیازی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا چارٹر آف ڈیمانڈ پاکستان میں سیاسی استحکام کا روڈ میپ ہے۔ 9 مئی کے مبینہ واقعات کی سچائی تک رسائی یقینی بنائے بغیر پاکستان بندگلی اور مخصوص دائروں سے باہر نہیں نکل سکتا۔ شریف برادران کے اشاروں پر طعنہ زنی اور اشتعال انگیزی کرنیوالے وفاقی وصوبائی وزراء نے مذاکرات بلڈوز کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ پی ٹی آئی کی قیادت کے صبر وتحمل اور بردباری کو کمزوری سے ہرگز تعبیر نہ کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں سرفراز خان نیازی نے مزید کہا کہ پاکستانیوں کے نجات دہندہ عمران خان نے اپنے اصولی اور تعمیری سیاسی کردار اور افکار سے اپنا قد بڑا کیا، انہوں نے اپنی استقامت سے اپنے مدمقابل سیاستدانوں کو بونا بنادیا۔ ہمارے ہردلعزیز کپتان آج بھی پاکستان کی قسمت کا ہر ایک فیصلہ پاکستانیوں کو آزادانہ اور آبرومندانہ انداز سے کرتے ہوئے دیکھنے کے خواہاں ہیں۔

اللہ بخش آرٹ گیلری میں "کھیڈ، کھڈونے اور کتھاواں" کے موضوع پر منفرد نمائش کا انعقاد

چیئرمین الحمراء رضی احمد نے نمائش میں آویزاں فن پارے دیکھے، وقاص منظور کو مبارکباد دی

نمائش میں آرٹسٹ وقاص منظور کا اچھوتے انداز میں کیا گیا کام دیکھنے والوں کی توجہ کا مرکز بن گیا



لاہور (خبر نگار) لاہور آرٹس کونسل الحمراء میں موجود اللہ بخش آرٹ گیلری میں "کھیڈ، کھڈونے اور کتھاواں" کے موضوع پر منفرد نمائش کا انعقاد ہوا۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد نے نمائش میں آویزاں فن پارے دیکھے، وقاص منظور کو مبارکباد دی۔ نمائش میں آرٹسٹ وقاص منظور کا اچھوتے انداز میں کیا گیا کام دیکھنے والوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ کھلونوں کے ساتھ ہر فرد نے اپنے بچپن کی سنہری یادیں وابستہ رہتی ہیں۔ تکنیکی طور پر ترقی نے اس روایت کو معدوم کر دیا ہے۔ یہ نمائش اس معدوم ہوتی روایت کو دوبارہ زندہ کرنے کی کاوش ہے۔ نمائش میں کھلونے کے تعمیراتی انداز، ڈیزائن، ہماری تاریخی آثار و تہذیب وتمدن کا حصہ ہے۔ نمائش سے صدیوں پر محیط اس ہنر کو دوبارہ بحال میں مدد ملے گی۔ نمائش کو عاصم اختر نے کیوریٹ کیا ہے۔ یہ نمائش 25 جنوری تک جاری رہے گی۔

مدارس کو بھی سکالرشپ و لیپ ٹاپ سکیم میں شامل کیا جائے: ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

لاہور (پ ر) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا کہ مدارس کو بھی سکالرشپ و لیپ ٹاپ سکیم میں شامل کیا جائے۔ حکومت اور عوام مدارس کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ موجودہ دور میں دینی تعلیم کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ ہم اپنی اسلامی روایات اور تہذیب کو محفوظ رکھ سکیں۔ قرآن وسنت کی تعلیمات قیامت تک انسانیت کیلئے رہنمائی کا ذریعہ ہے۔ دہشت گردی کے بڑھتے واقعات تشویشناک ہیں، خوارج کا قلع قمع کرنے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامعہ نعیمیہ کے سالانہ جلسہ دستار فضیلت و تقسیم اسناد کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ رواں سال جامعہ نعیمیہ سے 67 عالم، 10 مفتی، 47 قراء اور 50 حفاظ کرام نے سند فراغت حاصل کی ہے جبکہ 70 سے زائد طلبہ کرام کو میڈلز سے نوازا گیا۔ جامعہ نعیمیہ گزشتہ 7 دہائیوں سے دین اسلام کی ترویج واشاعت اور تعلیم کے فروغ کیلئے مصروف عمل ہیں۔ مدارس اسلام کے قلعے اور روحانی تربیت کے مراکز ہیں، جہاں سے علم، اخلاص اور قربانی کی روشنی پھیلتی ہے۔ علماء کرام اپنی تعلیمات کے ذریعے معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور نوجوان نسل کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مدارس اپنے پس منظر اور خدمات کے لحاظ سے اسلامی معاشرے کا ایک ایسا حصہ ہیں جن کی تاریخ اور خدمات سنہرے الفاظ سے لکھے جانے کے قابل ہے۔ دینی مدارس میں جو طلباء پڑھتے ہیں، علماء بن کرامت کے سامنے آتے ہیں۔ وہ اسی کے داعی ہوتے ہیں کہ ہر مسلمان اپنی آخرت کے لیے فکر مند ہو۔

جامعہ کفایت القرآن کا ایک اور اعزاز ڈسٹرکٹ چنیوٹ میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے حافظ وقار کی حفظ قرآن کی دستار بندی کی تقریب



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) جامعہ کفایت القرآن کا ایک اور اعزاز ڈسٹرکٹ چنیوٹ میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے حافظ وقار کی حفظ قرآن کی دستار بندی کی تقریب۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ چنیوٹ میں منشیات آگاہی مہم میں تقاریر میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے حافظ وقار نے قرآن جیسی دولت کو اپنے سینے میں محفوظ کر لیا اس حوالے سے جامعہ کفایت القرآن میں دستار بندی کی تقریب کا انعقاد کیا جسمیں حافظ وقار کو دستار فضیلت پہنائی گئی اور بچے کو اور اس کے والدین کو مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر مہتمم مدرسہ ہذا حافظ محمد کفایت اللہ نے کہا کہ ہم حافظ وقار اسکے والدین کو مبارک دیتے ہیں جنھوں نے بچے کے سینے میں قرآن جیسی دولت محفوظ کرنے کے لئے دن رات محنت کی۔

سٹی ٹریفک پولیس لاہور کے زیر اہتمام ٹریفک آگاہی مہم میں سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی خصوصی شرکت

لاہور (کرائم رپورٹر) سٹی ٹریفک پولیس لاہور کے زیر اہتمام ٹریفک آگاہی مہم میں سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی خصوصی شرکت۔ تقریب کا انعقاد فیصل چوک مال روڈ پر کیا گیا جسمیں ایس پی ہیڈ کوارٹرز سہیل فاضل نے بھی شرکت کی۔ مختلف سکولز کے سکاؤٹس نے ٹریفک والنٹیئرز کے طور پر اس مہم میں حصہ لیا۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے بتایا کہ آگاہی مہم کا بنیادی مقصد لوگوں میں ٹریفک قوانین سے واقفیت پیدا کرنا ہے آج ہی سے گاڑی چلاتے ہوئے سیٹ بیلٹ ڈرائیور اور ساتھ بیٹھا شخص بھی لگائے گا موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال چلانے والا اور پیچھے بیٹھنے والا دونوں کریں گے۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ ٹریفک پولیس لاہور ان ہدایت پر آج سے ہی عمل درآمد کروائیں گے فضائی آلودگی اور سموگ سے بچاؤ کے لئے چہرے پر ماسک ضرور لگائیں۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں اینٹومولوجسٹس اور انوائرمنٹ انسپکٹرز کی ریفریشر ٹریننگ کے دوران تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں

انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں اینٹومولوجسٹس اور انوائرمنٹ انسپکٹرز کی ایک روزہ ریفریشر ٹریننگ کا انعقاد

رواں سال انشاءاللہ ڈینگی سیزن میں مزید بہتر انداز میں رسپونڈ کریں گے خواجہ سلمان رفیق

کسی بھی ڈیزیز آوٹ بریک پر قابو پانے کیلئے اینٹومولوجسٹس اور انوائرمنٹ انسپکٹرز کا کلیدی کردار ہوتا ہے: صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں اینٹومولوجسٹس اور انوائرمنٹ انسپکٹرز کی ایک روزہ ریفریشر ٹریننگ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر اینٹومولوجسٹس اور انوائرمنٹ انسپکٹرز کے درمیان تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا ریفریشر ٹریننگ کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ رواں سال انشاءاللہ ڈینگی سیزن میں مزید بہتر انداز میں رسپونڈ کریں گے۔ گذشتہ ڈینگی سیزن میں رہ جانے والی کمی کوتاہی کو دور کرنے کیلئے تمام متعلقہ محکمہ جات کو محنت کرنی ہوگی۔ کسی بھی ڈیزیز آوٹ بریک پر قابو پانے کیلئے اینٹومولوجسٹس اور انوائرمنٹ انسپکٹرز کا کلیدی کردار ہوتا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ 2011 میں ڈینگی کے خاتمے کیلئے میاں شہباز شریف کی زیر صدارت مسلسل 66 دن اجلاس میں شرکت کی تھی۔ 2011 میں ڈینگی پر قابو پانے میں سرلنکن طبی ماہرین نے بھی بھرپور تعاون کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنا تمام تر فوکس صحت کے شعبہ کی بہتری پر کئے ہوئی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ریفریشر ٹریننگ کے اہتمام پر منتظمین کو مبارکباد دی۔ چیئرمین ٹاسک فورس عدنان افضل چٹھہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اس وقت عوام کی فلاح وبہبود کیلئے تاریخی اقدامات اٹھا رہی ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب ضیاءاللہ شاہ نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے طبقے کو سب سے پہلے خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ میاں شہباز شریف کی قیادت میں خواجہ سلمان رفیق نے ڈینگی وائرس کے تدارک کیلئے بے پناہ کامیاب کوششیں کیں۔ ہمیں اپنے ہی اداروں کے خلاف سوشل میڈیا پر مہم نہیں چلانی چاہیے۔

ہسپتال سے بچہ اٹھانے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ہسپتال سے بچہ اٹھانے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ سیف سٹی کیمروں سے چند گھنٹوں میں بچہ بازیاب کیا گیا۔ بچے کے والد نے شکایت درج کروائی کہ ہسپتال سے کسی نامعلوم نے بچے کو اغواء کر لیا ہے۔ پولیس نے سیف سٹی کیمروں کی فوٹیجز سے ملزم کی تلاش شروع کی۔ سیف سٹی کیمروں کی بیک ٹریکنگ کرتے ہوئے ملزم کا سراغ مل گیا۔ ترجمان سیف سٹیز نے بتایا کہ کیمروں میں نومولود کو اٹھائے بائیک پر سوار ملزم گزرتے ہوئے دیکھا گیا۔ سیف سٹی گوجرانوالہ ٹیم نے تمام ویڈیو شواہد متعلقہ پولیس کے ساتھ شیئر کیے۔ پولیس نے فوراً کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے چند گھنٹوں میں نومولود کو تلاش کے بعد بحفاظت والد کے حوالے کردیا۔ بچوں سے متعلق کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں 15 ڈائل کر کے 3 دبا کر ورچوئل سنٹر فار چائلڈ سیفٹی پر اطلاع دیں۔

جعلی تصاویر شیئر کرنے مزید 10 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل ڈائریکٹر سائبر کرائم محمد سرفراز چوہدری نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز، صدر یواے ای کی جعلی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنیوالے والے 10 مزید ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے جن میں 2 خواتین بھی شامل ہیں، شہباز گل اور عادل راجہ جیسے ملزمان کو پاکستان لانے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ ایف آئی اے سائبر کرائم لاہور کے ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد سرفراز چوہدری اور ڈپٹی ڈائریکٹرز زوار احمد نے پریس کانفرنس کی۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف اور یواے ای کے صدر کی اے آئی جنریٹڈ تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنے والے والے 10 مزید ملزمان کیخلاف مقدمات درج ہیں۔

ٹرانسپلانٹ پروگرام کے پورے نظام کو انتہائی شفاف بنایا گیا ہے: خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشی منیجمنٹ کمپنی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 90 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران پی ایچ آئی ایم سی کے تین ایجنڈے پیش کئے گئے۔ اجلاس کے دوران پنجاب ہیلتھ انشی منیجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 89 ویں اجلاس کے منٹس کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام کا یکم فروری 2025 سے آغاز کرنے کی خوشخبری سنا دی گئی۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت کے شعبہ میں تاریخی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ چیف منسٹرز ڈائیلسز پروگرام، چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام اور چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام حکومت پنجاب کے صحت کے شعبہ میں فلیگ شپ پروگرامز ہیں۔ ان تینوں پروگرامز پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے پنجاب ہیلتھ انشی منیجمنٹ کمپنی کو ایگزی کیوٹنگ ایجنسی بنایا گیا ہے۔ چیف منسٹرز سپیشل انشی ایٹو فار ٹرانسپلانٹ پروگرام کے پورے نظام کو انتہائی شفاف بنایا گیا ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:20
فجر	6:10
ظہر	1:30
عصر	4:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

غذائیت سے متعلق نصاب میں اصلاحات اور ماہرین صحت کی تربیت، یو ایچ ایس اور یونیسیف کا پنجاب میں اشتراک عمل کا فیصلہ

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس)، ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب اور یونیسیف پنجاب نے غذائیت سے متعلق نصاب میں اصلاحات اور صحت کے ماہرین کی استعداد کار بڑھانے کے ایک منصوبے پر اشتراک عمل کا فیصلہ کیا ہے۔ جلد ایک مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے جائیں گے۔ منگل کے روز یو ایچ ایس میں ہونے والے اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید رٹھور، یونیسیف پنجاب کی ماہر غذائیت نجمہ ایوب، ڈی جی ہیلتھ سروسز کے مشیر غذائیت احتشام الحق، پرووائس چانسلر پروفیسر نادیہ نسیم، اور دیگر سینئر ماہرین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب میں غذائی قلت صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ماہرین نے بتایا کہ صوبے میں 36 فیصد سے زائد بچے نشوونما کی کمی کا شکار ہیں اور غیر معیاری غذائی عادات ماں اور بچے کی صحت پر منفی اثر ڈال رہی ہیں۔ منصوبے کے تحت میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ اور دیگر اتحادی صحت کے شعبوں کے نصاب میں غذائیت کو شامل کیا جائے گا۔ پروفیسر احسن وحید رٹھور نے کہا کہ یہ منصوبہ بچوں خصوصاً بڑھتے ہوئے بچوں میں غذائی قلت جیسے بڑے مسئلے کے حل میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے ماہرین کو جدید معلومات اور تربیت فراہم کر کے معاشرے پر مثبت اثرات ڈالے جا سکتے ہیں۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ اس منصوبے کے تحت پنجاب کے چھ بڑے شہروں میں ورکشاپس اور سیمینارز منعقد کیے جائیں گے۔ ماہرین کو ماں کے دودھ پلانے، مناسب غذائی عادات اپنانے اور ہنگامی حالات میں غذائی مسائل سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت دی جائے گی۔ شدید غذائی قلت کے علاج کے لیے عملی تربیت بھی فراہم کی جائے گی۔ عوامی آگاہی کے لیے واکس اور پوسٹر نمائشوں کا اہتمام بھی کیا جائے گا تاکہ لوگوں میں متوازن غذا اور صحت مند طرز زندگی کا شعور اجاگر ہو۔ اس موقع پر نجمہ ایوب نے کہا کہ یہ منصوبہ غذائی قلت کے خاتمے کے لیے ایک جامع حکمت عملی ہو سکتا ہے۔ تعلیم اور تربیت کے ذریعے عوامی صحت میں بہتری لانے کی کوشش کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر شرکا نے اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب کمپلینٹ سنٹر 1787 کے سائلین کے مسائل کی دادرسی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال کے پہلے 20 دن میں 1787 کمپلینٹ سنٹر پر موصولہ 3500 سے زائد شکایات کو حل کرلیا گیا۔ مقدمات کے اندراج کی 1600 سے زائد اور سست تفتیش کی 810 سے زائد شکایات حل کی گئیں۔ پولیس سروسز سے متعلق 500 سے زائد اور محکمانہ معاملات و دیگر سے متعلق 200 سے زائد شکایات حل کی گئیں۔ اسی طرح ملزمان کی گرفتاری سے متعلق 160 سے زائد، ریکوری سے متعلق 354، ناقص تفتیش کی 159 سے زائد شکایات حل جبکہ جھوٹے مقدمات کی منسوخی سے متعلق 75 سے زائد اور تبدیلی تفتیش سے متعلق 40 شکایات حل کی گئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ 1787 پر دادرسی کے ذریعے 18 مغویوں کی بازیابی عمل میں لائی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ سائلین پولیس اہلکاروں خلاف کسی بھی شکایت کی صورت میں 1787 کمپلینٹ سنٹر پر بلا جھجک رابطہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی جانب سے موصولہ شکایات کو ایس او پیز

لاہور میں حج تربیتی پروگرام 25 جنوری سے 02 فروری تک فیصل آڈیٹوریم نیوکیمپس، پنجاب یونیورسٹی میں منعقد ہوں گے

لاہور (خبر نگار) وزارت مذہبی امور حج ڈائریکٹوریٹ لاہور کے تحت مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے گورنمنٹ حج سکیم کے عازمین کو مناسک حج اور انتظامی امور کی تربیت دینے کے لیے تربیتی پروگرامز کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ لاہور شہر میں حج تربیتی پروگرام 25 جنوری سے 02 فروری تک فیصل آڈیٹوریم نیو کیمپس، پنجاب یونیورسٹی میں منعقد ہوں گے۔ دیگر شہروں میں حج تربیتی پروگرام آج بدھ 22 جنوری کو لی گرینڈ مارکی 6 کلومیٹر، لاہور روڈ نزد ٹوٹل پمپ، ہاوسنگ کالونی، شیخوپورہ، 3 جنوری کو کرسٹل میرج ہال، پھالیہ روڈ منڈی بہاوالدین، 30 اور 31 جنوری کو آرٹس کونسل ہال سرگودھا، 03 فروری کو بھٹہ پیلیس نزد تاج گارڈن سیالکوٹ روڈ وزیر آباد اور جناح پبلک ہال، نزد فوارہ چوک حافظ آباد، 04 فروری کو ہیون کاسل، کنگنی والا چوک مین جی ٹی روڈ گوجرانوالہ اور گرانڈ کانٹینینٹل مارکی بھمبر روڈ ایئر پورٹ چوک گجرات، 06 اور 07 فروری کو گورنمنٹ پوسٹ گراجوایٹ کالج چرچ روڈ بالمقابل قاری ہسپتال اوکاڑہ، 08 فروری کو آرٹس کونسل ہال نشتر روڈ نزد ڈی۔ پی۔ او آفس ساہیوال، 09 فروری کو الغفور گرانڈ مارکی ساہیوال روڈ جمال چوک پاکپتن، 10 فروری کو ڈی پی ایس سکول، لاہور قصور روڈ آفیسرز کالونی قصور، 11 فروری کو کراون میرج ہال، ہلہ چوک بائی پاس پتوکی اور گورنمنٹ گراجوایٹ کالج آدھیوال چوک جھنگ، 12 فروری کو اے ایس میرج کلب کینال روڈ نزد گرین ویو ٹوبہ ٹیک سنگھ، 15 فروری کو جوہر ہال، گورنمنٹ پوسٹ گراجوایٹ اسلامیہ کالج، چنیوٹ، 17 اور 18 فروری کو کیولم مارکی، کینال بینک روڈ، نزد فیصل گارڈن ویسٹ کینال روڈ فیصل آباد، 19 فروری کو جیسمین اوینٹس، کینال سٹی، وزیر آباد روڈ سیالکوٹ اور 20 فروری کو نارووال پبلک سکول، نزد سیالکوٹ بائی پاس، نارووال میں منعقد ہوں گے۔

فیکٹری ایریا پولیس نے لاہور میں منشیات کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر 3 خواتین سمیت 8 بین الاضلاعی منشیات فروش گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) فیکٹری ایریا پولیس نے لاہور میں منشیات کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر 3 خواتین سمیت 8 بین الاضلاعی منشیات فروش گینگ گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق فیکٹری ایریا پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ 3 خواتین سمیت 8 بین الاضلاعی منشیات ڈیلرز گامن، روبن، ریحان، ناصر محمود، فوزیہ، لبنیٰ شہزادی وغیرہ کو منشیات کی ڈلیوری دینے کے لیے آتے ہوئے گرفتار کر کے ملزمان سے کروڑوں روپے مالیت کی 50 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے پشاور سے بزریعہ ان لائن منشیات منگوا کر مختلف اضلاع میں سپلائی دینے کا اعتراف کیا ہے

نیوانارکلی پولیس نے واردات کی منصوبہ بندی ناکام بنا کر دو رکنی متحرک موٹر سائیکل چور و جھپٹا مار گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) نیوانارکلی پولیس نے واردات کی منصوبہ بندی ناکام بنا کر دو رکنی متحرک موٹر سائیکل چور و جھپٹا مار گینگ گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق نیوانارکلی پولیس نے کاروائی کے دوران موٹر سائیکل چوری اور جھپٹے کی وارداتوں میں ملوث ملزمان نثار خان اور ساتھی احسن شہباز کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 8 موٹر سائیکل غیر قانونی اسلحہ نقدرقم اور موبائل برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان لاہور کے مختلف مقامات سے بغیر لاک کے کھڑی موٹر سائیکل لیکر رفو چکر ہو جاتے اور اس کے علاوہ موقع ملنے پر راہ چلتے معصوم شہریوں کے ساتھ جھپٹا مار کر نقدی اور موبائل چھین لیتے تھے

انویسٹی گیشن تھانہ ہیئر پولیس نے متحرک ڈکیت گینگ کے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انویسٹی گیشن تھانہ ہیئر پولیس نے متحرک ڈکیت گینگ کے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق تھانہ ہیئر انویسٹیگیشن پولیس نے جدید ٹیکنالوجی سمیت ہیومین انٹیلیجنس کی مدد سے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ علی حیدر اور اس کے ساتھی محسن مسیح اور محمد فیضان کو گرفتار کر کے ان سے شہریوں سے چھینے گئے لاکھوں مالیت کے موبائل فونز، ناجائز اسلحہ ساڑھے تین لاکھ روپے نقدی اور 4 تولے زیور بھی برآمد کرلیا

اینٹی نارکوٹکس فورس نے انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں لاکھوں روپے مالیت کی بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی

لاہور (کرائم رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں لاکھوں روپے مالیت کی بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ اور خرید وفروخت کے خلاف اے این ایف کا کریک ڈاون جاری ہے، اس دوران 3 مختلف کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 40 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 20 کلو 800 گرام منشیات برآمد کرلی گئی۔ اے این ایف حکام نے موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب کار سے 4.14 کلوگرام افیون اور 8.4 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ اسی طرح موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب مسافر بس میں سوار ملزم سے 900 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ادھر بند روڈ لاہور پر واقع بس اسٹینڈ کے قریب 2 ملزمان کے بیگ سے 700 گرام آئس برآمد ہوئی۔

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران کے احکامات کی روشنی میں لاہور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران کے احکامات کی روشنی میں لاہور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے نیو اولڈ انارکلی کے علاقوں سے 2 رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گینگز کے 4 ممبران کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان میں وکیل، فیاض، نثار خان اور احسن شہباز شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے 9 موٹر سائیکلیں، غیر قانونی اسلحہ، نقد رقم اور موبائل فونز برآمد کیے گئے۔ ملزمان ڈکیتی، راہزنی، جھپٹا اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ تھے۔ فیصل ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کوٹھا پنڈ سے 4 رکنی چور گروہ گرفتار کر لیا۔ ملزمان سے چوری شدہ بجلی کی تاریں، 2 لاکھ سے زائد نقدی و پستول برآمد کیا گیا۔ ملزمان میں عمران محمد بخش، عمران اور عبدالقیوم شامل ہیں۔ ملزمان رات گئے مختلف علاقوں سے واپڈا کی تاریں اور ٹرانسفارمر چوری کر کے فرار ہو جاتے تھے۔ کوٹ لکھپت پولیس نے کارروائی کے دوران 5 سال سے روپوش 2 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان ڈکیتی و چوری کے مقدمات رائیونڈ اور کوٹ لکھپت پولیس کو مطلوب تھے۔ ملزمان میں شکیل عرف باڈی بلڈر اور شہباز شامل ہیں۔ سبزہ زار پولیس نے ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزم فیصل کو حراست میں لے لیا۔ ملزم کے قبضہ سے پسٹل 9mm بمعہ گولیاں برآمد کی گئیں۔ فیکٹری ایریا پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ منشیات کی سپلائی ناکام بناتے ہوئے 3 خواتین سمیت 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان پشاور سے بذریعہ آن لائن منشیات منگوا کر شہر لاہور میں سپلائی کرتے تھے۔ ملزمان میں گامن، روبن، ریحان، ناصر محمود، فوزیہ اور لبنیٰ شہزادی وغیرہ شامل ہیں۔ ملزمان سے کروڑوں روپے مالیت کی 50 کلو سے زائد چرس برآمد کی گئی۔ مسلم ٹاؤن کے علاقے سے بھی 03 منشیات فروش گرفتار کر لیے گئے۔ گرفتار ملزمان میں ارسلان، لقمان اور سلامت شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضہ سے مجموعی طور پر 02 کلو 270 گرام چرس برآمد کی گئی۔

یکم فروری سے مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم مہم شروع ہوگی: محمد اقبال سنگھیڑہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو سیالکوٹ کا پلس ٹیم سمیت ریونیو افیسران سے خطاب

سیالکوٹ (بیورو چیف) یکم فروری سے ضلع سیالکوٹ میں مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم کی مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے، پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہاسمنٹ (پلیس) کے اشتراک سے محکمہ ریونیو سیالکوٹ اگلے 3 ماہ کے دوران مشترکہ کھیوٹ کی مہم چلائے گا۔ یہ بات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا نے پلس ٹیم اور ریونیو افیسران کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اے ڈی سی ریونیو نے پلس ٹیم سے مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم کے مراحل پر تبادلہ خیال کیا اور پلس کی کاوشوں کو سراہا اور ہر ممکن حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ پلس ماہرین نے کہا کہ تمام اضلاع کی انتظامیہ اور دیگر اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ صوبہ بھر میں جاری مشترکہ کھیوٹ کی بڑے پیمانے پر تقسیم کو بروقت اور خوش اسلوبی سے مکمل کیا جاسکے۔

شیر اکوٹ کے علاقے میں موٹر سائیکل مکینک نے معمولی تلخ کلامی پر پولیس انسپکٹر سیف اللہ نیازی کو قتل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شیراکوٹ کے علاقے میں موٹر سائیکل مکینک نے معمولی تلخ کلامی پر پولیس انسپکٹر سیف اللہ نیازی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے ملزم کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شراکوٹ کے علاقے میں معمولی تلخ کلامی پر عدیل نامی موٹر سائیکل مکینک نے طیش میں آ کر پولیس انسپکٹر سیف اللہ نیازی کو اس کے ہی پستول سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اس دوران ڈولفن ٹیم فائرنگ کی آواز سن کر موقع پر پہنچ کر ملزم عدیل کے فرار کی کوشش ناکام بنا کر اسے گرفتار کر کے آلہ قتل سمیت شیراکوٹ پولیس کے حوالے کر دیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران موقع پر پہنچ گئے اور جائے وقوعہ کا جائزہ لیا۔

ایس ایچ او صدر سیالکوٹ میاں رزاق کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ (بیورو چیف) پولیس کے فرض شناس ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ انسپکٹر غازی میاں محمد رزاق نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے 2140 گرام منشیات و 20 لیٹر شراب برآمد کر کے شراب کشید کرنے والی چالو بھٹی قبضہ میں لے کر بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ کا میڈیا ٹاک میں کہنا تھا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی ہدایات پر عمل پیرا علاقہ تھانہ صدر کی حدود میں جرائم پیشہ و قانون شکن عناصر کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں میرے علاقہ میں شہریوں سے اپیل ہے کہ اپنے اردگرد نقص امن و غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کی نشان دہی کریں انشاءاللہ نام صیغہ راز میں رکھتے ہوئے فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

حکومت پنجاب کا پتنگ بازی پر مکمل پابندی کے بل کی منظوری اور اسے ناقابل ضمانت جرم قرار دینا خوش آئند ہے: آئی جی

پنجاب پولیس پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کے قانون پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائے گی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کا پتنگ بازی پر مکمل پابندی کے بل کی منظوری اور اسے ناقابل ضمانت جرم قرار دینا خوش آئند ہے۔ پنجاب پولیس پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کے قانون پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب پولیس کی لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کے تحت کاروائیاں جاری ہیں۔ آئی جی پنجاب نے آر پی اوز، ڈی پی اوز کو ہدایت دی کہ پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے۔ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں اور خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت دی کہ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ آئی جی پنجاب نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ والدین اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے دور رکھیں جبکہ اساتذہ اور سول سوسائٹی خطرناک کھیل اور کاروبار کی روک تھام میں اپنا کردار ادا کریں۔ شہری پتنگ بازی کی صورت میں 15 پر اطلاع دے کر ذمہ داری کا ثبوت دیں۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال کے 20 دن میں صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 320 ملزمان گرفتار، 311 مقدمات درج کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 17281 پتنگیں، 649 ڈور چرخیاں برآمد اور 191 مقدمات کے چالان جمع کروائے گئے جبکہ صوبائی دارالحکومت میں 142 ملزمان گرفتار، 150 مقدمات درج کیے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے 509 پتنگیں اور 115 ڈور چرخیاں بھی برآمد کرلی۔

شہریوں سے وارداتیں کرنیوالا 3 رکنی ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے ایل ڈی اے ایونیو شہریوں سے وارداتیں کرنیوالا 3 رکنی ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق ڈولفن ٹیم کو اطلاع ملی کی چوکی شیر شاہ کے علاقے ایل ڈی اے ایونیو میں مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہریوں سے وارداتیں کر رہے ہیں تعاقب کے بعد بھوبتیاں چوک کے قریب سے تینوں ڈاکو کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے پستول برآمد کرلیا۔

پنجاب پولیس سپیشل آپریشن سیل نے کامیاب کاروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کی واردات میں مطلوب اشتہاری کو بیرون ملک سے گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس سپیشل آپریشن سیل نے کامیاب کاروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کی واردات میں مطلوب اشتہاری کو بیرون ملک سے گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق، اشتہاری فرحان عرف شانی سیالکوٹ پولیس کو اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب تھا۔ ملزم فرحان نے 2024ء میں تنویر نامی شہری کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا تھا اور واردات کے بعد عمان فرار ہو گیا تھا جس کے بعد پنجاب پولیس نے مسلسل فالو اپ جاری رکھا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ رواں سال کے 20 دنوں میں چوتھا مفرور اشتہاری بیرون ملک سے گرفتار کر کے پاکستان منتقل کیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے اشتہاری کی گرفتاری پر آر پی او گوجرانوالہ و پولیس ٹیم کو شاباش دی ہے

موسم بہار کے میلوں سے چین میں پاکستانی مصنوعات کی فروخت میں اضافہ

کونمنگ (شنہوا) جہاں چینی عوام نئے چینی نئے سال کا استقبال کرنے کے لئے نئی اشیاء خریدنے کی روایت برقرار رکھے ہوئے ہیں وہیں پاکستان سے درآمد شدہ اشیاء کی مقبولیت تعطیلات کے لئے خریداری کرنے والوں میں بڑھ رہی ہے۔ رواں سال موسم بہار تہوار سے عین قبل چین کے جنوب مغربی صوبے یون نان کے شہر کونمنگ میں ایک خریداری میلہ منعقد ہوا جس میں ایشیا، افریقہ اور یورپ سے مختلف اقسام کا سامان پیش کیا گیا۔ میلے کی انتظامی ٹیم کے سربراہ لی سونگ یان کا کہنا ہے کہ اس میلے میں ایشیا، یورپ، امریکہ، آسٹریلیا اور دیگر مقامات سے نمائش کنندگان نے شرکت کی۔ میلے میں ایک ہزار 300 ادارے شریک ہوئے اور لوگ مختلف نوعیت کی کھپت کے ایک بھرپور تجربے سے لطف اندوز ہوئے۔ آصف بشیر پہلی مرتبہ کونمنگ میلے میں شریک ہوئے۔ انہوں نے سنا تھا کہ یہ شہر جنوبی ایشیا کے قریب ہے اور اس طرح کی ثقافت ہونے کی وجہ سے یہاں پاکستانی اشیاء بہت مقبول ہیں۔ ان کی توقع کے عین مطابق ہاتھ سے بنے پاکستانی کمبل اور سکارف نے پولیلین میں بہت سارے چینی گاہکوں کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ آصف بشیر کا کہنا ہے کہ چین ہمیشہ ہمیں حیرت زدہ کرتا ہے۔ گزشتہ 2 برس میں وہ اپنے ادارے کے تیار کردہ ہاتھ سے بنے ہوئے ملبوسات کو چین میں بیجنگ، شنگھائی اور چھنگ ڈاؤ جیسے شہروں کے مختلف میلوں میں لاتے رہے جس سے انہیں اپنے ملک میں ہونے والی آمدنی سے دوگنی رقم حاصل ہوئی ہے۔ چین کی نمائشی معیشت میں زبردست ترقی دیکھنے میں آئی ہے۔ بڑے چینی شہروں کی نمائشوں میں غیر ملکی نمائش کنندگان کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ اس طرح کی نمائشیں عموماً 3 سے 10 روز چلتی ہیں اور سیاحوں کو مختلف اقسام کے سامان کے ساتھ خریداری پر راغب کرتی ہیں۔ چین اور پاکستان کے درمیان قریبی تعلقات میں اضافہ ہورہا ہے اور لوگوں کے درمیان دوستی گہری ہوتی جارہی ہے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

کمشنر ساہیوال کا دیپالپور بازار میں تجاوزات کیخلاف آپریشن

شہر کو خوبصورت بنانا اور تجاوزات ختم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح، تاجر از خود تجاوزات گرا کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا دیپالپور بازار میں پختہ تجاوزات گرانے پر میونسپل کارپوریشن کے عملے کی فرض شناسی پر اظہار اطمینان، شہر سے تمام تجاوزات مرحلہ وار گرانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے، شہر کو خوبصورت بنانا اور تجاوزات ختم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح، تاجر از خود تجاوزات گرا کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں، دیپالپور بازار میں ملبہ اٹھانے کا کام بھی فی الفور شروع کیا جائے، کمشنر کی ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈائریکٹر سیف اللہ بھٹی، سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران پسپ پروگرام کے سٹی مینیجر محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے چیف آفیسر کو ہدایت کی کہ وہ تجاوزات گرانے کے لئے بنائے گئے پندرہ روزہ پلان کو شہریوں کے لئے مشتہر کریں تاکہ عوام کو اینٹی انکروچمنٹ مہم کے شیڈول سے آگاہی ہو سکے۔ چیف آفیسر شیخ اشفاق احمد نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کارپوریشن کے عملے نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے تعاون سے دیپالپور بازار سے 106 دوکانوں کی ناجائز تجاوزات گرائی ہیں جس سے شہریوں نے اطمینان کا سانس لیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آج صدر بازار، پاک پتن بازار اور شو مارکیٹ سے تجاوزات گرائی جائیں گی۔ اجلاس کے دوران کمشنر شعیب اقبال سید نے تجاوزات کے خلاف مہم میں خصوصی طور پر انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء کی فرض شناسی کو بھی سراہا۔

شیخ شیراز صندل کی نماز جنازہ سینکڑوں سوگواران میں ادا کر دی گئی

مرحوم انتہائی منکسر المزاج شفیق شخصیت تھے: فیضان ایم کپور



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید سے) ایکسپورٹ سٹی کے معروف بزنس مین شیخ شیراز اختر صندل آف لورلز انڈسٹری قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ پورہ ہیراں جنازگاہ میں ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی اور سول ڈیفنس سیالکوٹ سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عمائدین نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ مرحوم شیراز اختر صندل ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ شیخ شبلی شیراز صندل کے والد، سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ شیخ طاہر مجید کپور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کے سمدھی تھے۔ اس موقع پر اپنے تعزیتی پیغام میں لائن طاہر مجید کپور و فیضان ایم کپور پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب نے کہا کہ مرحوم شیخ شیراز اختر صندل مرحوم انتہائی منکسر المزاج انسان دوست شخصیت تھے جن کی وفات پر کپور فیملی گہرے صدمہ میں ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انکی اخروی منازل آسان فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

فیروزوالہ بار الیکشن میں ریڈ پینل کے امیدواروں کی کامیابی پر سٹی پریس کلب کے لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ کی مبارکباد

نو منتخب عہدیداران وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کریں گے اور فیروزوالہ بار کو مثالی بنائیں گے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) فیروزوالہ بار الیکشن میں ریڈ پینل کے امیدواروں کی کامیابی پر سٹی پریس کلب کے لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ اور عثمان مان ایڈووکیٹ کو پھولوں کے ہار پہنا کر مبارکباد دی گئی چیئرمین سٹی پریس کلب شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل صدر میاں محمد معظم نواز نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب نے پریس کلب میں مرزا عبدالباسط اور عثمان مان کو پھولوں کے ہار پہنا کر ریڈ پینل کے امیدواروں کاشف ڈھڈر ایڈووکیٹ کو صدر کاشف جٹھول ایڈووکیٹ کو جوائنٹ سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے فیروزوالہ بار کے نو منتخب عہدیداران وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کریں گے اور فیروزوالہ بار کو مثالی بنائیں گے۔

گیمبر قادرآباد اور اس کے گردو نواح میں قبضہ مافیہ بے لگام

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر قادر اباد اور اس کے گردو نواح میں قبضہ مافیہ بے لگام اور ناجائز تجاوزات کی پرمار ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں با اثر قبضہ مافیا کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف کاروائیاں بس فوٹو سیشن تک محدود گیمبر قادرآباد یوسف والا اور اس کے گردونواح میں قبضہ مافیہ کا راج ضلعی انتظامیہ با اثر قبضہ مافیا کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں جس کی وجہ سے شہریوں میں شدید تشویش کی لہر گیمبر قادرآباد کی عوام کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادرآباد اور اس کے گردونواح میں بے لگام قبضہ مافیہ کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کرے اور قبضہ مافیا کو کیفر کردار تک پہنچائیں

تکمیل بخاری شریف، دستار بندی کی تقریب میں شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی سمیت دیگر جید علماء کرام کی شرکت

منچن آباد (تحصیل رپورٹر) چوہدری محمد چوہدری محمد مقصود تحصیل رپورٹر منچن آباد ضلع بہاولنگر سے تعلق رکھنے والے طلباء کرام کی جامعہ اشرفیہ میں تکمیل بخاری شریف، دستار بندی کی گئی تقریب میں شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی سمیت دیگر جید علماء کرام کی شرکت، تفصیلات کے مطابق منچن آباد سے تعلق رکھنے والے مولانا محمد عرفان، مولانا ساجد علی، مولانا عابد علی، مولانا یوسف، مولانا ابوبکر صدیق کے 8 سالہ درس نظامی کورس کے مکمل کرنے پر، جامعہ اشرفیہ میں تکمیل بخاری شریف تقریب منعقد ہوئی، وفاق المدارس کے سربراہ مولانا مفتی تقی عثمانی، جنرل سیکرٹری قاری حنیف جالندھری، مولانا فضل الرحمن شرفی سمیت جید علماء کرام نے شرکت کی اس تقریب میں، چپن آباد سے 5 طلباء 700 فضلاء کرام کی دستار بندی کی گئی جامعہ کے نائب مہتمم مولانا زبیر الحسن کی نگرانی پروگرام منعقد کیا گیا پروگرام حسن انتظام میں اپنی مثال تھا

ڈی ایس پی سٹی مبشر کی زیر قیادت ٹریفک پولیس کا کشمیر روڈ پر اپریشن

نو پارکنگ زون میں سے گاڑیاں 2 لفٹر کی مدد سے اٹھوا کر چالان کر دیئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈی ایس پی ٹریفک سٹی سیالکوٹ مبشر کی زیر نگرانی انسپکٹر ٹریفک پولیس محمد زمان و عملہ ٹریفک پولیس کالاری اڈہ چوک سے کشمیر روڈ کی اطراف میں نو پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں کو لفٹرز کی مدد سے اٹھوا کر چالان پولیس لائن میں بھجوا دیئے۔ ڈی ایس پی ٹریفک پولیس مبشر کا روزنامہ قوت سے خصوصی گفتگو میں کہنا تھا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کے احکامات کے عین مطابق سیالکوٹ میں ٹریفک جام کے مسائل حل کرنے کیلئے بطور ٹریفک ریگولیٹر اتھارٹی سیالکوٹ ٹریفک پولیس جامع پلان کے تحت مستعدی کیساتھ شہر کے داخلی خارجی اور وسطی روڈز پر ٹریفک کی روانی پیک آورز و روٹین میں برقرار رکھنے کیلئے نو پارکنگ زونز پر نگاہ رکھے ہوئے ہے اور ٹریفک پولیس کا عملہ اس ضمن میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا صبح سویرے شہر کا دورہ

بازاروں میں صفائی کی صورتحال اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن پر عملدرآمد کا جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا صبح سویرے شہر کا دورہ، مختلف علاقوں بازاروں میں صفائی کی صورتحال اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن پر عملدرآمد کا جائزہ لیا، ایڈمنسٹریٹر طلحہ سعید، سی او ایم سی مظفر بیگ و دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے رضاکارانہ طور تجاوزات کو ختم کرنے کی ہدایت کی، انہوں نے اپنی نگرانی میں تجاوزات کو ختم کروایا، مسلسل وائلیشن کرنے والے دکانداروں کو جرمانے اور 2 دکانوں کو سیل کرنے کے احکامات جاری کیے، ڈپٹی کمشنر نے تمام علاقوں میں صفائی آپریشن کو بھی تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں، اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف بلا تفریق آپریشن جاری ہے اور بازاروں گلیوں سے عارضی و پختہ تجاوزات کو ختم کیا جا رہا ہے، ڈپٹی کمشنر نے مختلف پارکس کا بھی دورہ کیا، ڈپٹی کمشنر نے سیٹلائٹ ٹاؤن جینٹس و لیڈیز پارک، لاہوری گیٹ پارک کا وزٹ کیا، پارکوں کی بہتری و بحالی کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا، سی او ایم سی کو لاہوری گیٹ پارک سمیت دیگر پارکوں میں شہریوں کے لیے سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات جاری کیں، پارکوں میں شہریوں کے لیے پینے کے پانی، گھاس و پودے لگانے، بیٹھنے کے انتظامات و لائٹس کی فوری بحالی کے احکامات جاری کیے

ضلع سیالکوٹ میں محکمہ صحت شہریوں کی عملی خدمت کر رہا ہے۔ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری

اسپتال و مراکز صحت پر شہریوں کیلئے بہترین طبی سہولیات مفت ہیں۔ CEO ہیلتھ سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہیلتھ پالیسی و واضح ہدایات پر عمل پیرا ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر قیادت ضلع کے سب سے بڑے گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال سیالکوٹ و ٹی ایچ کیو ڈسکہ، سمبڑیال، پسرور سمیت ضلع سیالکوٹ بھر کے تمام بنیادی مراکز صحت پر شہریوں کو بھرپور طبی سہولیات بہم پہنچا رہے ہیں۔ تمام سرکاری اسپتالوں و بی ایچ یو میں مریضوں کا مفت علاج معالجہ کیا جاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ سرجن ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری سابقہ ای ڈی او ہیلتھ نارووال نے سنئیر میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کے شعبہ ہیلتھ کیلئے بہترین عملی اقدامات کی بدولت گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کی ری ویمپنگ کے بعد اب گورنمنٹ سردار بیگم ہسپتال کی ری ویمپنگ جاری ہے جس کے بعد گائنی و سرجری سمیت تمام طبی سہولیات کی فراہمی و سینٹری خدمات مزید بہتر ہو جائینگی۔ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات پر کوشش ہے کہ شہر اقبال سیالکوٹ کے باسیوں کو پرائیویٹ ہسپتالوں کی مکمل سہولیات سرکاری اسپتالوں میں فراہم کی جائیں۔

انجمن طلباء اسلام پاکستان کی واحد نمائندہ جماعت ہے: پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف

وزیرآباد (نامہ نگار) انجمن طلباء اسلام پاکستان کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو معاشرے نوجوانوں کی امیدوں کا مرکز ہے طلباء کو مضبوط ارادوں کے ساتھ ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے ہوگی جو نظام مصطفیٰ کے بغیر ناممکن ہے طلباء کو عشق مصطفیٰ کی سیرت مبارکہ سے مزین ہو کر ملک میں نظام مصطفیٰ کی راہ ہموار کرنا ہوگی، انجمن طلباء اسلام طلباء کی حقیقی وارث ہے، انجمن طلباء اسلام کے تنظیمی تربیت یافتہ پڑھے لکھے نوجوان آج ملک مختلف شعبوں سے منسلک ہو کر ملک و قوم کی خدمت کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سابق جنرل سیکرٹری انجمن طلباء اسلام پنجاب پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف ہزاروی، پرنسپل گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان پوسٹ گریجوایٹ کالج وزیرآباد سید ارشد حسین بخاری اور سابق چیئرمین انجمن طلباء اسلام کالجز کونسل پاکستان مہر عرفان رفیع نے انجمن طلباء اسلام کے 57 ویں یوم تاسیس کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔

ہوشربا مہنگائی و بدانتظامی حکومت ناکام ہو چکی ہے: امتیاز علی وریاہ

لفظی جمع تفریق کیساتھ حقائق نہیں بدلے جا سکتے: معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین



دلفریب اشتہارات و لفاظی کیساتھ غریب کا چولہا نہیں جلتا۔ عام آدمی مہنگائی کے ہاتھوں پریشانی کا شکار ہے بچوں کے سکولوں کی بھاری بھرکم فیسیں ہوں یا بجلی گیس پیٹرول ہر طرف مہنگائی کیوجہ سے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ترین ہو چکا عام عوام بھوک کے ہاتھوں پریشان اور اشرافیہ و سرکاری افیسران مفت کا تیل مفت رہائشیں، مفت بجلی گیس و مراعات انجوائے کر رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین و سماجی رہنما چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مہنگائی عروج پر گوشت بڑا ہو چھوٹا یا پھر مرغی کا گوشت ہو یا دالیں یا انڈے ہر شئے عام پاکستانی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔ گوجرانوالہ میں حالیہ افسوسناک واقعہ کے دوران بجلی کا 30 ہزار کا بل ادا نہ کر سکنے پر بھائی نے اپنے ہی سگے بھائی کو چھریوں کے وار کر کے قتل کر دیا۔

ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ کے انتخابات

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ کے انتخابات، سرور انجم مغل چیئرمین، ظفر اقبال چوہدری صدر، عمران زاہد کھوکھر جنرل سیکرٹری اور اعجاز طاہر قادری سرپرست اعلیٰ منتخب، الیکشن کمیٹی نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا تفصیلات کے مطابق ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ کے انتخابات 2025 میں سرپرست اعلیٰ اعجاز طاہر قادری (رنیالہ خورد)، سرپرست قاسم علی (دیپالپور)، چیئرمین سرور انجم مغل (گوگیرہ)، سینئر وائس چیئرمین سجاد احمد بھٹی (رنیالہ خورد)، وائس چیئرمین رائے رضوان اقبال (چوچک)، وائس چیئرمین وقاص احمد (حویلی لکھا)، صدر ظفر اقبال چوہدری (حجرہ شاہ مقیم) اور سیکرٹری سوشل میڈیا علی رضا گوشی (ستگھرہ) منتخب ہوئے۔ الیکشن 7 رکنی کمیٹی نے کروائے۔

ضلع شیخوپورہ کی اساتذہ تنظیمیں لیوانکیشمنٹ

سکولز کی پرائیویٹ این جی اوز کے خلاف

پنجاب اسمبلی کے باہر احتجاج کی کال

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع شیخوپورہ کی اساتذہ تنظیمیں لیوانکیشمنٹ، سکولز کی پرائیویٹ این جی اوز کو حوالگی اور نام نہاد پنشن اصلاحات کے خلاف دی گئی کال کے تحت آج پنجاب اسمبلی کے باہر احتجاج کریں گی جس کیلئے سرکاری سکولز کے اساتذہ کی بڑی تعداد قافلوں کی صورت میں روانہ ہوگی جو دیگر اضلاع سے آئے اساتذہ کے ہمراہ احتجاجی دھرنا دیں گے اساتذہ تنظیموں نے 22 جنوری کے احتجاج کی کال ایک ہفتہ قبل دی تھی جس سے آگاہی کے باوجود ہڑتال کی کال ختم کروانے کیلئے حکومت کی طرف سے اساتذہ تنظیموں کے عہدیداروں سے سودمند مذاکرات نہیں کیے گئے۔

چوہدری محمد انور ایڈووکیٹ آف گل بہار کی وفات پر اظہار افسوس

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو سیالکوٹ عامر جاوید) جماعت اسلامی ضلع سیالکوٹ کے امیر چوہدری امتیاز احمد بریار، نائب امیر ضلع سیالکوٹ سرجن ڈاکٹر طاہر بٹ آف چلڈرن ہسپتال امیر زون 44 حافظ محمد اکرم اعوان اور قیم ضلع شیخ عتیق الرحمن نے سابق طالب علم رہنما ممتاز وکیل سیاست دان جماعت اسلامی چوہدری محمد انور ایڈووکیٹ آف گل بہار کی وفات اور معروف آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر شاہد دیال والدہ محترمہ کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے مرحومین کی مغفرت اور بلندی درجات اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

ضلعی انتظامیہ کا اندرون شہر میں

تجاوزات کے خلاف میگا آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ستھرا پنجاب وژن۔ ضلعی انتظامیہ کا اندرون شہر میں تجاوزات کے خلاف میگا آپریشن۔ بھاری مشینری کے ساتھ ریل بازار، گڑ بازار سے تجاوزات کا صفایا۔ اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں انکروچمنٹ ٹیموں نے تعمیرات مسمار، سامان قبضے میں لے لیا۔ دکانوں اور لنڈا بازار سمیت پلازوں تھڑے، کیبن اور بل بورڈز بھی کرین سے گرائے گئے۔ شاہراؤں اور فٹ پاتھوں پر پارکنگ اسٹینڈ اور سٹالز بھی مسمار کر کے بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے تجاوزات اور قابضین کے خلاف بلا امتیاز آپریشن کا ٹاسک دیا ہے۔ اوکاڑہ شہر کے چپے چپے کو تجاوزات سے پاک کرنے تک میگا آپریشن جاری رہے گا۔ اوکاڑہ تاجر برادری تجاوزات کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ سے تعاون کرے۔ اوکاڑہ قبضے میں لیا گیا سامان کسی صورت واپس نہیں کیا جائے گا۔

مین ہول راہگیروں اور سکول میں

جانیوالے طلبہ کو موت کی دعوت دینے لگا

حافظ آباد (رانا طارق محمود) گورنمنٹ ایم سی برانچ نمبر 1 حافظ آباد کے سامنے شاہراہ عام پر کھلا مین ہول راہگیروں اور سکول میں جانیوالے طلبہ کو موت کی دعوت دینے لگا۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل بجلی محلہ میں جامع مسجد المجددیہ کے قریب اور گورنمنٹ ایم سی برانچ نمبر 1 کے سامنے مین سوریج لائن کو کھولنے کے مین ہول کی کھدائی کی گئی جس کے بعد ایک ہفتہ گزرنے کو ہے لیکن اس مین ہول کی تاحال مرمت نہ کی گئی ہے جس کی وجہ سے ان کھلے مین ہول کے باعث نہ صرف موٹر سائیکل سوار گر کر زخمی ہو رہے ہیں بلکہ سکول میں آتے جاتے معصوم بچوں کے سر پر بھی خطرات منڈلانے لگے ہیں۔

تحصیل چوآسیدن شاہ کا کھیلوں کے میدان میں ایک اور بڑا اعزاز

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) تحصیل چوآسیدن شاہ کا کھیلوں کے میدان میں ایک اور بڑا اعزاز قصبہ ڈنڈوت سے تعلق رکھنے والے محمد حبیب مشتاق انڈر 17 قومی کرکٹ ٹیم میں بطور فاسٹ باؤلر منتخب ہو گئے تفصیلات کے مطابق کرکٹ سے جنون کی حد تک لگاؤ رکھنے والے گھرانے کے چشم و چراغ ابھرتے ہوئے نوجوان کھلاڑی محمد حبیب مشتاق جو سیدھے ہاتھ سے فاسٹ باؤلنگ کرتے ہیں راولپنڈی ٹرائل میں کامیابی حاصل کر کے انڈر 17 قومی کرکٹ ٹیم میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو چکے ہیں جس کے بعد قوی امکان ہے کہ انڈر 17 کرکٹ ٹیم کے قومی اور بین الاقوامی سطح پر منعقدہ کرکٹ مقابلوں میں وہ بھرپور ایکشن میں دکھائی دینگے

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے سیالکوٹ کا دورہ کیا

تمام کاؤنٹرز مقررہ وقت میں بزنس این او سی کا اجراء یقینی بنائیں، کاؤنٹرز پر تعینات عملہ اپنے سروس کارڈ نمایاں طور پر آویزاں کریں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے سیالکوٹ کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ بزنس فیسلیٹیشن سنٹر، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر، میٹریل ٹیسٹنگ لیب کی زیر تعمیر عمارت اور سول انفورسمنٹ سنٹرز کے عارضی طور پر قیام کے لیے مجوزہ جگہ کا معائنہ کیا، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین، اے ڈی سی ریونیو محمد اقبال و دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کے سٹاف سے انکی کارکردگی بارے دریافت کیا اور کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب صوبہ میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کا مقصد بزنس کمیونٹی کو ایک چھت تلے بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام کاؤنٹرز مقررہ وقت میں بزنس این او سی کا اجراء یقینی بنائیں، کاؤنٹرز پر تعینات عملہ اپنے سروس کارڈ نمایاں طور پر آویزاں کریں۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر میں آنیوالے شہریوں سے گفتگو کی اور ان سے سنٹر سٹاف و افسران کے رویہ بارے دریافت کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بی آئی ایس پی سٹاف شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ بعد ازاں کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے سول انفورسمنٹ سنٹرز کے عارضی طور پر قیام کے لیے مجوزہ جگہ کا معائنہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ہر تحصیل میں سول انفورسمنٹ سنٹرز کا قیام جلد عمل میں لایا جائے گا، سنٹر کا بنیادی مقصد پرائس کنٹرول، تجاوزات کا خاتمہ ہوگا ابتدائی طور پر یہ مراکز دستیاب سرکاری عمارات یا کرایے کی عمارت میں قائم ہوگا بعد ازاں اسکی عمارت تعمیر کر کے وہاں شفٹ کر دیا جائے گا۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ سمبڑیال میں گوجرانوالہ ڈویژن کی مصنوعات کی ٹیسٹنگ کے لیے عرصہ دراز سے پراجیکٹ زیر التوا ہے

وزیر پنجاب کی ہدایت پر تحصیل بھر میں انکروچمنٹ کیخلاف گرینڈ آپریشن

وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے صوبہ بھر میں قبضہ مافیا سے بازاروں اور گلی محلوں کو خالی کروانا اور انکروچمنٹ کا فیصلہ بہترین عمل ہے

عارف والا (تحصیل کرائم رپورٹر امیر احمد خان سے) صدا کا قحط پڑے گا تو ہم ہی بولیں گے انکروچمنٹ کا خاتمہ خوش آئند بات ہے مگر مزدور طبقہ اور محنت کشوں کو اس کے متبادل کاروبار کرنے کے لیے انکروچمنٹ کا فیصلہ بہترین عمل ہے مگر اس کے متبادل بازاروں میں چھوٹے کاروباری طبقے ریڑھی بانوں۔ پھڑی داران۔ اور سٹال لگانے والے مزدور اور دیہاڑی دار طبقہ کو روزگاری اور فاقہ کشی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے جس سے صوبہ بھر میں غربت افلاس میں اضافہ ہوگا عوامی حلقوں کی رائے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے صوبہ بھر کے تمام اضلاع اور تحصیلوں میں انکروچمنٹ کے ساتھ ساتھ ریڑھی بانوں پھڑی داران۔ اور بازاروں میں کاروبار کرنے والے چھوٹے طبقہ کے لیے ہر شہر میں متبادل جگہ کے طور پہ ماڈل بازار قائم کیے جانے چاہئیں جہاں پہ مزدور طبقہ اپنے ٹھیلے اور پھڑیاں لگا کر اپنے بچوں کا روزگار کما سکیں عوامی حلقوں کی رائے تمام بازاروں میں دوکانوں کے آگے حکومت کی طرف سے زیرو لائن پہ پانچ فٹ کا فٹ پاتھ بنا دیا جائے تاکہ دوکان دار فٹ پاتھ سے آگے نہ بڑھ سکیں اور فٹ پاتھ کو پیدل چلنے والوں کے لیے کھلا چھوڑ دیا جائے جس سے انکروچمنٹ کا خاتمہ کرنے میں مدد ملے گی عوامی حلقوں کی رائے مزدور اور غریب طبقہ کو متبادل جگہ فراہم نہ کیے جانا وزارت اعلیٰ کے عہدہ کی توہین ہے پنجاب بھر میں لاکھوں مزدور بے روزگار ہونے سے غربت کے باعث جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا انکروچمنٹ کی آڑ میں پنجاب بھر کے مزدور اور محنت کش طبقہ کے لاکھوں خاندانوں کو بیروزگاری اور غربت کی بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے بازاروں اور شاہراہوں سے جگہ فراہم کی جائے سیاسی اور سماجی اور مذہبی حلقوں کا مطالبہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے صوبہ بھر میں قبضہ مافیا سے بازاروں اور گلی محلوں کو خالی کروانا اور

خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد میں کاتب وحی سیمینار کا انعقاد

انوارِ ختم نبوت ٹرسٹ پاک
E-KHATAM-E-NOBUWWAT TRUST PAK.

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خانقاہ سید نفیس الحسینیہ المکیہ نصرت آباد میں کاتب وحی سیمینار کا انعقاد حضرت سیدنا علی المرتضیٰ و امیر معاویہ محسن اسلام اور اتباع رسول کا کامل نمونہ تھے، آپ کی خدمات تاریخ اسلام کا روشن باب ہے، خلفائے راشدین کے ایام کو ان کی شایان شان سرکاری سطح پر منائے، خلفائے راشدین کا دور خلافت تاریخ میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے جس کو اپنا کر حکمران آج بھی اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر سکتے ہیں، سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان مولانا قاری محمد رفیق نفیسی صاحبزادہ مولانا مفتی عتیق الرحمن نفیسی نے کہا کہ داماد رسول ﷺ سیدنا علی ؓ کا عہد خلافت تاریخ اسلام میں درخشندہ باب کی حیثیت رکھتا ہے آپ کی پاکیزہ زندگی امت مسلمہ کیلئے مینار نور سیرت اصحاب رسول پر عمل پیرا ہو کر ہی امت مسلمہ اسلام دشمن فتنوں کی سرکوبی کر کے کامیابیاں حاصل کر سکتی ہے، ملک میں احتساب کا نظام خلافت راشدہ کے نظام کے نفاذ سے ہی ممکن ہے، آپ کا عہد خلافت حکمرانوں کے لئے مشعل راہ آپکی سیرت امت مسلمہ کے لئے عملی نمونہ ہے امت پر سیدنا حیدر کرار اور امیر معاویہ کے احسانات کا بدلہ نہیں چکا سکتی۔ مولانا محمد بدر عالم نے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور خلفائے راشدین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر مسلمان پوری دنیا پر غالب آ سکتے ہیں،، مولانا محمد فیصل صادق نے کہا کہ حضرت امیر معاویہ ؓ کی زندگی حضور ﷺ سے محبت سے سرشار تھی ان کی والہانہ محبت کی کوئی مثال نہیں پر عمل کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ سیدنا امیر معاویہ ؓ کی سیرت کو سامنے رکھتے ہوئے تمام اسلام دشمن فتنوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے اور سیرت صدیقی ؓ پر صحیح معنوں میں عمل کیا جائے تمام مکاتب فکر کے سرکردہ علماء کرام اور اہل اسلام اس عظیم و مقدس مشن تحفظ ختم نبوت کیلئے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر مشترکہ جدوجہد کا آغاز کریں جو کہ وقت کا اہم تقاضا ہے،

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں، شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ازالہ کے لیے موقع پر احکامات جاری وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان نے شہریوں کی شکایات و مسائل کے بروقت حل کے نور مسجد علاقہ تھانہ سٹی ساہیوال اور علاقہ تھانہ سول لائن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایت و مسائل سے ڈی پی او ساہیوال کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے میرے دفتر کے دروازے بھی عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں شہری پولیس سے متعلقہ شکایات و مسائل کے لیے بلا جھجک رابطہ کر سکتے ہیں

تھانہ چھانگا مانگا کے ایس ایچ او

عامر نور کی بڑی کاروائی

چھانگا مانگا (میاں شفیق سے) تھانہ چھانگا مانگا کے ایس ایچ او عامر نور کی بڑی کاروائی جاوید عرف بیٹو گینگ کے 3 ارکان گرفتار لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکل، موبائل فونز اور اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور کی ہدایت اور ڈی ایس پی چونیاں کے حکم پر تھانہ چھانگا مانگا کے SHO محمد عامر نور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے جاوید عرف بیٹو گینگ کے سرغنہ سمیت تین کارندوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے انکے قبضہ سے لاکھوں روپے لوٹی گئی نقدی رقم، موبائل فونز، موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا ملزمان موٹر سائیکل پر سوار ہو کر چھانگا مانگا اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی کی وارداتیں سر انجام دیتے تھے ملزمان نے دوران تفتیش راہزنی کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق انصاف کی فراہمی کو شہریوں کی دہلیز پر یقینی بنانے کا سفر تیزی سے جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق انصاف کی فراہمی کو شہریوں کی دہلیز پر یقینی بنانے کا سفر تیزی سے جاری۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کا تھانہ صدر ننکانہ کے نواحی گاؤں مارٹن پور اور پولیس پوسٹ کنسٹیبل شہباز شہید میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے گاؤں مارٹن پور میں مسیحی برادری اور اہل علاقہ کے مسائل اور شکایات سنیں اور اسکے بعد پولیس پوسٹ کنسٹیبل شہباز شہید میں شہریوں کی درخواستیں اور مسائل سنے اور موقع پر ہی حل کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ شہریوں کی درخواستیں اور شکایات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائیگا۔ شہریوں سے ملنے والی معلومات پولیس کارکردگی بہتر بنانے کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اہلیان ننکانہ جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی میں پولیس کیساتھ مشترکہ تعاون یقینی بنائیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات کے عین مطابق شہریوں کے مسائل کے حل اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا میری اولین ترجیح ہے۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ صدر ننکانہ تصور منیر، PSO ٹو ڈی پی او رحمت بٹ، انچارج ڈسٹرکٹ کمپلینٹ سیل غلام حسین و دیگر بھی موجود تھے۔

ڈی پی او نارووال نوید ملک کی بڑا پنڈ جرپال میں

کھلی کچہری عوام کے ساتھ مذاق اور رسمی کاروائی

ظفروال (زاہد چوہدری سے) ڈی پی او نارووال نوید ملک کی بڑا پنڈ جرپال میں کھلی کچہری عوامی خدمت کے بجائے محض رسمی کارروائی ثابت ہوئی۔ عوام کو کچہری کی اطلاع صرف ایک گھنٹہ پہلے دی گئی، جس کے باعث اکثر لوگ شرکت نہ کر سکے۔ جو چند افراد پہنچے، انہیں بھی سخت مایوسی ہوئی کیونکہ ڈی پی او نوید ملک صرف پانچ منٹ میں روانہ ہو گئے۔ یہ رویہ عوام کے مسائل کو نظرانداز کرنے اور ان کے ساتھ مذاق کے مترادف ہے۔ ایسے اقدامات عوام کا اعتماد ختم کرنے اور انتظامیہ کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کا باعث بنتے ہیں۔ آئی جی پنجاب اور چیئرمین پبلک اکاؤنٹ کمیٹی احمد اقبال کو اس رویے کا نوٹس لینا چاہیے اور افسران کو ان کی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کرانی چاہیے۔ عوامی خدمت خلوص اور سنجیدگی کے بغیر ممکن نہیں۔ بہتر حکمت عملی اور سنجیدگی ہی عوام کے مسائل کے حقیقی حل کی ضامن ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کا شرقپور شریف کے مختلف علاقوں کا اچانک دورہ

شرقپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کا شرقپور شریف کے مختلف علاقوں کا اچانک دورہ، ایل ڈبلیو ایم سی کے عملہ کی حاضری، کارکردگی اور صفائی ستھرائی کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے صفائی کے عمل میں مزید بہتری اور تیزی لانے کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کی انکا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام ضلع بھر میں کامیابی سے جاری ہے جس کے تحت عوام کو اچھا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے جس کے لئے اسسٹنٹ کمشنر میڈم انعم اکرم چیف آفیسر جاوید چوہان سمیت دیگر تحصیل افسران شہر اور دیہاتوں کو صاف ستھرا اور دلکش بنانے کے لیے فیلڈ میں مکمل متحرک نظر آ رہے ہیں دوسری جانب عوام کو مزید بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی اور تجاوزات کے خاتمے کیلئے عملہ متحرک ہے، شہری سڑکوں اور گلی محلوں کی صفائی یقینی بنانے کیلئے عملہ کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور میونسپل کمیٹی کا عملہ سیوریج لائنوں، واٹر ڈسپوزلز کی صفائی اور گٹروں کو ڈھکن لگانے کا کام باقاعدگی سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کا اچانک دورہ

نارنگ منڈی ایل پی جی ری فلنگ سمیت غیر قانونی

کاروبار کرنے والے دوکانیں بند کر کے بھاگ گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کا اچانک دورہ نارنگ منڈی ایل پی جی ری فلنگ سمیت غیر قانونی کاروبار کرنے والے دوکانیں بند کر کے بھاگ گئے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز شیخوپورہ عظمیٰ ادریس کے ہمراہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار ویمن کا دورہ کیا سٹاف اور عملہ کی کمی کو جلد پورا کرنے کی یقین دہانی بعد ازاں دیہی مرکز صحت نارنگ میں سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر طارق سیف کے ہمراہ ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا

تحصیل بار ایسوسی ایشن کوٹ رادھا کشن کے سینئیر اور پروفیشنل ایڈووکیٹ اشرف علی بھٹی قضائے الٰہی سے وفات پا گئے

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) تحصیل بار ایسوسی ایشن کوٹ رادھا کشن کے سینئیر اور پروفیشنل ایڈووکیٹ اشرف علی بھٹی قضائے الٰہی سے وفات پا گئے جن کا نماز جنازہ آبائی گاؤں ادا کیا گیا۔ بار کے وکلا کا کہنا ہے کہ اشرف علی بھٹی ایڈووکیٹ مرحوم کی کوٹ رادھا کشن کی بار کو ڈویلپ کرنے میں انکا ایک قلیدی کردار ہے۔ انکی خدمات بار اور بینچ میں قابل ذکر ہیں۔ وکلاء کا اشرف علی بھٹی ایڈووکیٹ مرحوم کے لیے بار ایسوسی ایشن کوٹ رادھا کشن میں دعا مغفرت ادا کی گئی جس میں صدر بار چوہدری عبد الرحمن ایڈووکیٹ، نائب صدر سردار فیصل ڈوگر ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری میاں شاہد اقبال ایڈووکیٹ اور دیگر سینئیر اور جونئیر وکلاء بھی شامل تھے۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال وزیرآباد میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر بیس کروڑ روپے مالیت کی سی ٹی سکین مشین انسٹال کر دی گئی

وزیرآباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال وزیرآباد میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر بیس کروڑ روپے مالیت کی سی ٹی سکین مشین انسٹال کر دی گئی جس سے ایمرجنسی میں آنیوالے مریض مفت استفادہ حاصل کر سکیں گے۔ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں سی ٹی سکین مشین کی انسٹال منٹ پر سیاسی و سماجی شخصیات پیر راجہ محمد اعجاز اللہ خان، ناصر محمود اللہ والے، سابق چیئرمین بلدیہ بابو شعیب ادریس، محمد اکبر بٹ، محمد الیاس مہر، ڈاکٹر رضا سلطان، محمد احسان اور شہریوں نے اس سلسلہ میں کی گئی کاوشوں پر ایم ایس ڈاکٹر سعدیہ پرویز میر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو ہسپتال میں سی ٹی سکین مشین سہولت کی دستیابی حکومت پنجاب کا احسن اقدام ہے

سابق چیئرمین بلدیہ حافظ آباد حاجی شیخ امان اللہ مرحوم کے بڑے بیٹے شیخ محمد افضل انتقال کر گئے

حافظ آباد (رانا آصف) سابق چیئرمین بلدیہ حافظ آباد حاجی شیخ امان اللہ مرحوم کے بڑے بیٹے شیخ محمد افضل انتقال کر گئے۔ مرحوم مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد امجد، شیخ محمد اجمل، شیخ محمد ارشد کے بڑے بھائی اور شیخ خرم افضل کے والد تھے۔ مرحوم چند ماہ سے علیل تھے۔ مرحوم کو لاہور کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر دعائیہ تقریب کا اہتمام

سیالکوٹ (بیورو چیف) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر دعائیہ تقریب کا اہتمام ہوا جس میں مدارس کے سربراہان اور علماء کرام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ کسی بھی کام کی شروعات اللہ کے بابرکت نام سے ہونی چاہیے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے احکامات کی بجا آوری کی جائے ہر مومن پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے کاموں کو شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نام سے آغاز کرے تو برکات اور فضائل کا نزول جاری و ساری رہے گا تقریب کے دوران گفتگو کرتے ہوئے علماء کرام نے کہا کہ محمد خالد وسیم، سجاول علی وسیم، اسامہ وسیم، حسن وسیم اور وسیم فیملی کے لیے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو ہمیشہ اپنی پناہ میں رکھے اور وہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرتے جائیں اس موقع پر انہوں نے خصوصی طور پر سجاول علی وسیم کی شادی کے انتظامات کے حوالے سے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمام انتظامات میں اپنی برکات کا نزول جاری رکھے اور تمام انتظامات میں کسی قسم کی کوئی بھی کمی نہ آنے پائے علماء نے دعا کرتے ہوئے کہا کہ یہ خوش آئند عمل ہے کہ وسیم فیملی کے سربراہان ہمیشہ اپنی اپنے کاموں کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی عبادت سے شروع کرتے ہیں جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنی رحمت کے دروازے کھولے رکھتا ہے اس موقع پر معروف نعت خوانان نے اپنے مخصوص انداز میں نعتیہ کلام پیش کیا

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

غزہ جنگ بندی معاہدے پر عملدرآمد شروع

حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی معاہدے پر چار گھنٹے کی تاخیر سے عملدرآمد شروع ہو چکا ہے اسرائیل نے وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج غزہ کے مختلف حصوں میں تعینات رہے گی فورسز کے قریب جانا خطرے کا باعث بن سکتا ہے۔ اسرائیلی فورسز نے رفح کراسنگ فیلا ڈیلفی کوریڈور اور غزہ کوسٹ لائن پر سفر کرنے سے گریز کی ہدایت کی ہے۔ معاہدے کے تحت اسرائیل پہلے مرحلے میں 33 اسرائیلیوں کے بدلے 1899 سے زائد فلسطینیوں کو رہا کریگا۔ ورلڈ فوڈ پروگرام کے مطابق ابو سالم کراسنگ سے جنوب میں امدادی ٹرک داخل ہو گئے جن میں تیار کھانوں کے پارسل اور ادویات وغیرہ شامل ہیں۔ حماس نے کہا ہے کہ جنگ بندی معاہدے پر مکمل عملدرآمد کیا جائیگا۔ اسرائیلی فوج نے رفح سٹی سے نکلنا شروع کر دیا ہے فلسطینی مزاحمت کاروں نے غزہ کی سڑکوں پر گشت کیا جہاں شہریوں نے ان کا والہانہ استقبال کیا اور وکٹری کا نشان بنایا۔ لٹے پٹے فلسطینی اپنے تباہ حال گھروں کو واپس جانے لگے جو ملبے کے ڈھیروں کو دوبارہ مسکن بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ جنگ بندی کے دوسرے مرحلے میں مصر سے ملحقہ رفح کراسنگ کھولی جائیگی تیسرے مرحلے میں غزہ میں تعمیر نو کے معاملات طے کئے جائیں گے۔ کیتھولک عیسائیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس نے جنگ بندی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ تمام فریقین جنگ بندی معاہدے کا احترام کرینگے جبکہ سابق امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ غزہ میں بندوقیں خاموش ہوگئیں ہونے والی جنگ بندی اس معاہدے کا حصہ ہے جو میں نے مئی میں تجویز کیا تھا۔ اب ٹرمپ انتظامیہ پر منحصر ہے کہ وہ کیسے سیز فائر معاہدے پر عملدرآمد جاری رکھتی ہے۔ غزہ پر 15 ماہ سے مسلط اسرائیلی جنگ میں بچوں اور خواتین سمیت 47 ہزار 899 فلسطینی شہید ہوئے جبکہ ایک لاکھ دس ہزار سے زائد زخمی اور ہزاروں لاپتہ ہوئے۔ اس جنگ کیخلاف اقوام متحدہ اور اسکی سلامتی کونسل سمیت عالمی سطح کے کئی فورمز پر قراردادیں منظور کی گئیں عالمی قیادتوں کی طرف سے مذمتی بیانات آئے جبکہ دنیا بھر میں شدید مظاہرے اور ریلیاں بھی نکالی گئیں۔ حتیٰ کہ اسرائیل کے اندر سے بھی آوازیں اٹھنے لگیں جنگی جرائم پر عالمی عدالت انصاف نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے وارنٹ گرفتاری جاری کئے مگر امریکہ و برطانیہ کی سرپرستی کے زعم میں اسرائیل کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا اور غزہ کی اینٹ سے اینٹ بجانے اور فلسطینی عوام کے قتل عام میں اس نے کوئی کسر نہ چھوڑی۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ فلسطینی ریاست کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی منظور شدہ قراردادوں پر عملدرآمد سے ہی ممکن ہے جس پر اسرائیل کسی صورت آمادہ نہیں ہوتا عالمی قیادتوں نے امن بحالی کیلئے دو ریاستی حل بھی تجویز کیا مگر اسرائیل اسکی طرف بھی نہیں آتا۔ اب جبکہ چھ ماہ کیلئے جنگ بندی کا معاہدہ ہوا ہے تو امریکہ سمیت عالمی قیادتیں اس جنگ بندی معاہدے کی ضامن بنیں تاکہ اسرائیل کے وحشت و بربریت والے ہاتھ روکے جاسکیں۔

مذہبی کارڈ کا استعمال آخر کب تک

حرف تخلیق
خالد غورغشتی

معزز علماء کرام اللہ آپ سب کو دو جہانوں کی سر بلندیوں سے نوازے۔ یقیناً آپ کے لگائے یہ پودے جو خوشبو بن کر دنیا کو معطر کر رہے ہیں۔ آپ نے جتنا کام کیا وہ قابل تحسین ہے۔ آج آپ سب کی بارگاہوں میں چند سوالات لے کر حاضر ہوا ہوں امید ہے اس ادنی سے طالب علم کو مستفید فرما کر علمی پیاس کو بجھائیں گے۔ پاکستان بننے سے اب تک آپ کا ملکی ترقی میں کردار نمایاں ہے، اس کی مثال وہ خانقاہیں یا مدارس ہیں جن کو آپ عوام کے ناتواں کندھوں پر رکھ کر چلا رہے ہیں۔ اب ذرا دبا پڑا تو اسکولنگ سسٹم بھی ساتھ بنا لیے ہیں۔ جس طرح ہمارے ملک کا ستر فی صد رقبہ زرخیز اور زرعی ہے اسی طرح ہمارے ملک کی اکثریتی آبادی مذہبی ہے، جو آپ کے اشاروں پر ناچتی ہے۔ کیا آپ سے ستر فی صد زرعی رقبے پر محنت مزدوری کرنے والے شخص میں سے کوئی یہ سوال کر سکتا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں جہاں اکثریت عوام کھانے پینے سے لاچار ہیں، کئی عصمتیں بیچنے تو کئی خودکشی پر مجبور ہیں۔ ایسے میں آپ بے فکر ہو کر ذکر و فکر میں بدمست ہیں۔ آپ کا ذریعہ آمدن کیا ہے؟ آپ نے عوام سے چندے لے کر کون کون سے کاروبار کیے ہیں، جس سے آپ کی ساتوں نسلیں سنور گئی ہیں اور غریب کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑ گئے ہیں۔ آپ اکثر کہتے ہیں، بندہ لا پیسہ بھی آ جائے گا۔ سوال یہ ہے کہ لوگوں کو ایمان یقین اور محنت مزدوری کی دعوتیں دینے والے خود کہاں سے طلسمی خزانے اکٹھے کر رہے ہیں کہ غریب کے گھر میں دیا بھی میسر نہیں مٹی کا، آپ کے گھر بجلی کے چراغوں سے ہے روشن کیوں؟ آپ دوسروں کو ہاتھ سے کمانے کے بدلے اللہ کا دوست کہنے کی بشارتیں سناتے نہیں تھکتے، آپ خود کب اس بشارت پر عمل کر کے اللہ سے دوستی کریں گے۔ دوسروں کو سادگی اپنانے، جو کی روٹی کھانے کی تبلیغ کرتے ہیں اور خود پلازوں اور گاڑیوں کے راتوں رات مالک کیسے بن جاتے ہیں۔ ہمارے نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مانگنے سے سختی سے منع کیا اور فرمایا کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے (ہاتھ مانگنے والے) سے بہتر ہے۔ ہم کب تک دوسروں کے منتظر رہیں گے کہ کوئی شکار ہاتھ لگے اور مسجد، مدرسہ کا کام ہو سکے یا اساتذہ کو تنخواہ دے سکیں۔ ٹھیک ہے دین کے ساتھ تعاون کرنا سب مسلمانوں پر فرض ہے لیکن دین کو کسی شخص کے صدقے خیرات کا محتاج کرنا کون سی خدمت دین ہے؟ پاکستان کی اکثریتی آبادی دین داروں لوگوں کی ہے جو محنت مزدوری کی بجائے اکثر لوگوں کے صدقات، خیرات اور زکوٰۃ کے محتاج ہیں۔ انھیں یہ درس دینے کی ضرورت ہے کہ زکوٰۃ کا مطلب غریبوں کو راشن دینا نہیں ہوتا بلکہ ان کو کاروباری بنا کر پاں پر کھڑا کرنا ہوتا ہے۔ شعب الایمان کی روایت میں ہے، حلال کمائی کی تلاش ایک فرض کے بعد دوسرا فرض ہے۔ صحیح بخاری میں ہے، کسی شخص نے اپنی ہاتھ کی کمائی سے زیادہ بہتر کھانا کبھی نہیں کھایا، اور اللہ کے نبی داود علیہ السلام اپنے ہاتھوں کی کمائی سے کھایا کرتے تھے۔ سنن الکبری کی روایت میں ہے، رزق حلال کو طلب کرنا فرض ہے، فرض کے بعد۔ افسوس آج امت کی اکثریت رزق حلال عین عبادت کی روش کو بھول چکی ہے، وہ منتظر رہتی ہے کہ کہیں سے کوئی موٹا تازہ شکار ہاتھ لگے اور ان کے مزے ہوں۔ ہمارے اکثر مذہبی طبقے کے لوگ آج کسب حلال کو بھول چکے ہیں وہ نہ صرف ملک پر بلکہ محنت مزدوری کرنے والے عوام پر بھی بوجھ بن چکے ہیں ہمیں بتائیے نا جب ہمارے ملک کی آدھی آبادی محنت مزدوری سے جی چھڑائے، بھیک، صدقات خیرات اور ویلفیئر کے نام سے لوگوں کی جیب پر نظریں جمائے بیٹھے ہوں گے تو ملک کا کیا حال ہوگا؟ علما سے تو نہ صرف لوگ دین سیکھتے بلکہ تجارت بھی سیکھا کرتے تھے۔ کسی بھی پیشے کو کمتر سمجھنا سراسر جہالت ہے۔ علما کو کاروباری اور ہنر مند ہونا چاہیے۔ آج جب بھی کوئی عالم دین کاروبار کا سوچتا ہے تو ہر کوئی اسے دین کے منافی قرار دیتا ہے۔ اگر یہی کرنا تھا تو مدارس میں کیوں رہے؟ اور اگر ہمت کر کے کوئی پہلا قدم اٹھا بھی لے تو ہم عصر یہ طعنہ دے کر خون جلاتے ہیں تدریس کے لیے قبولیت شرط ہے قابلیت نہیں، اللہ نے قبول نہیں کیا انتہائی افسوس۔ اگر تاریخ اسلام پہ نگاہ دوڑائی جائے تو کاروبار کی شروعات اسلام کی شروعات سے ہی نظر آتی ہے۔ نبی پاک نے بکریاں پال کر فروخت کیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ نے کپڑا، حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اونٹ، حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ نے چمڑا اور حضرت علی علیہ السلام نے زرہیں فروخت کر کے اپنے گھر کے کو سہارا دیا۔ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ تعالی عنہ نے کھجوروں سے، حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ تعالی عنہ نے پتھروں سے، حضرت سعد رضی اللہ تعالی عنہ نے لکڑی کے برادے سے، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ نے کھجور کی چھال سے، حضرت مقداد رضی اللہ تعالی عنہ نے مشکیزوں سیاور حضرت بلال رضی اللہ تعالی عنہ نے جنگل کی لکڑیوں سے اپنے گھر کی کفالت کا فریضہ سرانجام دیا۔ امام غزالی رحم اللہ علیہ کتابت کرتے، اسحاق بن راہوے رحمت اللہ علیہ برتن بناتے، حضرت امام بخاری رحم اللہ علیہ ٹوپیاں بناتے، امام مسلم رحم اللہ علیہ خوشبو بیچتے، امام نسائی رحمت اللہ علیہ بکریوں کے بچے فروخت کرتے، ابن ماج رحم اللہ علیہ رکاب اور لگام مہیا فرماتے رہے۔ امام قدوری رحم اللہ علیہ نے مٹی کے برتنوں کا، امام بخاری رحم اللہ علیہ کے استاد حسن بن ربیع رحم اللہ علیہ نے کوئی بوریوں کا کاروبار کیا۔ حضرت امام احمد ابن خالد قرطبی رحمت اللہ علیہ نے جبہ فروش (بوتیک) قائم کی، حضرت امام ابن جوزی رحم اللہ علیہ نے (کباڑ خانہ) تانبا بیچا، حافظ الحدیث ابن رومیہ رحم اللہ علیہ نے دواخانہ، حضرت ابو یعقوب رحم اللہ علیہ لغوی نے چوبی لٹھا (کلاتھ ہاؤس) حضرت محمد ابن سلیمان رحم اللہ علیہ نے گھوڑے (بیوپار) اور مشہور و معروف بزرگ سری سقطی رحم اللہ علیہ نے (سکریپ) ٹین ڈبے بیچ کر اپنی معیشت کو مضبوط کیا۔ مختصر یہ کہ ہر دور کے علما نے اپنے وقت کی ضرورت کو سمجھتے ہوئے رائج الوقت کاروبار کرنے کو ترجیح دی ہے۔ اے دین کے پیشوا! مدرسہ میں پڑھانا، مسجد میں امامت کروانا یا تصنیف وتالیف میں مشغول ہونا اچھی بات ہے لیکن ہمارے اکابرین نے انھی کاموں کے ساتھ ساتھ کاروبار بھی کیا ہے۔ تاریخ اٹھا کر دیکھ لیجیے۔ دور نبوت صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے لے کر دور صحابہ رضی اللہ تعالی عنہ تبع، تابعین سے آئمہ کرام اور مجتہدین تک سبھی لوگ کاروبار سے وابستہ رہے۔ شیخ سعدی شیرازی رحمت اللہ علیہ کا قول ہے اپنی اولادوں کو ہنر سکھا لوگ تمہارے پیچھے چلیں گے۔ لیکن افسوس آج ہنر سیکھنے کو معیوب سمجھا جاتا ہے آج بازاروں میں سود عام ہونے کی ایک وجہ علما کرام کا بازاروں میں موجود نہ ہونا بھی ہے۔ مستدرک حاکم میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے، حضرت داود علیہ السلام ذرہ بناتے تھے، حضرت آدم علیہ السلام کاشت کاری کرتے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام بڑھئی کا کام کرتے تھے۔ حضرت ادریس علیہ السلام درزی کا پیشہ کرتے تھے اور حضرت موسی علیہ السلام بکریاں چرایا کرتے تھے۔ دین اسلام کو کمائی کا ذریعہ بنانے والے بعض لوگ نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ایک فرمان پیش کرتے ہیں: "جن چیزوں پر تم اجر لیتے ہو، ان میں سب سے مستحق کتاب اللہ ہے۔ نبی پاک کا یہ فرمان اجرت نہیں اجر کمانے کے لیے تھا۔ اگر یہ مولوی و مفتیان یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کمانے کے لئے تھا تو ان سے سوال ہے کہ کسی ایک صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کا نام بتائیں کہ جنھیں نبی پاک صلی اللہ علیہ نے امامت، خطابت، تعلیم القرآن پر اجرت، تنخواہ یا ہدیہ دیا ہوتا کہ عوام کو رہنمائی ہو۔ جنگ آزادی سے قبل ہمارے اکثر اکابر کسی نہ کسی پیشے سے ضرور منسلک رہے ہیں یہ جو آج دینی، سماجی اور فلاحی پیشے کے لوگ صدقات، خیرات اور زکوۃ لے رہے ہیں یہ اسلامی تاریخ میں نہیں ہوا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت تمام دینی و فلاحی اداروں کو اپنے ماتحت کرے تاکہ دین اور فلاحی کاموں کو پیشہ بنا کر لوٹنے والے عناصر کی سرکوبی ہو سکے۔ سورہ توبہ آیت نمبر چونتیس میں ہے۔ اے ایمان والو بے شک (اہل کتاب کے اکثر علما اور درویش، لوگوں کے مال ناحق) طریقے سے (کھاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں) یعنی لوگوں کے مال سے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں اور دین حق کی تقویت واشاعت پر خرچ کیے جانے سے روکتے ہیں (اور جو لوگ سونا اور چاندی کا ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو انہیں دردناک عذاب کی خبر سنادیں۔ سورہ نسا کی آیت اٹھارہ میں ہے۔ جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ ہی بھر رہے ہیں اور عنقریب وہ دوزخ میں جائیں گے۔ شیخ سعدی شیرازی رضی اللہ تعالی عنہ کا قول ہے اپنی اولادوں کو ہنر سکھا لوگ تمہارے پیچھے چلیں گے۔ لیکن افسوس آج ہنر سیکھنے کو معیوب سمجھا جاتا ہے آج مارکیٹوں میں سود عام ہونے کی ایک وجہ علما کرام کا مارکیٹوں میں موجود نہ ہونا بھی ہے۔ مستدرک حاکم میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے، حضرت داود علیہ السلام رضی اللہ تعالی عنہ ذرہ بناتے تھے، حضرت آدم علیہ السلام کاشت کاری کرتے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام بڑھئی کا کام کرتے تھے۔ حضرت ادریس علیہ السلام درزی کا پیشہ کرتے تھے اور حضرت موسی علیہ السلام بکریاں چرایا کرتے تھے۔ اگر کوئی شخص اتنا بیمار ہو گیا کہ وہ مرنے کے قریب ہو تو اس کو اس وقت دو حرام چیزیں حلال ہو سکتی ہیں کہ وہ کھائیں اور وہ موت سے بچ جائیں۔ ایک مسلمان کا مال اور دوسرا خنزیر کا گوشت۔ لیکن بعض علما فرماتے ہیں کہ اس موقع پر بھی وہ خنزیر کا گوشت کھائیں لیکن مسلمان کا مال نہیں۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت تمام دینی و فلاحی اداروں کو اپنے ماتحت کرے تاکہ دین اور فلاحی کاموں کو پیشہ بنا کر لوٹنے والے عناصر کی سرکوبی ہو سکے۔

عزم، ہمت، حوصلے کی عجب داستاں۔۔ پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالرحمان

فیصل آباد میں پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالرحمان مکی رحمہ اللہ کی حیات و خدمات کے سلسلے میں ایک بڑا سیمینار منعقد تھا، اختتامی مراحل میں برادر محمد احسن تارڑ ڈائس پر تشریف لائے اور کہنے لگے کہ مکی صاحب کی بیٹی شدید علالت کے بعد وفات پا چکی تھیں اور اتفاق سے اگلے دن ان کا ہمارے پاس پروگرام تھا۔ ہم اسی تذبذب اور کشمکش میں تھے کہ ہم نے تیاری بھی کافی شد و مد سے کی ہے، پتہ نہیں حافظ صاحب تشریف لاتے ہیں یا نہیں اور نہ آنے کا امکان زیادہ تھا کہ گھر کا فرد دل کا جگر گوشہ جدا ہو چکا تھا لیکن بعد جنازہ ان کی طرف سے پیغام آیا کہ آپ پریشان نہ رہیں، آپ کا پروگرام ضرور ہوگا اور اگلے دن وہ حسب وعدہ ہمارے پاس بروقت تشریف بھی لے آئے اور اس بات کا احساس بھی ہمیں نہ ہونے دیا کہ وہ کس کرب اور درد سے گزر کر یہاں پہنچے ہیں۔ ان کے اس احسان اور جذب نے ہمیں بھی جہاں حیران کر دیا وہیں ہمارے حوصلوں کو بھی ہمیشہ کے لیے جیسے دو آتشہ بھی کر دیا کہ وہ اپنی تکلیف کیسے پس پشت ڈال کر ہماری محنت اور جماعت کے معاملات سامنے رکھ کر ہمارے پاس چلے آئے۔ پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالرحمٰن مکی کی ساری زندگی ایسی ہی بلا خیز حیران کن داستانوں سے عبارت رہی۔ اللہ نے تین بیٹے عطا فرمائے تھے۔ ایک بیٹی کے علاوہ دو بیٹے سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا دونوں ہی کینسر جیسے مرض سے دوچار ہوئے اور اللہ کے پاس چلے گئے۔ بڑے بیٹے کے بعد سب سے چھوٹی اولاد پیارا و راج دلارا بیٹا احمد تھا۔ احمد میں تو جیسے ان کی جان اٹکی ہوتی۔ سفر، حضر مجلس برخواست گھر مسجد ہر جگہ ہمہ وقت ہی وہ ان کے ساتھ جیسے چمٹا رہتا، آپ بھی اسے آنکھوں سے اوجھل تک نہ ہونے دیتے۔ ان کا سارا روزمرہ کا شیڈول بھی اسی کے پاس ہوتا، 11 سال کی عمر کے قریب پہنچتے ہی احمد کی حالت بگڑی اور پھر اسے چلڈرن ہسپتال میں داخل کروانا پڑا۔ احمد لگ بھگ ایک سال ہسپتال میں داخل رہا۔ ہر لحہ پہلے سے تکلیف دہ ہوتا تھا اور جہاں اس کی ایک سانس آتی دوسری جاتی تھی، ویسی ہی کیفیت مکی صاحب کی بھی ہوتی۔ آپ نے وہ سال بڑے کرب و درد میں جیسے کانٹوں پر چلتے پل صراط و قیامتوں سے گزرتے گزارا، جب کبھی ملک کے جس شہر سے واپس آتے تو گھر کے بجائے ہسپتال کا رخ کرتے، زیادہ تر وقت اسی کے پاس وہیں گزارتے، وہیں سوتے اٹھتے بیٹھتے جاگتے، وہیں سے سفر کرتے لیکن اس حال میں بھی کبھی کوئی خطبہ جمعہ چھوڑا نہ کبھی کوئی اور پروگرام، اور اس بیچ کسی جگہ بھی اپنے اوپر بیتی اس قیامت کا تذکرہ بھی نہ کرتے نہ کسی کو محسوس ہونے دیتے کہ وہ کہاں سے کس حال میں آ رہے اور واپس کہاں جانے والے ہیں۔ ویسے ہی ایک جیسے پہلے جیسے ہلکے پھلکے انداز میں مسکراتے، سب کو ملتے، پوری محبت عطا کرتے اور اسی محنت مطالعہ کے ساتھ جذب وشدت سے خطاب فرماتے۔ کبھی سٹیج پر بلکہ مجلس میں بھی کس کے سامنے اپنے بیٹے اپنی کسی تکلیف کا ذکر نہ کیا اور کسی کو اپنی تکلیف کا احساس نہ ہونے دیا۔ احمد کی جب آخری سانسیں چل رہی تھیں اور حالات و رپورٹس سے صاف نظر آ رہا تھا کہ احمد کسی بھی وقت اللہ کے پاس پہنچ سکتا ہے، تب ان کا ایک پروگرام ملتان میں تھا۔ انہوں نے ساتھیوں سے کہا کہ وہ پروگرام میں شامل و مخاطب ہوں گے۔ انہوں نے اپنے امیر صاحب سے اس کے لیے خصوصی اجازت طلب کی کہ وہ انہیں جانے دیں اور سفر سے نہ روکیں اور پھر۔۔۔۔۔۔ جب وہ ملتان سے واپس ہسپتال پہنچے تو احمد آخری سانسیں لے کر ان کے دل و روح کو جیسے اجاڑ کر جہانی فانی سے رخصت ہو رہا تھا۔ احمد بھی چلا گیا لیکن کمال صبر استقامت و استقلال و حوصلہ دیکھیں کہ ہم نے ان پے در پے حادثات جانکاہ اور زخموں پر زخم لگنے کے باوجود انہیں کبھی ان پر افسوس و افسردگی کا اظہار تو کجا ذکر تک کرتے نہ دیکھا۔ ان سب تکالیف کے انبوہ سے گزرتے بھی وہ اپنی سرگرمیاں اسی شد و مد سے جاری رکھتے اور کسی طرح آڑ نہ بننے دیتے۔ یہ بات تو سبھی کے علم میں ہے کہ وہ ملک کی تمام نظریاتی تحریکوں کے سرخیل رہے، جب ملک میں شوشلزم کے نعرے لگ رہے تھے تو وہ اس کے بھی خلاف چٹان بن کر کھڑے ہوئے۔ رعب و دبدبے کا یہ عالم تھا کہ بہاولپور کے تعلیمی ادارے ہوں یا پنجاب یونیورسٹی، ہر جگہ ان کا نام دبنگ انداز میں گونجتا اور

حق سچ
علی عمران شاہین

سیکولرز، لبرلز، ملحد اور سرخے سبھی ان کا نام سن ہی بھاگ کھڑے ہوتے۔ بنگلا دیش نامنظور تحریک کے جہاں روح رواں رہے، وہیں تحریک ختم نبوت کے بھی طلبہ کے کماندار رہے۔ 1977/78 کی بھٹو کے خلاف تحریک نظام مصطفیٰ چلی تو اس میں گرفتار ہوئے تو انہیں بادشاہی قلعے میں قید کیا گیا۔ ان پر ظلم و تعدی، جور و ستم کے پہاڑ توڑے گئے۔ جسم پر پولیس نے رولر پھیرے (جس میں قیدی کو الٹا لٹا کر ایک ڈنڈا رکھ کر اس پر دو بندے کھڑے کیے جاتے اور اس ڈنڈے کو اس بوجھ کے ساتھ گھمایا جاتا ہے) اس قہر سے گزرنے کے بعد ان کی ٹانگیں جیسے ہمیشہ کے لیے نیم مفلوج ہو گئیں۔ رہا ہوئے تو عنفوان جوانی پر تھے، اسی لیے اسے محسوس نہ ہونے دیتے لیکن جب 1994 میں پاکستان تشریف لائے تو اس تکلیف میں از حد اضافہ ہو چکا تھا۔ (شاہی قلعے میں سزائے موت کا بھی فیصلہ ہوا لیکن اللہ نے مہلت رکھی ہوئی تھی، عمل درآمد نہ سکا تھا اور آپ کو آزادی مل گئی) جسمانی عوارض کو پس پشت ڈال کر ہمیشہ کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے کی کوشش کرتے، افغانستان و آزاد کشمیر کے پہاڑوں پر پورے ایمانی جذبوں کے ساتھ چلتے اور چڑھتے۔ کچھ عرصہ یوں ہی گزرا پھر جب مکمل کھڑے ہو کر نماز ادا کرنا ممکن نہ ہوتا تو پھر بیٹھ جاتے۔ گاڑی میں دواؤں سے بھرا پورا بیگ ہر وقت پاس ہوتا۔ ہم تو اسے دیکھ دیکھ کر اس پر ہی حیران ہوتے کہ اتنی دوائیں کیسے یاد رکھ کر وقت بروقت استعمال بھی کر لیتے ہیں۔ دل کی تکلیف، ہائی بلڈ پریشر کے ساتھ شوگر، ٹانگوں کا مستقل عارضہ اس کا درد تو بے تحاشا شوگر کی وجہ پریشانی دوچند رہتی لیکن وہ کبھی ان تکالیف کو محسوس تک نہ ہونے دیتے۔ کبھی کسی جگہ نہ اپنی بیماریوں کا ذکر کرتے نہ زندگی میں اپنے کارناموں اپنی داد شجاعت کا ذکر کرتے نہ کبھی دیگر آلام و مصائب پر کلام کرتے۔ 2016 میں اچانک ہی دل کے عارضہ کا پتہ چلا لیکن اطباء نے طویل معائنہ کے بعد کہا کہ نہ انجیو پلاسٹی ممکن ہے نہ دل کا بائی پاس، اس کی وجہ یہ ہے کہ شوگر کے باعث ساری جسمانی صورت حال ایسی پیچیدہ اور گھمبیر ہے کہ ہم کوئی بھی رسک نہیں لے سکتے۔ آپ صرف دوا دعا اور نقل و حرکت جاری رکھیں۔ یہ ایسی کیفیت تھی کہ جو سخت پریشان کن تھی لیکن کمال حوصلہ دیکھیے کہ انہوں نے اس کا بھی کبھی اظہار تک نہ کیا۔ پاؤں پر عموماً جرابیں پہن کر رکھتے کہ شوگر کی شدت کی وجہ سے یہ ضروری تھا، اسی شدت کی وجہ سے پنڈلیاں پاؤں ہمیشہ ہی ورم زدہ سوجے رہتے لیکن اس کی وجہ سے کبھی سفر ترک نہ کرتے۔ ملک بھر کے پروگراموں کے ساتھ جماعت کے مقدمات کی بھی ذمہ پوری جانفشانی سے نبھاتے، وکلا سے ملاقاتیں ہوں یا عدالتی حاضریاں یا دلائل و فائل کی تیاری سب کاموں میں جتے ہی نظر آتے۔ اس سب پر کمال حیرت کہ اپنے کاموں کے لیے کبھی کوئی معاون بھی طلب کرتے نہ مطالبہ کرتے، چھوٹے چھوٹے کام، حتیٰ کہ کاغذات کی فوٹو سٹیٹ، قلم پیپر پن کی خریداری تک خود کرتے نظر آتے۔ گزشتہ سال موسم سرما میں اپنی لائبریری میں بیٹھے مصروف مطالعہ تھے کہ وہیں آنکھ لگی، سامنے ہیٹر چل رہا تھا، تھکاوٹ اتنی تھی کہ ہوش نہ رہا اور نیند سے ایسے بے سدھ ہوئے کہ پاؤں کے اگلے حصے ہیٹر سے جا ٹکرائے۔ انگوٹھے حرارت سے جل گئے۔ علاج معالجہ شروع ہوا لیکن افاقہ نہ ہوا، اب اس تکلیف کی وجہ سے حالت یہ تھی کہ پاؤں کے انگوٹھے اور اگلا حصہ اٹھا کر ایڑیوں پر چلتے، ایڑیوں پر کھڑے ہو کر خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے۔ اسی طرح سیڑھیاں چڑھتے اترتے اور ملک بھر کے سفر کرتے۔ (اسی تکلیف کی وجہ سے انگوٹھا بھی طبیبوں نے قربان کرنے کی آخری تجویز دی کہ آپ اس کی منظوری دیں کہ گھٹنوں سے نیچے خون کا دورانیہ کافی عرصے سے کم ہوتے ہوتے اب رک ہی چکا ہے، شاید کہ اللہ افاقہ دے۔ انہوں نے منظوری دے دی لیکن اللہ کے ہاں کچھ اور لکھا تھا (اس صورت سے یہ بھی کہا جا سکتا کہ حدیث پاک کی روشنی میں ان کا یہ سفر آخرت ان شاء اللہ لازمی شہادت ہی قرار پائے گا کہ آخری زخم تو جلنے سے بنا تھا) آخری خطبہ جمعہ ارشاد فرمانے منبر پر سہاروں سے چڑھ کر کھڑے ہوئے تو کہنے لگے کہ آج کچھ بھی ہو، کھڑا ہو کر ہی خطبہ دوں گا لیکن 15 منٹ بعد جسم کانپنا شروع ہو گیا اور پھر بیٹھنا پڑ گیا لیکن خطبہ مکمل ضرور کیا۔ سیالکوٹ کے بڑے جلسہ عام میں ہر صورت پہنچنے کے لئے ویل چیئر منگوالی۔ اس پر پوری ہمت کے ساتھ بیٹھے لیکن پھر حالت بگڑنا شروع ہو گئی تو واپس گھر جانا پڑا۔ عزم و حوصلے اور راہ حق کی جدوجہد میں اس کی دھن کے اس قدر پکے تھے کہ چند سال پہلے ٹریفک حادثہ میں زخمی ہوئے، کہنے لگے کہ اللہ نے محفوظ رکھا ہے، ٹانگیں پاؤں ہی تو زخمی ہوئے ہیں وہ ٹھیک ہوتے رہیں گے، بول تو سکتا ہوں۔ ایمبولینس لاؤ، میں اس پر سفر کروں گا۔ پھر کئی ہفتے کئی ماہ ایسے ہی ملک کے دور دراز حصوں میں ایمبولینس کو ہی ہمہ وقت سواری بنا کر سفر کرتے رہے لیکن کسی کو احساس نہ ہونے دیا کہ وہ کام کے جذبے میں ڈھیلے پڑ گئے، تھک گئے یا کمزور پڑ گئے ہیں۔ طویل، دبنگ، بلند آہنگ خطابات سے گلا اکثر دباؤ کا شکار رہتا لیکن اس وجہ سے کبھی کوئی پروگرام نہ روکا، نہ کبھی تقریر کا دورانیہ کم کیا بلکہ اس بات پر ہمیشہ ہی خوش رہتے کہ زیادہ سے زیادہ کام ملاقات خطابات کا موقع ہی ملتا رہے۔ جہاں جس شہر بستی گاؤں میں آ جانے پر جتنے لوگ ملنے، ان سے جتنی مرضی باتیں کریں، ہر طرح کے معاملات پر سوالات کریں تو کبھی تھکن کا احساس نہ ہونے دیتے نہ کبھی کسی کو یہ کہتے کہ میں تھک گیا، اب آرام کرنے دیں۔ ایسے ہی حیات فانی کے آخری 15 روز و شب ہسپتال میں گزارے، کیا کمال جگرا ہمت و حوصلے تھے کہ ہر روز پاؤں کے زخموں پر پلاسٹک باندھ کر غسل فرماتے۔ پھر نہا دھو تیار ہو کر بیٹھ جاتے کہ تیمارداری کے لیے آنے والوں سے کھلے دل روشن پیشانی سے مل سکیں۔ اس آخری دورانیہ علالت میں جتنے لوگ بھی ملنے گئے، کبھی کسی کو اپنی بیماری کی شدت کا نہ احساس ہونے دیا نہ اس کا تذکرہ کرتے بلکہ ہسپتال کے بیڈ سے اتر کر صوفوں پر بیٹھ کر پاؤں بھی سامنے صوفہ رکھ کر اس پر دھر دیتے اور سب سے مل کر دوستانہ انداز میں محفل سجا کر بیٹھتے۔ جماعت، امیر، ملک، عالم اسلام کے حالات پر ویسے ہی گفتگو کرتے جیسے پہلے کیا کرتے تھے۔ آنے والے حیران ہوتے کہ ہم کیسی صورت حال سن کر آ رہے۔

یہ ریت تو ایسے ہی چلے گی!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اس حکومت سے عوام کی وابستہ ساری توقعات ہی دم توڑنے لگی ہیں، یہ حکومت عوام کے لیے رحمت کے بجائے زحمت بنتی جا رہی ہے، لیکن حکمران دعویدار ہیں کہ ملک کو معاشی بحران سے نکال لائے ہیں اور مہنگائی، بے روزگاری میں کمی لائے ہیں، جبکہ ملک میں 40 فیصد عوام غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، 2 کروڑ 65 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، پاکستانی عوام کو اپنی روز مرہ اشیاء ضروریہ پر 25 فیصد ٹیکس ادا کر کے بھی کچھ حاصل نہیں ہو پا رہا ہے، ایک طرف عوام اپنے ہی ملک میں مہنگائی کے بوجھ تلے دب کر مر رہے ہیں تو دوسری جانب اپنی پریشانیوں کے آزالے کیلئے آئے روز بیرون ملک جاتے ہوئے کھلے سمندر میں ڈوب رہے ہیں، اس کی حکومت کو پرواہ ہے نہ ہی اپوزیشن کوئی نوٹس لے رہی ہے، دونوں کی ہی ترجیحات میں عوام کہیں نظر نہیں آ رہے ہیں، دونوں نے ہی ہوس اقتدار میں عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ رکھا ہے، یہ سب کچھ ایسے ہی کب تک چلتا رہے گا اور عوام بے یار و مددگار بے موت مرتے رہیں گے۔ اگر دیکھا جائے تو عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، عوام کو بار بار بہلایا جا رہا ہے، بہکایا جا رہا ہے اور اپنے حصول مفاد کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے، اس سے زیادہ عوام کی کوئی حیثیت ہے نہ ہی عوام کی کوئی حیثیت بحال کی جا رہی ہے، اس عوام کو طاقت کا سرچشمہ کہنے والے ہی عوام کو کمزور بنائے جا رہے ہیں، عوام سے حق رائے دہی چھینے جا رہے ہیں، عوام کے فیصلے ماننے سے نا صرف انکاری ہیں، بلکہ عوام کے فیصلے کے برخلاف جا رہے ہیں، عوام کو اپنے غضب کا نشانہ بنا رہے ہیں اور عوام کو مجبور کر رہے ہیں کہ اُن کی ہاں میں ہاں ملائی جائے ور اُن کے خلاف کوئی آواز نہ اُٹھائی جائے، اگر کوئی آواز اُٹھائے گا یا آواز لگائے گا تو اس کا خمیازہ بھی بھگتے گا، جیسا کہ اس اتحادی حکومت کے دونوں ہی ادوار میں بہت سے لوگ بھگت رہے ہیں۔ یہ سب کچھ جمہوری حکومت میں جمہور کے ساتھ نہیں ہونا چاہئے، مگر اس جمہوریت کے لبادے میں آمریت جمہور کے ساتھ جو سلوک روا رکھ رہی ہے، اس طرح کا سلوک تو کبھی آمرانہ دور میں بھی رواں نہیں رکھا گیا ہے، آزادی اظہار ہے نہ ہی کوئی حقائق بیاں کر سکتا ہے، ایک ایسا بن کچھ کہے، بن کچھ سنے، سنسرشپ ہے کہ سب کی ہی بولتی بند ہو گئی ہے، کوئی آزادانہ لکھ پا رہا ہے نہ ہی آزادانہ بول پا رہا ہے، ہر کوئی ڈرا ہوا ہے، ہر کوئی سہما ہوا ہے، کسی کو کچھ پتا نہیں ہے کہ کب کہاں سے اُٹھا لیا جائے اور کہاں غائب کر دیا جائے، اس خوف و ہراس کی فضا میں بلاول بھٹو زرداری فرما رہے ہیں کہ نفرت کی سیاست ختم کر کے محبت کی فضا قائم کریں گے، لیکن وہ بھول رہے ہیں کہ اس نفرت کی بنیاد رکھنے والے خود ہیں کہ جنہوں نے ایک سازش کے تحت بندے توڑ کر تحریک عدم اعتماد کامیاب بنائی اور ایک چلتی جمہوری حکومت کو اپنی مدت پوری نہیں کر دی، لیکن اب انہیں اپنا ہی بویا کاٹنا ہو گا اور اس انتشار اور نفرت کی سیاست کے ساتھ ہی وقت گزارنا ہو گا، یہ اپنے ہی ہاتھ سے لگائی آگ اتنی جلد بجھنے والی ہے نہ ہی نفرت کی سیاست اتنی آسانی سے محبت میں بدلنے والی ہے۔ اس نفرت کی سیاست سے عوام کو سروکار ہے نہ ہی اس نفرت کو محبت میں بدلنے میں کو دلچسپی رکھتے ہیں، عوام اپنے انتہائی بدتر حالات کی فکر لاحق ہے اور آئے روز بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری سے پریشان حال ہیں، جبکہ حکمران اپنی ہی خیالی مہنگائی کی کمی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے مذاکراتی کھیل تماشہ جاری رکھنے پر زور دیے رہے ہیں، عوام کو کبھی ڈیل اور ڈھیل میں الجھایا جا رہا ہے تو کبھی امریکہ کے دباؤ میں نہ آنے کے بیانیہ کے پیچھے لگایا جا رہا ہے، القادر ٹرسٹ کے فیصلے سے عوام کی زندگی میں کوئی تبدیلی آنے والی ہے نہ ہی نواز شریف کی عمران خان کو سزا دلوانے کی خواہش پوری ہونے سے سیاست بدلنے والی ہے، اس ملک کی سیاست میں کبھی کچھ بھی ہو سکتا ہے، اقتدار پر بیٹھا اقتدار سے باہر جا سکتا ہے اور باہر بیٹھا اقتدار میں آ سکتا ہے، اس ملک میں نفرت کی سیاست بدلے نہ بدلے، مگر بیرونی دباؤ پر ایک پیچ پر دوسرا کسی وقت بھی بدل سکتا ہے، اس کے آثار دکھائی دینے لگے ہیں، سیاسی موسم بدلنے لگے ہیں، پس پردہ کچھ سائے تواتر سے ملتے دکھائی دینے لگے ہیں، اس ملک میں جب بھی کوئی ہارتا ہے یا کوئی معرکہ سر نہیں کر پاتا ہے تو ناکامی کا سہرا باندھنے کے لیے کوئی سر تلاش کر ہی لیا جاتا ہے، کوئی مستعفی ہوتا ہے تو کوئی تبدیل کر دیا جاتا ہے، یہ ہی ریت رہی ہے، جو کہ ازل سے چلی آ رہی ہے اور نجانے کب تک ایسے ہی چلتی رہے گی۔

جینا بہادری

میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

والدین بچوں کی پہلی درس گاہ ہے پیار، محبت اور خوشدلی سے سکھایا جانے والا سبق بچپن سے بڑھاپے تک انسان کے ساتھ رہتا ہے وہ شعوری طور پر ہو یا لاشعوری طور پر اور یہی سبق عام انسان کو زندگی کی مشکلات اور پریشانیوں سے نبرد آزما ہونے کا گر بھی بتاتا ہے جن بچوں کو والدین کے پیار یا تربیت میں کمی رہ جاتی ہے وہی بڑے ہو کر ایک چھوٹی سی پریشانی بھی برداشت نہیں کرتے جسکی وجہ سے عدم برداشت بڑھ جاتی ہے اور معمولی سی بات پر پارہ ہائی ہو جاتا ہے اجسکے بعد ہم ایک دوسرے کی غلطی اور کوتاہی پر پیچ پا ہو جاتے ہیں جبکہ کچھ لوگ پریشانیوں سے تنگ آ کر اپنی زندگی کا خاتمہ تک کر لیتے ہیں اور ویسے بھی آج کے دور میں مہنگائی، بدامنی، حصول روزگار میں بے یقینی کی صورتحال کے باعث نفسیاتی مسائل بڑھ رہے ہیں دور جدید کی سائنسی ایجادات نے بھی سہولیات کے ساتھ ساتھ انسانی معاشرے کو ذہنی تناؤ، ڈپریشن اور نفسیاتی امراض میں مبتلا کر دیا ہے تیز ترین حالات زندگی نے انسان کو دکھ، غم، پریشانی، عدم تحفظ کا احساس دے کر خوشیاں چھین لی ہیں بیشتر لوگ موجودہ طرز زندگی اور اس کے روز و شب سے خوش نہیں ان حالات میں رشتوں میں دوریاں پیدا ہو رہی ہیں ہر تیسرا افرد ڈپریشن کا شکار دکھائی دیتا ہے اگر ہم نے ان کا مردانہ وار مقابلہ نہیں کیا تو پھر آگے چل کر حالات سنگین صورتحال اختیار کر سکتے ہیں اور بزدل انسان برے حالات سے ڈر کر خودکشی کر لیتے ہیں حالانکہ ان حالات میں جینا بہادری ہے خودکشی بزدلی اور کم ہمتی کی دلیل ہے جبکہ بلند حوصلے، ہمت، پختہ عزم، صبر اور ایمان کی طاقت کیساتھ ہر طرح کے حالات سے نبرد آزما ہوا جا سکتا ہے اس وقت پوری دنیا کے محروم لوگوں میں اپنی ذمے داریوں سے بے اعتنائی اور ایمان سے محرومی یا کم زوری کے باعث خودکشی کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے بدقسمتی سے پاکستان میں بھی خودکشی کے واقعات میں خوفناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے جبکہ خودکشی حرام موت ہے جو کہ کسی بھی حالت میں جائز نہیں خودکشی کے بارے میں اسلامی تعلیمات کا خلاصہ یہ ہے کہ اس فعل حرام کا مرتکب اللہ تعالیٰ کا نافرمان اور جہنمی ہے درحقیقت انسان کا اپنا جسم اور زندگی اس کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ اللہ کی عطا کردہ امانت ہے اور اسلام نے جسم و جاں کے تحفظ کا حکم دیتے ہوئے تمام افراد معاشرہ کو اس امر کا پابند بنایا ہے کہ وہ ہر صورت زندگی کی حفاظت کریں دکھ، پریشانیاں، مسائل اور آزمائشیں زندگی کا حصہ ہیں ان میں سے بیشتر تو انسان کے اپنے اعمال، افعال، اقوال کی وجہ سے پیش آتی ہیں جبکہ چند ایک خالق کائنات کی طرف سے آزمائش ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزمائش میں ڈال کر ان کے گناہوں کو مٹاتا ہے اور درجات کو بلند کرتا ہے جو لوگ آزمائش میں پورا اترتے ہیں وہ اللہ کی رحمتوں کے سائے میں آ جاتے ہیں اور جو ناکام ہو جاتے ہیں ان میں سے چند خودکشی کو راہ نجات سمجھتے ہوئے اپنا خاتمہ کر لیتے ہیں وہ نہ صرف اپنا اور اپنے اہل و عیال و خاندان کا دنیاوی نقصان کرتے ہیں بلکہ اپنی آخرت بھی تباہ کر لیتے ہیں بہترین انسان وہ ہے جو مشکل حالات کا جائزہ لے، اسباب کو تلاش کرے ان کا مداوا کرے، مشکلات کو آسانیوں میں بدلے اور اللہ تعالیٰ پر کامل توکل و بھروسہ کرتے ہوئے مایوسی کی بجائے صبر و رضا میں زندگی بسر کرے ہم وہ خوش نصیب ہیں جو مسلمان پیدا ہوئے ہمیں وہ دین ملا جو مکمل ضابطہ حیات ہے مگر المیہ ہے کہ ہمارے ہاں بھی اب خودکشی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے ایک رپورٹ کے مطابق تقریباً 25 فیصد افراد ڈپریشن، ذہنی دباؤ اور دماغی بیماریوں میں مبتلا ہیں جن میں زیادہ تعداد نوجوانوں کی ہے۔ ہمارے ہاں خودکشی کی وجوہات میں معاشرے میں عدم برداشت، خانگی تنازعات، غربت، مہنگائی اور معاشی صورت حال، پڑھائی میں اچھے گریڈ نہ لانا، گھریلو جھگڑے، پسند کی شادی نہ ہونا اور آج کل سائبر کرائمز کے ذریعے لڑکے لڑکیوں کو تصاویر یا ویڈیوز کے لیے بلیک میل کرنا وغیرہ شامل ہیں ماہرین کے مطابق تنہائی، چڑچڑا پن، شرمندگی، نشہ آور اشیا کا استعمال اور ایسی باتیں جو شرمندگی یا تکلیف کا باعث بنیں انسان کو ذہنی بیماریوں کی طرف دھکیلتی ہیں ان حالات میں والدین کے ساتھ دوستی کا جو رشتہ ہوتا ہے وہ ہمیں ان مسائل سے نکلنے کے لیے مدد دیتا ہے جبکہ زندگی میں مخلص دوستوں کا ہونا بھی ضروری ہے چاہے وہ زیادہ نہیں تو ایک دو ہی ہوں جن سے آپ دل کی ہر بات کہہ سکیں کیونکہ جب دل پر مسائل، مشکلات اور پریشانیوں کا بوجھ بڑھ جاتا ہے تبھی دماغ آپ کو زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا کرتا ہے اور دماغ ایسے کیمیکل پیدا کرتا ہے جو آپ کو خودکشی کرنے پر اکساتے ہیں اس لیے ضروری ہے دل پر بوجھ نہ بننے دیجئے اور اس کا سب سے آسان نسخہ اللہ کو یاد کرنا، اس کا شکر کرنا اور اس پر بھروسہ کرنا ہے ایک اور بات کہ خودکشی اسلام میں حرام قرار دی گئی ہے یہ عارضی زندگی ہمیں ایک بار ملی ہے اور اسی میں کیے گئے اعمال کا نتیجہ ہمیں آخرت میں ملے گا ہمیں زندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہوگا دوسروں میں مثبت سوچ پیدا کرنی ہوگی امیدوں کے دیے جلانے ہوں گے اپنے مال کی پوری زکوٰۃ دینی ہوگی ضرورت مندوں کو ڈھونڈ کر ان کی مدد کرنی ہوگی یہ کسی ایک کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کا یہ فرض ہے ہمیں ان اسباب کا بھی سدباب کرنا ہوگا جن کی وجہ سے لوگ اپنی زندگیوں کا خاتمہ کرنے پر مجبور ہیں ہمیں اپنی نوجوان نسل کو یہ احساس دلانا ہوگا کہ دنیا کی سب سے قیمتی شے ان کی جان ہے اور ہمیں خود کو ہر حال میں زندہ رکھنا ہے خود کو زندہ رکھنے کی چاہ میں ہی انسان جنگلوں سے نکل کر اس جدید دور تک آیا لیکن مایوسی اور عدم برداشت کی بدولت آج انسان زندہ رہنے کی تمنا چھوڑ بیٹھا ہے خودکشی کو روکنے کے لیے لمبے چوڑے وعظ، کانفرنسیں، اور میٹنگ کرنے کی بجائے اگر والدین اپنے بچوں کی تعلیم تربیت کے ساتھ انسانیت سے پیار کرنے کا سبق بھی یاد کروا دیں تو ہمارے معاشرے میں عدم برداشت اور تشدد کا کلچر ختم ہونے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خودکشی کا رجحان بھی ختم ہو سکتا ہے۔

مریض کہاں جائیں؟

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

پتا چلا ہے کہ حکومتِ پاکستان نے ادویہ کی قیمتوں پر کنٹرول کا نظام ختم کر کے ادویہ ساز اداروں کو دوائیوں کی قیمتیں مقرر کرنے کی کھلی چھٹی دے دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک سال کے دوران 80 ہزار ادویہ کی قیمتوں میں 300 فیصد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ حکومت نے دوا ساز اداروں کو لوٹ مار کی کھلی چھٹی دے کر مریضوں کو زندہ درگور کرنے میں اپنا بھرپور ادا کیا ہے۔ اوپر سے مرے کو مارے شاہ مدار کے مصداق دو نمبر اور جعلی ادویات کی مارکیٹ میں بھرمار ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق مارکیٹ میں اسی فیصد سے زائد ادویات جعلی ہیں جو دھڑلے سے فروخت کی جا رہی ہیں۔ دو سال قبل بھی ایسا ہی ہوا تھا جب ملکِ عزیز میں جان بچانے والی ادویات کی شدید قلت پیدا ہو گئی تھی یا کر دی گئی تھی جس کی وجہ سے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے 110 سے زائد قیمتوں میں اضافے کی سفارش کی تھی۔ حکام کا موقف تھا کہ اس وقت ملک میں ضروری ادویات کی سخت قلت ہے اور اگر قیمتوں میں اضافہ نہ کیا گیا تو خدشہ ہے کہ ادویہ ساز کمپنیاں یہ ادویات بنانا اور باہر سے منگوانا بند کر دیں گی۔ یہ فیصلہ ایسے وقت میں لیا گیا تھا جبکہ چند دن پہلے ہی وفاقی کابینہ نے بہت سی ادویات کی قیمتیں فکس کرنے اور 20 ضروری ادویات کی قیمتیں 30 فیصد کم کرنے کی منظوری دی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ جون 2022 سے قریباً تمام ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ جولائی 2023 میں جس نئی ڈرگ پرائس پالیسی کی منظوری دی گئی تھی اس کی وجہ سے 500 سے زائد ادویات اور سرجیکل آلات کی قیمتوں میں دس فیصد تک اضافہ ہوا تھا۔ گزشتہ ساڑھے چار سال کے دوران یہ ساتواں بڑا اضافہ تھا جبکہ مالی سال 2023-24 میں دوسرا بڑا اضافہ تھا۔ نہ تو گزشتہ منتخب حکومت نے مریضوں کی حالتِ زار پر ترس کھانا ضروری سمجھا تھا اور نہ ہی پی ڈی ایم حکومت ان کو کسی قسم کا ریلیف دینے میں سنجیدہ نظر آئی۔ دوسری طرف مہنگائی نے یہ حال کر دیا ہے کہ درمیانہ طبقہ بھی اب چیخ اٹھا ہے۔ لوگوں کو جسم و جان کا رشتہ برقرار رکھنے کے لیے دو وقت کے کھانے کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔ سیاستدان عوام کی فلاح کے منصوبے بنانے کے بجائے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے اور رسوا کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ کسی سیاسی پارٹی کے پاس عوام کی فلاح کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔ ہمارے ایک لیڈر نے الیکشن سے قبل اپنا ایجنڈا دیا تھا کہ وہ وزیراعظم شہباز شریف صاحب کو اتنی ٹینشن دیں گے کہ وہ سونے کے لیے نیند کی گولیاں کھانے پر مجبور ہوں گے جبکہ پی ڈی ایم والے عمران خان کو انتخابات میں عبرتناک شکست کا مژدہ جانفزا سنا رہے تھے۔ آصف زرداری اور بلاول بھٹو صاحب سندھ کے بلدیاتی انتخابات کا دوسرے فیز کی جیت کے نشے میں سرشار تھے تو جماعت اسلامی کراچی میں اپنی سیاسی واپسی کا جشن منا رہی تھی۔ اس حقیقت کی طرف کسی کی توجہ بھی نہیں جا رہی تھی کہ سندھ کے بلدیاتی انتخابات میں بہت بڑی تعداد میں ووٹر نکلا ہی نہیں۔ ایم کیو ایم والے دعویٰ کر رہے تھے کہ ٹرن آؤٹ صرف نو سے دس فیصد رہا ہے۔ گویا نوے فیصد ووٹرز نے انتخابی عمل کا بائیکاٹ کر کے سسٹم پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا تھا۔ دیکھا جائے تو یہ سیاست اور سیاستدانوں کی بہت بڑی شکست ہے کہ وہ ووٹرز کو باہر نکلنے پر قائل ہی نہیں کر سکے تھے۔ اس کی وجہ صرف یہی ہے کہ ووٹر تمام سیاستدانوں اور سیاسی پارٹیوں سے مایوس ہو چکا ہے۔ گزشتہ عام انتخابات میں بھی ٹرن آؤٹ دیکھ لیں۔ ووٹرز کو سیاستدانوں پر اعتماد نہیں رہا۔ سیاسی اختلافات ذاتی دشمنیوں میں بدل چکے ہیں۔ سیاستدانوں کی ہوسِ اقتدار میں مبتلا ہو کر آپس کی لڑائیوں نے ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ ہر سیاستدان دوسرے کی ٹانگ کھینچنے، دھوکہ دینے اور مسندِ اقتدار پر پہنچنے کے لیے جوڑ توڑ اور سازشوں میں مصروف رہتا ہے۔ ایسے میں عوام رُل گئے ہیں۔ کوئی بھی حکومت عوام کو ریلیف دینا نہیں چاہتی اور اپوزیشن اس معاملے پر پوری طرح متفق ہوتی ہے کہ ریلیف کی صورت میں حکومت کریڈٹ کیوں لے۔ حکومتی اور اپوزیشن پارٹیاں چکی کے دو پاٹ بن کر عوام کو بری طرح پیس رہی ہیں۔ پانچ فیصد مراعات یافتہ برہمن طبقہ پچانوے فیصد عوام کے ساتھ شودروں والا سلوک کر رہا ہے۔ بات دور نکل گئی۔ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا سب سے زیادہ اثر ان مریضوں پر پڑا ہے جو تین وقت مستقل دوائی کھاتے ہیں۔ بیماری امیر یا غریب کو نہیں دیکھتی۔ دو وقت کی روٹی سے تنگ لوگ تین وقت کی دوائی کے اخراجات کیسے پورے کریں گے؟ یہ سوچنے کی کسی حکومت نے نہ ضرورت محسوس کی ہے اور نہ ہی اس کے پاس اتنی فرصت ہوتی ہے۔ نتیجہ یہ نکلا ہے کہ عام اور نچلے طبقے کے لوگ تین کی بجائے ایک وقت دوائی کھانے لگے ہیں۔ یوں ان کا مرض کم ہونے کی بجائے بڑھتا جا رہا ہے مگر وہ فریاد کریں تو کس سے کریں۔ کینسر، اینستھیزیا، نفسیاتی اور دل کے امراض، اعضاء کی پیوند کاری اور جان بچانے والی ادویات کی قلت نے ان امراض میں مبتلا خواتین و حضرات کے لیے خطرناک صورتِ حال پیدا کر دی ہے۔ قیمتیں بڑھانا مسئلے کا حل نہیں ہے بلکہ ادویات کی قلت پر قابو پانا مسئلے کا حل ہے۔ ان اسباب کو دور کرنے کی ضرورت ہے جن کی وجہ سے مصنوعی قلت پیدا کر کے اور حکومتوں کو بلیک میل کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے۔ مریضوں کے جذبات سے کھیلا جا رہا ہے اور انہیں فٹ بال بنا کر مافیا کے آگے پھینکا جا رہا ہے۔ قیمتوں میں اضافے سے زیادہ اہم کام جان بچانا ہے۔ اس کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ اربابِ اختیار کو ضروری اور جان بچانے والی ادویات کی قیمتیں بڑھا کر سارا بوجھ عوام پر ڈالنے کی بجائے ضروری طبی سامان، جراحی کے آلات اور ادویات کی درآمد کے معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا چاہیے۔ مہنگی ادویات کی درآمد کی بجائے ملکی سطح پر ان ادویات کی تیاری کو فروغ دینا چاہیے اور مقامی فارماسیوٹیکل کمپنیوں کی اس سلسلے میں حوصلہ افزائی کرنی چاہیے تاکہ نہ صرف آئے روز ہونے والی ادویات کی قلت پر قابو پایا جا سکے بلکہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کی بلیک میلنگ سے بھی نجات مل سکے۔

گوش برآوز۔۔ شعر وشاعرات پر مشتمل عالمی ڈائریکٹری

چمن کی فکر
فخرالزمان سرحدی
Fakharzaman085@gmail.com

عظیم شاعر صحافی اور چیف ایڈیٹر صاحب نے سسٹم پبلیکیشنز لاہور کی طرف سے کتاب گوش برآواز 3704 شعروشاعرات پر مشتمل ڈائری۔۔ مرتب و ملف: مشتاق دربھنگوی صاحب کی عظیم کاوش ہے تحفہ کے طور پر ملی۔ اس میں ایک محبت اور خلوص نمایاں تھا۔ خصوصی کاوش محترم نواب ناظم صاحب کی بھی شامل ہے۔ یہ کتاب 2018 میں کلکتہ میں شائع ہوئی۔ اس کے بعد سسٹم اخبار کے مدیر نواب ناظم نے 2022 میں لاہور سے شائع کیا۔ اب اس کی جلد دوئم منظر عام پر آئے گی۔ اس کی تیاری میں ایک عظیم کوشش اور جدوجہد کارفرما ہے۔ کتاب گوش برآواز کتنی اہم ہے اس کا اندازہ اسی وقت ہو پاتا ہے جب اس کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ یہ کتاب اس حد تک منفرد اور دلکش ہے کہ مرتب و ملف محترم مشتاق دربھنگوی صاحب اور محترم نواب ناظم صاحب کی کاوش 2022 میں لاہور پاکستان سے شائع کرتے ایک روشن مثال قائم کر دی۔ عرض حال تو اتنا سا ہے کہ اس خوبصورت تصنیف پر کچھ اپنی بساط کے مطابق لکھ دوں۔ انتساب۔ اردو کے پہلے صاحب کلیات شاعر قلی قطب شاہ اور ادب کی دیگر برگزیدہ شخصیتوں کے نام ہے۔ عنوان گوش برآواز اور مشتاق دربھنگوی کے نام سے لکھی تحریر جو محترم نواب ناظم کی سعی بلیغ ہے۔ ایک جامع اور فقید المثال تحریر ہے۔ اس کے آئینہ میں دیکھیں تو مشتاق صاحب ایک ادبی گھرانہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ موصوف موضع بھنگو بہار میں 1958 میں پیدا ہوئے۔ ادبی مگر خاصے مشکل حالات میں پرورش پائی گویا انہیں ودیعت میں اردو ادب سے عاشقانہ جذبہ میسر آیا۔ ان کے اشعار ٹھوس ثبوت ہیں کہ موصوف اردو ادب سے کس قدر محبت کرتے ہیں۔ ہے یوں ہماری روح میں اردو بسی ہو پھولوں میں جیسے ہوتی ہے خوشبو بسی ہو میرے کانوں میں مصری گھولتا ہیکوی بچہ جب اردو بولتا ہیا یک جائزہ کے مطابق مشتاق دربھنگوی صاحب 1980 سے شعر وسخن کی دنیا سے وابستہ ہیں۔ شعبہ صحافت میں بھی ان کا بہت بڑا حصہ ہے۔ طویل عرصہ سے روزنامہ مشرق کولکتہ بھارت میں بطور ایڈیٹر ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ اور حیران کن امر بلکہ تعجب خیز بات یہ ہے کہ ڈیڑھ درجن کتب کے مصنف بھی ہیں۔ نواب ناظم صاحب مزید لکھتے ہیں کہ ہر کتاب میں ادب کے نئے نئے دریچے وا کیے ہیں۔ قاری کے علاوہ شعر و ادب کی دنیا کا ہر فرد انہیں داد و تحسین سے نوازنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ محترم نواب ناظم صاحب نے گوش برآواز کے لیے چند اشعار پیش کیے جو توجہ کا مرکز ہیں۔ موصوف لکھتے ہیں: تازہ نغموں اور جذبوں کو بھی جس پر ناز ہے رقص میں سارا ادب ہے رقص میں یہ ساز ہے شعر کی دنیا میں ناظم یہ بڑا اعزاز ہے ہیجس طرف دیکھو ادھر یہ گوش برآواز ہیاور بھی ہیرہ نما اشعار اس کتاب کی اہمیت اجاگر کرتے ہیں۔ ثریا شاہد لاہور پاکستان کی تحریر عرض ہے کے عنوان سے دلچسپ اور خوبصورتی کی علامت ہے۔ قسیم اختر (پورنیہ بہار انڈیا) (ڈاکٹر صابرہ خاتون حنا) ٹی ڈی بی کالج رانی گنج مغربی بنگال انڈیا (ایم۔ زیڈ۔ کنول) چیف ایگزیکٹو جگنو انٹرنیشنل) لاہور پاکستان (طارق طاسی) لاہور پاکستان (وجاہت گردیزی) اسلام آباد پاکستان (کے تاثرات اپنے دامن میں محبت اور الفت کے تقاضے سموئے ہوئے ہیں۔ جو موصوف مشتاق دربھنگوی صاحب اور محترم نواب ناظم صاحب کے لیے بہت بڑا اعزاز ہیں۔ محترم مشتاق دربھنگوی صاحب نے (اپنی بات) کے عنوان سے تحریر میں سرگزشت لکھ دی۔ جو موصوف کی زندگی کے گوشوں کی عکاس ہے۔ بہت سارے شعراء اور شاعرات نے گوش برآواز کے لیے قطعات اور اشعار لکھ کر اس کی اہمیت کو چار چاند لگا دیے۔ اب انشاءاللہ بہت جلد حصہ دوئم بھی منظر عام پر آنے کو ہے۔ انتظار کی گھڑیاں تیز ہیں۔ کتاب میں ناز مظفر آبادی کی تحریر (گوش برآواز) کے عنوان سے لکھتے ہیں:) شعراء و شاعرات کی عالمی ڈائریکٹری گوش برآواز کی اشاعت جناب مشتاق دربھنگوی کا عظیم الشان کارنامہ ہے۔ اس نایاب اور منفرد کتاب کو عالمی سطح پر جو پذیرائی و کامیابی حاصل ہوئی ہے وہ اپنی جگہ پر ایک تاریخ ہے۔ مشتاق دربھنگوی ممتاز شاعر معروف نثر نگار اور نامور صحافی ہیں۔ ان کے اس شاہکار کو دنیا بھر میں تسلیم کر لیا گیا ہے۔ موصوف نواب ناظم صاحب جو منفرد شخصیت اور ہستی کے مالک ہیں ان کا تذکرہ بھی خوبصورت الفاظ کے ساتھ کیا ہے۔ محترم ڈاکٹر خالد اقبال یاسر (تمغائے امتیاز) (سابق ناظم اعلی اکادمی ادبیات پاکستان کی تحریر) اردو زبان و ادب بھارت اور پاکستان کا مشترکہ ورثہ (کے عنوان سے قیمتی سرمایہ ہے۔ موصوف مشتاق دربھنگوی صاحب کی عظیم کاوش قرار دے کر کتاب کی اہمیت کو چار چاند لگا دیے۔ ڈاکٹر خالد اقبال صاحب نے کوزے میں دریا بند کرتے موصوف مشتاق دربھنگوی صاحب اور نواب ناظم صاحب کے نام محبت بھرے الفاظ و کلمات سے نوازتے ہوئے دریا دلی کا ثبوت دیا۔ جو کتاب گوش برآواز کے آخری صفحہ پر موتی اور چاندی کے ورق کی طرح دلکشی کی تصویر بن کر رہے گا۔ اس شعر کے ساتھ کالم سمیٹتا ہوں جو اس کتاب کی زینت ہے۔ تو جہاں بھی ہے مجھے آواز دیمیں سراپا گوش برآواز ہوں تحریر و تبصرہ۔ فخرالزمان سرحدیگاں ڈنگڈاک خانہ ریحانہ تحصیل وضلع ہری پور۔

اس نایاب اور منفرد کتاب کو عالمی سطح پر جو پذیرائی و کامیابی حاصل ہوئی ہے وہ اپنی جگہ پر ایک تاریخ ہے۔ مشتاق دربھنگوی ممتاز شاعر معروف نثر نگار اور نامور صحافی ہیں۔ ان کے اس شاہکار کو دنیا بھر میں تسلیم کر لیا گیا ہے۔ موصوف نواب ناظم صاحب جو منفرد شخصیت اور ہستی کے مالک ہیں ان کا تذکرہ بھی خوبصورت الفاظ کے ساتھ کیا ہے۔ محترم ڈاکٹر خالد اقبال یاسر (تمغائے امتیاز) (سابق ناظم اعلی اکادمی ادبیات پاکستان کی تحریر) اردو زبان و ادب بھارت اور پاکستان کا مشترکہ ورثہ (کے عنوان سے قیمتی سرمایہ ہے۔ موصوف مشتاق دربھنگوی صاحب کی عظیم کاوش قرار دے کر کتاب کی اہمیت کو چار چاند لگا دیے۔ ڈاکٹر خالد اقبال صاحب نے کوزے میں دریا بند کرتے موصوف مشتاق دربھنگوی صاحب اور نواب ناظم صاحب کے نام محبت بھرے الفاظ و کلمات سے نوازتے ہوئے دریا دلی کا ثبوت دیا۔ جو کتاب گوش برآواز کے آخری صفحہ پر موتی اور چاندی کے ورق کی طرح دلکشی کی تصویر بن کر رہے گا۔ اس شعر کے ساتھ کالم سمیٹتا ہوں جو اس کتاب کی زینت ہے۔ تو جہاں بھی ہے مجھے آواز دیمیں سراپا گوش برآواز ہوں تحریر و تبصرہ۔ فخرالزمان سرحدیگاں ڈنگڈاک خانہ ریحانہ تحصیل وضلع ہری پور



وینا ملک اور متھیرا کی ذومعنی باتوں پر سوشل میڈیا صارفین بھڑک اٹھے

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کی بولڈ اداکاراں متھیرا اور وینا ملک کی جانب سے ٹی وی شو میں ذومعنی جملوں کے استعمال پر سوشل میڈیا صارفین بھڑک اٹھے۔ ٹی وی کے ایک پروگرام میں میزبان متھیرا اور اداکارہ وینا ملک کے درمیان ہونے والی ذومعنی گفتگو پر انھیں شدید تنقید کا سامنا ہے جبکہ ناراض صارفین نے پیمرا سے مذکورہ پروگرام پر پابندی کا بھی مطالبہ کردیا ہے۔ اداکارہ وینا ملک حال ہی میں ایک ٹی وی شو میں نظر آئیں جس کی میزبانی متھیرا کر رہی تھی۔ وینا نے اس پروگرام میں اپنی ذاتی زندگی سمیت شوبز کیریئر پر بھی کھل کر بات کی۔ تاہم اسی پروگرام کے ایک حصے میں میزبان اور مہمان کے درمیان ہونے والی ذومعنی گفتگو نے سوشل میڈیا صارفین کو شدید برہم کردیا ہے۔ پروگرام کے مخصوص حصے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے دونوں اداکاراں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور اس طرح کی گفتگو کے بعد پیمرا سے پروگرام پر پابندی لگانے کا بھی مطالبہ کردیا ہے۔ سوشل میڈیا پر صارفین کی جانب سے سوال اٹھایا جارہا ہے کہ اس طرح کے ذومعنی جملوں پر مبنی گفتگو قومی ٹیلی وژن پر اسلامی ملک میں نشر کی جارہی ہے اور سب خاموش ہیں۔

نورا فتحی ناگن بن گئیں، یہ میرا ڈریم پروجیکٹ رہا ہے، نورا فتحی

ممبئی (شوبز ڈیسک) شہرت یافتہ اداکارہ اور ڈانسر نورا فتحی نے اپنے لکھے اور گائے ہوئے گانے اسنیک کے ساتھ گلوکاری کی دنیا میں بھی قدم رکھ دیا ہے۔ نورا فتحی نے امریکی مین اسٹریم میوزک انڈسٹری میں مشہور سنگر جیسن ڈیرولو کے ساتھ گلوکاری میں ڈیبیو کیا ہے۔ 16 جنوری کو ریلیز ہونے والا یہ گانا پہلے ہی یوٹیوب پر 21 ملین ویوز حاصل کرچکا ہیاسنیک گانے کی ڈانس ویڈیو میں نورا فتحی کے خود ناگن بننے اور سانپ کی ڈولتے ہوئے رقص کو مداحوں کی جانب سے خوب پذیرائی مل رہی ہے۔ گانے کی ہدایت کاری مراکش کے ہداہت کار عبدالرافیہ ال عبدوئی نے کی ہے جب کہ اس کے کوریوگرافر بھارت سے تعلق رکھنے والے راجیت دیو ہیں۔ گانے کو مراکش کے دلکش مناظر کے پس منظر میں فلمایا گیا ہے، جس پر مراکز کا اثر بھی واضح ہے۔ نورا فتحی نے ایک بیان میں کہا کہ اسنیک میرا ڈریم پروجیکٹ رہا ہے اور آخر کار میں اس گانے کو دنیا کے ساتھ شیئر کرنے پر بہت خوش ہوں۔ جیسن ڈیرولو کے ساتھ کام کرنا ایک ناقابل یقین تجربہ رہا ہے۔ گانا اسنیک نورا کے کیریئر میں ایک اور سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ وہ اداکار اور رقاصہ ہونے کے بعد ایک گلوکارہ کی حیثیت سے بین الاقوامی میوزک انڈسٹری میں اپنی پہچان بنا رہی ہیں۔

معروف اداکارہ بشریٰ انصاری کو نئی ویڈیو پر کڑی تنقید کا سامنا

سوشل میڈیا صارفین نے تنقید کرتے ہوئے ان کی اس ویڈیو کو ان کے پیشہ ورانہ مقام کے خلاف قرار دیا

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کی نامور اداکارہ بشریٰ انصاری کو اپنی حالیہ انسٹاگرام ویڈیو پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بشریٰ انصاری نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک ریل پوسٹ کی، جس میں وہ رقص کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کرتی نظر آئیں۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ وہ دل سے خوش رہنے والی شخصیت ہیں اور زندگی کے خوشگوار لمحات سے لطف اندوز ہونا پسند کرتی ہیں۔ تاہم سوشل میڈیا پر ان کے مداحوں اور ناقدین نے اس ویڈیو پر مختلف آرا کا اظہار کیا۔ بعض لوگوں نے ان کے انداز کو سراہا، جبکہ کچھ صارفین نے تنقید کرتے ہوئے ان کی اس ویڈیو کو ان کے پیشہ ورانہ مقام کے خلاف قرار دیا۔ یاد رہے کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے جب بشریٰ انصاری کو تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ اس سے قبل بھی انہیں مختلف ویڈیوز پوسٹ کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا جا چکا ہے، لیکن اداکارہ ہمیشہ اپنی زندگی اپنی پسند کے مطابق جینے کے عزم کا اظہار کرتی ہیں۔

معروف اداکار گلوکار جواد احمد نے بجلی چوری کا الزام مسترد کردیا

لاہور (کلچرل ڈیسک) برابری پارٹی کے چیئرمین جواد احمد نے لاہور پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران اپنے اوپر لگنے والے بجلی چوری کے الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق جواد احمد نے کہا کہ وہ گھر پر تھے جب ان کی اہلیہ نے سیلون سے کال کی اور بتایا کہ کچھ افراد سروے کے نام پر میٹر چیک کر رہے ہیں۔ بعد میں معلوم ہوا کہ گرین میٹر اتار لیا گیا ہے، جو شہری کی ذاتی ملکیت ہوتا ہے۔ جواد احمد کے مطابق، ان کے علاقے میں چوریوں کے پیش نظر میٹر کو جنگلے میں بند کیا گیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میٹر کی جانچ کیے بغیر اسے بجلی چوری کا الزام لگا کر لے جایا گیا، جس پر انہیں غصہ آیا۔ جواد احمد نے کہا کہ وہ خود پولیس کے پاس گئے اور لیسکو حکام سے بات کی۔ انہوں نے ان الزامات کو پروپیگنڈا قرار دیا اور کہا کہ ان کی ساکھ خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ گرین میٹر سے بجلی چوری ممکن نہیں۔ جواد احمد نے دعویٰ کیا کہ اس معاملے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔

اروشی روٹیلا نے سیف علی خان پر حملے سے متعلق اپنے بیان پر معافی مانگ لی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکارہ و ماڈل اروشی روٹیلا کو سیف علی خان پر حملے کے حوالے سے دیے گئے غیر حساس بیان پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے سیف پر حملے کی مذمت تو کی، لیکن ساتھ ہی اپنے قیمتی زیورات کی نمائش بھی کی اور سیف کے بارے میں بات کرتے کرتے اپنی مہنگی ہیرے کی گھڑی اور انگوٹھیوں سے متعلق بات شروع کردی، اس انٹرویو کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد لوگوں نے اداکارہ کے اس رویے کو نامناسب اور بے حسی قرار دے دیا۔ اروشی نے بعد ازاں ایک بیان جاری کرتے ہوئے اپنے الفاظ پر معافی مانگی اور کہا کہ وہ صورتحال کی سنگینی کو ابتدا میں نہیں سمجھ سکیں۔ انہوں نے کہا، سیف علی خان صاحب، میں اپنی لاعلمی اور غیر حساسیت پر شرمندہ ہوں۔ اب جب مجھے آپ کے کیس کی شدت کا اندازہ ہوا ہے، میں دل سے معذرت خواہ ہوں اور اپنی حمایت پیش کرتی ہوں۔ یاد رہے کہ سیف علی خان پر جمعرات کی صبح ایک شخص نے ان کے گھر میں گھس کر حملہ کیا تھا، جس میں ان کی گردن اور ریڑھ کی ہڈی کے قریب چوٹیں آئیں۔ انہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ کئی سرجریوں کے بعد اب خطرے سے باہر ہیں۔

پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 127 رنز سے شکست دیدی

ملتان ٹیسٹ میں اسپنر ساجد خان نے 9 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دیکھائی

ملتان (اسپورٹس ڈیسک) سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 127 رنز سے شکست دیکر 1-0 کی برتری حاصل کرلی۔ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے تیسرے روز کھیل کا آغاز کیا تو مڈل آرڈر بیٹر سعود شکیل بغیر کسی رنز کا اضافہ کیے وکٹ گنوا بیٹھے جبکہ کامران غلام 27 رنز بنانے میں کامیاب ہوئے، دیگر کھلاڑیوں میں محمد رضوان 2، نعمان علی 9، آغا سلمان 14، ساجد خان 5 اور خرم شہزاد صفر پر آٹ ہوئے۔ پاکستانی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 157 رنز بنا کر آل آٹ ہوگئی اور ویسٹ انڈیز کو جیت کیلئے 251 رنز کا ہدف دیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے دوسری اننگز میں جومل واریکن نے 7 اور گڈاکیش موتی نے ایک وکٹ حاصل کی۔ 251 رنز کے ہدف کے تعاقب میں مہمان ٹیم کا آغاز ایک مرتبہ پھر مایوس کن رہا، کپتان کریگ براتھویٹ 12، میکائل لوئس 13، کیسی کارٹی 6، کیویم ہوج صفر اور جسٹن گریوز 9، ٹیون املاچ 14، کیون سنکلیئر 10، گڈاکیش موتی اور جومل واریکن صفر پر پویلین روانہ ہوئے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے ایلک ایتھنیز 55 رنز کی مزاحمتی اننگز کھیلی تاہم وہ ٹیم کو جتوانے میں ناکام رہے۔ پاکستان کی جانب سے دوسری اننگز میں ساجد خان نے 5 اور ابرار احمد نے 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دیکھائی۔ دوسرے روز کھیل کا آغاز 4 وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز سے کیا، پانچویں وکٹ کی شراکت میں محمد رضوان اور سعود شکیل نے 141 رنز کی پارٹنرشپ قائم کی تاہم سعود 84 رنز بنا کر وکٹ گنوا بیٹھے جبکہ محمد رضوان 71 رنز کے مہمان ثابت ہوئے۔ دیگر کھلاڑیوں میں سلمان آغا 2 اور نعمان علی صفر، ساجد خان 18 اور خرم شہزاد 7 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ یوں پاکستانی ٹیم پہلی اننگز میں محض 230 رنز بنا کر آل آٹ ہوگئی۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے جومل واریکن اور جیڈن سیلز نے 3، 3 جبکہ کیون سنکلیئر نے 2 اور گڈاکیش موتی نے ایک وکٹ حاصل کی۔ مہمان ٹیم نے گرین شرٹس کیخلاف بیٹنگ کا آغاز کیا تو اسپنر ساجد خان نے تباہ کن بالنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ابتدائی 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دیکھائی، بعدازاں نعمان علی نے 5 اور ابرار احمد نے ایک کھلاڑی کا شکار کیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے کپتان کریگ براتھویٹ نے سب سے زیادہ 11، میکائل لوئس ایک، کیسی کارٹی صفر، کیویم ہوج اور جسٹن گریوز 4، 4 ٹیون املاچ 6 رنز بنا سکے تھے جبکہ لوئر مڈل آرڈر میں گڈاکیش موتی 19، جومل واریکن 31 اور جیڈن سیلز رنز بنا کر آٹ ہوئے۔ ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم پاکستان کیخلاف محض 137 رنز بنا کر آل آٹ ہوگئی، انہیں پاکستان کیخلاف 93 رنز کا خسارہ ہے۔ قومی ٹیم نے دوسری اننگز کا پراعتماد آغاز کیا تاہم کپتان شان مسعود 52 اور محمد ہریرہ 29 رنز بنا کر آوٹ ہوگئے، بابر اعظم صرف 5 رنز کے مہمان ثابت ہوئے۔

پاکستان نے ہوم ایڈوانٹیج کی وجہ سے مشکل پچ تیار کروائی، ویسٹ انڈیز کپتان

لاہور (میاں شہروز سے) ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے کپتان کریگ براتھ ویٹ نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہوم ایڈوانٹیج کی وجہ سے مشکل پچ تیار کروائی۔ میچ کے بعد گفتگو میں ویسٹ انڈیز کے کپتان کریگ براتھ ویٹ نے کہا کہ ملتان کی پچ بہت مشکل تھی جہاں بال بہت اسپن ہورہی تھی، پاکستان نے ہوم ایڈوانٹیج کی وجہ سے ایسی پچ تیار کروائی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھی دوسری اننگز میں اچھی بیٹنگ نہیں کی، میرے خیال میں پہلی اننگز میں ہم مزید بہتر بولنگ کرسکتے تھے۔ ویسٹ انڈیز کے کپتان کا کہنا تھا کہ ملتان میں پاکستانی شائقین نے ہمیں بھی سپورٹ کیا، شائقین کرکٹ کی سپورٹ دیکھ کر اچھا لگا۔ کریگ براتھ ویٹ نے کہا کہ جومل وریکن نے بہت اچھی بالنگ کی، دوسرے ٹیسٹ میچ کے لیے امید ہے جومل وریکن دوبارہ اچھی بالنگ کریں گے، ہم دوسرے ٹیسٹ میچ میں کم بیک کریں گے۔

پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو شکست دیکر ٹیسٹ میں منفرد ریکارڈ بنالیا

پاکستان نے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کو 127 رنز سے شکست دے دی

ملتان (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان نے ملتان میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر منفرد ریکارڈ بھی بنالیا۔ ملتان میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں پاکستان کے اسپن بالرز نے اپنی گھومتی گیندوں سے کالی آندھی کو چکرا کر رکھا اور مہمان ٹیم کو 127 رنز سے شکست دی۔ قومی ٹیم نے ویسٹ انڈیز کو ٹیسٹ میچ میں سب سے کم گیندوں پر شکست دینے کا منفرد ریکارڈ قائم کیا۔ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں ٹوٹل 1064 بار بولنگ کروائی گئی اور یہ قومی کرکٹ ٹیم کا سب سے کم گیند بازی کر کے شکست دینے کا ریکارڈ ہے۔ پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 280 رنز بنائے جس میں محمد رضوان اور سعود شکیل کی 100 رنز سے زائد کی پارٹنرشپ بھی شامل ہے۔ دوسری اننگز میں قومی بولر ساجد خان اور نعمان علی نے ویسٹ انڈیز کو 25.2 اوور میں 137 گیندوں پر چلتا کردیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے 9 وکٹیں حاصل کیں اور یوں میچ صرف 1064 گیندوں پر ہی ختم ہوگیا۔

چیمپئنز ٹرافی، گمبھیر، روہت نائب کپتان کو لیکر الجھ پڑے، شبمن گل کو نائب بنانے پر اصرار

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے ٹیم سلیکشن کے حوالے سے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کے 2 فیصلوں کو نظر انداز کردیا گیا جبکہ کپتان روہت شرما نے نائب کپتان کیلئے ہاردک کا نام نظر انداز کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سری لنکا، نیوزی لینڈ اور پھر آسٹریلیا کے ہاتھوں بدترین شکست کے بعد ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر اور کپتان روہت شرما کے درمیان اختلافات کے باعث ٹیم انڈیا کا ڈریسنگ روم سرکس کا منظر پیش کررہا ہے۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ گزشت روز چیمپئنز ٹرافی کے اسکواڈ کے ناموں کے اعلان سے قبل ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر، کپتان روہت شرما اور چیف سلیکٹر اجیت اگرکر کے درمیان طویل ملاقات ہوئی۔ جس میں گمبھیر نے ہاردک پانڈیا کو نائب کپتان بنانے کا کہا لیکن کپتان روہت شرما اور اجیت اگرکر نے شبمن گل کو انکا نائب بنانے پر اتفاق کیا۔ گمبھیر کا دوسرا فیصلہ جیسے نظر انداز کیا گیا وہ سنجو سیمسن کو شامل کرنا تھا لیکن کپتان اور سلیکٹر نے یہاں بھی ہیڈ کوچ بات کو نظر انداز کیا اور رشبھ پنت کو موقع دینے کا فیصلہ کیا۔ قبل ازیں گزشتہ روز بھارتی کپتان اور چیف سلیکٹر اجیت اگرکر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے مشترکہ طور پر کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کیا تاہم اس موقع پر ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر موجود نہیں تھے۔ کپتان روہت شرما، شبمن گل) نائب کپتان(، ویرات کوہلی، شریاس آئیر، کے ایل راہول، ہاردک پانڈیا، اکسر پٹیل، واشنگٹن سندر، کلدیپ یادیو، جسپریت بمراہ، محمد شامی، ارشدیپ سنگھ، یاشاسوی جیسوال، رشبھ پنت، اور رویندرا جدیجہ شامل ہیں۔

مینز بگ بیش لیگ، سڈنی تھنڈر اور میلبورن سٹارز کے درمیان ناک آؤٹ میچ آج کھیلا جائے گا

کینبرا (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا (سی اے) کے زیر اہتمام مینز بگ بیش لیگ ٹی ٹونٹی کا 14 واں ایڈیشن آسٹریلیا میں جاری ہے جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی سخت اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں، لیگ میں کل (بدھ کو) ایک میچ کا فیصلہ ہوگا۔ لیگ کا ناک آؤٹ میچ سڈنی تھنڈر اور میلبورن سٹارز کی ٹیموں کے درمیان سڈنی شوگراؤنڈ سٹیڈیم، سڈنی میں کھیلا جائے گا۔ بگ بیش لیگ مردوں کا ایک پیشہ وارانہ ٹی ٹونٹی ڈومیسٹک کرکٹ ٹورنامنٹ ہے، جس میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں، ان میں ایڈیلیڈ سٹرائیکرز، دفاعی چیمپئن برسبین ہیٹ، ہوبارٹ ہریکینز، میلبورن رینیگیڈز، میلبورن سٹارز، پرتھ سکارچرز، سڈنی سکسرز اور سڈنی تھنڈر شامل ہیں۔ برسبین ہیٹ کی ٹیم لیگ میں ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ ٹورنامنٹ ڈبل راؤنڈ روبن اور پلے آف سسٹم پر کھیلا جا رہا ہے۔ ٹورنامنٹ میں فائنل سمیت کل 44 میچز کھیلے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 27 جنوری 2025 کو کھیلا جائے گا۔ مینز بگ بیش لیگ، سڈنی تھنڈر اور میلبورن سٹارز کے درمیان ناک آؤٹ میچ آج کھیلا جائے گا۔

آسٹریلین اوپن ٹینس مکسڈ ڈبلز، سیگمنڈ اور ہنری کی برطانوی جوڑی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی

اٹلی کی سیرا ایرانی اور ان کے ہم وطن جوڑی دار اینڈریا واواسوری پر مشتمل اطالوی ٹاپ سیڈڈ جوڑی کو شکست دی

میلبورن (این این آئی) انگلینڈ کی ٹینس کھلاڑی لورا نتالی سیگمنڈ اور ان کے ہم وطن جوڑی دار ہنری پیٹن پر مشتمل برطانوی جوڑی اپنی فتوحات کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل مرحلے میں پہنچ گئی۔ میگا ایونٹ کے مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میچ میں انگلینڈ کی ٹینس کھلاڑی لورا نتالی سیگمنڈ اور ان کے ہم وطن جوڑی دار ہنری پیٹن نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے اٹلی کی سیرا ایرانی اور ان کے ہم وطن جوڑی دار اینڈریا واواسوری پر مشتمل اطالوی ٹاپ سیڈڈ جوڑی کو شکست دی۔ آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ مقابلے میلبورن میں جاری ہیں۔ پیر کو کھیلے گئے مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میچ میں انگلینڈ کی ٹینس کھلاڑی لورا نتالی سیگمنڈ اور ان کے ہم وطن جوری دار ہنری پیٹن پر مشتمل برطانوی جوڑی نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اٹلی کی سیرا ایرانی اور ان کے ہم وطن جوڑی دار اینڈریا واواسوری پر مشتمل اطالوی ٹاپ سیڈڈ جوڑی کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 4-6 سے شکست دے کر میگا ایونٹ کے مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔

چیلسی نے انگلش پریمیئر لیگ میں وولور ہیمپٹن وانڈررز کو 1-3 سے ہرادیا

توسین ادارابیو، مارک کوکوریلا اور نونی مادوکے نے ایک ایک گول کر کے اپنی ٹیم چیلسی کی فتح میں اہم کردار ادا کیا

لندن (این این آئی) چیلسی نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں وولور ہیمپٹن وانڈررز کو 1-3 گول سے ہرادیا، یہ چیلسی کی لیگ میں 11 ویں فتح ہے۔ توسین ادارابیو، مارک کوکوریلا اور نونی مادوکے نے ایک ایک گول کر کے اپنی ٹیم چیلسی کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ سٹامفورڈ برج، لندن میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں چیلسی کی ٹیم نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے وولور ہیمپٹن وانڈررز کی ٹیم کو ایک کے مقابلے میں 3 گول سے ہرا دیا۔ چیلسی کی فتح میں۔ توسین ادارابیو، مارک کوکوریلا اور نونی مادوکے نے ایک ایک گول کر کے اہم کردار ادا کیا۔ وولور ہیمپٹن وانڈررز کی جانب سے واحد گول میٹ ڈوہرٹی نے سکور کیا۔ یہ چیلسی کی ای پی ایل میں گیارہویں فتح ہے۔ اس فتح کے بعد چیلسی کی ٹیم ترقی پا کر پوائنٹس ٹیبل پر 40 پوائنٹس کے ساتھ چوتھی پوزیشن پر پہنچ گئی ہے۔

کراٹے کے کھلاڑیوں نے نیشنل چیمپئن شپ میں 20 میڈلز حاصل کرلیے

حجرہ شاہ مقیم: اسسٹنٹ کمشنر نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں کیش پرائز تقسیم کیئے

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ای لائبریری میں کراٹے کے کھلاڑیوں کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ احسن ممتاز نے 32 ویں نیشنل تن شن کان شوتو کان کراٹے چیمپئن شپ ریاض الحق چیمپئنز ٹرافی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گولڈ میڈل، سلور میڈل اور برونز میڈل حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں کیش پرائز تقسیم کیئے، چیف انسٹرکٹر ڈاکٹر محمد عارف صدیقی نے کھلاڑیوں میں تعریفی سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیئے، دی ماسٹر بائے سنٹر آف ایکسی لینس کراٹے کے کھلاڑیوں نے تاریخ رقم کرتے ہوئے نیشنل چیمپئن شپ میں 8 گولڈ میڈل اور 2 سلور میڈل حاصل کیئے تھے، دی ماسٹر بائے سنٹر آف ایکسی لینس کراٹے کے کھلاڑیوں نے مجموعی طور پر نیشنل چیمپئن شپ میں 20 میڈلز اپنے نام کیئے۔

ٹاپ سیڈڈ جینک سنر اور نوویک جوکووچ آسٹریلین اوپن ٹینس مینز سنگلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

میلبورن (این این آئی) اطالوی ٹینس اسٹار، دفاعی چیمپئن اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈڈ جینک سنر اور سربین ٹینس اسٹار اور 24 گرینڈ سلام کے فاتح نوویک جوکووچ آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں میں اپنی پیش قدمی کو جاری رکھتے ہوئے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ دفاعی چیمپئن اٹلی کے جینک سنر نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ڈنمارک کے حریف کھلاڑی ہولگر رونے کو شکست دی جبکہ سربین ٹینس اسٹار نوویک جوکووچ نے میگا ایونٹ کے چوتھے جمہوریہ چیک کے جیری لیہیکا کو مات دی۔ آسٹریلیا کے شہر میلبورن میں جاری 113 واں میگا ایونٹ میں منگل کو کھیلے گئے میز سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں اطالوی ٹینس اسٹار اور ایونٹ کے ٹاپ سیڈڈ جینک سنر نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈنمارک کے حریف کھلاڑی ہولگرونے کو 3-6، 6-3، 3-6 اور 2-6 سے نہ صرف شکست دی بلکہ ٹورنامنٹ کے میز سنگلز کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ جینک سنر کا کوارٹر فائنل میں مقابلہ میزبان حریف کھلاڑی ایلکس ڈی مینور سے ہوگا۔ ایک اور میچ میں سربین ٹینس اسٹار اور 24 گرینڈ سلام کے فاتح نوویک جوکووچ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے میز سنگلز چوتھے۔

آئی سی سی ویمنز ٹی 20 انڈر 19 ورلڈکپ' انگلینڈ نے پاکستان کو 6 وکٹوں سے ہرادیا

پاکستان انڈر 19 پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 18.5 اوورز میں 66 رنز بنا کر آؤٹ' انگلینڈ 9.2 اوورز میں کامیاب

کوالالمپور (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ٹی 20 انڈر 19 ورلڈکپ میں انگلینڈ نے پاکستان کو 6 وکٹوں سے ہرادیا، فاتح ٹیم نے 67 رنز کا ہدف دسویں اوور میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ گزشتہ روز جوہر اکیڈمی اوول میں کھیلے گئے گروپ بی کے میچ میں انگلینڈ انڈر 19 نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جو درست ثابت ہوا، پاکستان انڈر 19 پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 18.5 اوورز میں 66 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی، زوفشاں ایاز 15 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں، کپتان کومل خان 12، فاطمہ خان 6، راویل فرحان صفر، عریشہ انصاری 4، ماہم انیس صفر، منائل 2، قرۃ العین احسن 10، میمونہ خالد 8 اور شہر بانو صفر پر آؤٹ ہوئیں، سورن کمار نے تین جبکہ اولیویا برنسڈن، ایوا ونیل اور ٹلی کولیمن نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں انگلینڈ انڈر 19 نے مطلوبہ ہدف 9.2 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا، کیٹی جونز 20 اور کپتان ابی گیل نارگرو 14 رنز بنا کر نمایاں رہیں۔

کراچی: گورنر ہاؤس کے گیٹ نمبر 1 پر نصب امید کی گھنٹی پر خواتین کی ایک بڑی تعداد 26 جنوری 2025 کو منعقدہ میراتھن کے لیے رجسٹریشن کرا رہی ہیں

ایک اور پنگا، بھارت نے جرسی پر ''پاکستان'' کا نام لکھنے پر اعتراض اٹھادیا

ایونٹ کے میزبان ملک کا نام اپنی جرسی پر چھپوانے سے انکار کردیا

نئی دہلی (این این آئی) پیسوں اور اثر رسوخ کا استعمال کرنیوالے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے اب آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل نیا تنازع کھڑا کردیا۔ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے سیکیورٹی کا بہانہ بنا کر پہلے پاکستان آکر کھیلنے سے انکار کیا اور پھر چیمپئنز ٹرافی کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے کہنے پر ہائبرڈ ماڈل پر منتقل کردیا جبکہ اس صورت میں پاکستان نے بھی مطالبہ کیا کہ اگر بھارتی ٹیم نہیں آتی تو آئندہ ہونیوالے ایونٹس کیلئے بھی یہی ماڈل کو لاگو ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تاہم اب بھارتی کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کیلئے مبینہ طور پر ٹیم کی جرسی پر 'پاکستان' (میزبان ملک کا نام) چھاپنے پر اعتراض اٹھایا ہے جس پر کرکٹ فینز بھڑک اُٹھے ہیں۔ بھارتی ٹیم ہائبرڈ ماڈل لاگو ہونے کے بعد اپنے میچز دبئی میں کھیلے گی تاہم پاکستان ایونٹ میزبان ہے اور آئی سی سی قوانین کے تحت جو ملک میزبانی کررہا ہوتا ہے ایونٹ کی جرسی پر اس ملک کا نام درج ہوتا ہے لیکن بھارت اب یہاں بھی سیاست کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ایک عہدیدار کا کہنا ہے کہ ٹیم انڈیا کی جرسیوں پر پاکستان کا نام چھاپنے سے انکار کرکے 'کرکٹ میں سیاست' لانے کی کوشش کررہی ہے جبکہ کیپٹنز میٹ اور افتتاحی تقریب کے دوران اپنے کپتان روہت شرما کو بھی پاکستان بھیجنے سے انکار کیا جارہا ہے۔

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری پاکستان اسپورٹس بورڈ کوچنگ سینٹر گراؤنڈ میں منعقدہ زیڈ اسپورٹس کارنیول 2025 کی تقریب میں جیتنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

ملتان: قومی ٹیم کے وکٹ کیپر محمد رضوان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت و تجارت نیوز



معیشت نامہ

پیڈمک اور سولر کمپنیوں کے مابین معاہدہ طے، صنعتکاروں کو سولر کی فراہمی کیلئے سہولت کار کا کردار ادا کرے گی

اس موقع پر چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال اور سی او او علی معظم سید سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے

لاہور (کامرس رپورٹر) پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ میں صنعتکاروں کو سولر پلانٹس کی فراہمی کے لئے سہولت کار کا کردار ادا کرے گی، پیڈمک اور سولر کمپنیوں کے مابین معاہدہ طے پا گیا۔ پیڈمک ہیڈ آفس سندر انڈسٹریل اسٹیٹ میں سولر کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پیڈمک کی جانب سے سی ای او کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی جبکہ کیل پاور سلوشنز پرائیوٹ لمیٹڈ کی جانب سے محمد اشرف اور ہائزل پروڈینسو جوائنٹ وینچر کی جانب سے ساجد رفیق نے معاہدوں پر دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال اور سی او او علی معظم سید سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت پیڈمک، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ کے صنعتکاروں کو آسان شرائط پر سولر پلانٹس کی فراہمی کے لئے سہولت کار کے طور پر کام کرے گی۔ صنعتکاروں اور سولر کمپنیوں کے مابین روابط کو استوار کرنے میں مدد کی جائے گی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال نے کہا ہے کہ گزشتہ کچھ برسوں سے بجلی کی قیمت میں بے پناہ اضافے نے پیداواری لاگت کو بڑھا دیا ہے۔ صنعتکاروں کی اس مشکل کا ازالہ کرنے کے لئے سولر پلانٹس کی فراہمی کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔ جس کے ذریعے صنعتکاروں کو آسان شرائط اور کم اقساط پر سولر پلانٹس فراہم کیے جائیں گے

تھانہ کوٹ وساوا کے ایس ایچ او اور چوکی محرر میں لڑائی ہوگئی تھانہ کے محرر عالم شیر نے ایس ایچ او کے خلاف رپٹ دائر کردی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ کوٹ وساوا کے ایس ایچ او اور چوکی محرر میں لڑائی ہوگئی تھانہ کے محرر عالم شیر نے ایس ایچ او کے خلاف رپٹ دائر کردی چنیوٹ تھانہ کوٹ وساوا کے محرر نے اپنے ہی ایس ایچ او محمد علی ہرل کے خلاف رپٹ درج کر دی ایس ایچ او غیر قانونی طور پر لوگوں کو حوالات میں بند کرتا ہے اور پھر چھوڑ دیتا ہے ایس ایچ او نے رشوت لینے کے لئے دو پرائیوٹ شخص رکھے ہوئے ہیں ایس ایچ او چوری اور ڈکیتی کے مقدمات درج نہیں کرنے دیتا حقیقی چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کو بھی بوگس قرار دے کر مقدمہ درج نہیں کیا جاتا جس پر ایس ایچ او تھانہ کوٹ وساوا نے بھی محرر کے خلاف رپٹ درج کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حوالات میں بند قیدی کے پاس ماچس اور سگریٹ کا پیکٹ ملا ہے

جی ٹی روڈ گکھڑ پر تجاوزات کے خلاف ہیوی مشینری سے گرینڈ آپریشن

گکھڑ منڈی (محمد ارشد سے) جی ٹی روڈ گکھڑ پر تجاوزات کے خلاف ہیوی مشینری سے گرینڈ آپریشن

تھڑے اور چھجوں سمیت دیگر تجاوزات مسمار بینک برانچز کو سکیورٹی وجوہات پر رضا کارانہ تجاوزات ختم کرنے کے نوٹسز وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے احکامات پر ڈی سی اور اے سی وزیر آباد کی زیر نگرانی پنجاب بھر کی طرح ضلع وزیر آباد اور گکھڑ منڈی میں بھی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری چیف آفیسر میونسپل کمیٹی گکھڑ میڈم سمیرا سمیع اللہ کی زیر نگرانی جی ٹی روڈ گکھڑ رشید الیکٹرک سمیت متعدد دوکانوں اور پرائیویٹ کمپنی کی برانچز کے آگے بنائے گئے

خصوصی بچوں کی بحالی کیلئے تعلیم و تربیت کے ساتھ انہیں سماجی خوشیوں کو شامل رکھنا خوش آئند اقدام ہے: محمد آصف چوہدری

فیصل آباد (سالم الیاس) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے کہا ہے کہ خصوصی بچوں کی بحالی کیلئے تعلیم و تربیت کے ساتھ انہیں سماجی خوشیوں کو شامل رکھنا خوش آئند اقدام ہے جس سے ان کی بھرپور حوصلہ افزائی اور احساس محرومی کا خاتمہ ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ بات تنظیم اللسان کے زیر اہتمام خصوصی بچوں کیلئے منعقدہ ونٹر فیسٹیول میں بطور مہمان خصوصی اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ صدر تنظیم اللسان ڈاکٹر افتخار احمد، نائب صدر ودور چوہدری سرفراز احمد، ڈاکٹر محمد قاسم، جنرل سیکرٹری سبحان علی، ڈائریکٹر لیبر (ریٹائرڈ) چوہدری اسلم جاوید پرنسپل کلثوم افتخار، وائس پرنسپل شائستہ ارشاد، فیکلٹی ممبرز اور سول سوسائٹی کے افراد اس موقع پر موجود تھے۔ ڈی جی ایف ڈی اے نے ونٹر فیسٹیول میں کھانے پینے کی اشیاء اور بچوں کی کھیلوں و دیگر دلچسپی کیلئے لگائے گئے سٹالز کا معائنہ کرتے ہوئے خصوصی بچوں کے عزم و جذبے پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا مختلف معذوریوں

Winter
FESTIVAL

میں مبتلا بچوں کو معاشرے کے مفید شہری بنانے کے لئے تدریسی و تربیتی سروسز گرانقدر سماجی خدمت ہے۔ وہ فیسٹول میں شریک بچوں سے گھل مل گئے اور ان سے پیار و شفقت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیاب اور فعال زندگی کی دعا کی۔ ڈی جی ایف ڈی اے نے تنظیم اللسان کی طرف سے پلے گروپ سے پوسٹ گریجوایٹ کی سطح پر خصوصی طالب علموں کیلئے تعلیم و تربیت کی سہولیات اور بحالی کی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے ٹیچرز کے جذبہ خدمت کو خراج تحسین پیش کیا۔

کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن مریم خان کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

جس میں چیف آفیسر سید علی عباس بخاری سمیت میونسپل آفیسرز نے شرکت کی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن مریم خان کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف آفیسر سید علی عباس بخاری سمیت میونسپل آفیسرز نے شرکت کی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر نے کہا کہ انسداد تجاوزات مہم کا دائرہ شہر بھر میں وسیع کیا جائے جبکہ چوک گھنٹہ گھر و ملحقہ بازاروں میں بھی آپریشن بلا تعطل جاری رکھیں۔ کمشنر نے میونسپل کارپوریشن کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور عوامی بہبود کے اقدامات کا تسلسل برقرار رکھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے دکانوں کے باہر ایک ہی طرز کے دیدہ زیب سائن بورڈز آویزاں کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کی اور چیف آفیسر سے کہا کہ یہ ٹاسک بلا تاخیر مکمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ آٹھوں بازاروں میں بجلی کی تاروں کو زیر زمین کرنے کے جاری کام کو تیز کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن کے افسران ٹیم ورک کے طور پر عوامی خدمت کا اعلی معیار قائم کریں۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے فیملی پارک کا دورہ کیا

جہاں انہوں نے عوام کی سیر و تفریح کے لیے پارک کی بحالی، سہولیات کی دستیابی، شجر کاری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا

حافظ آباد (رانا طارق محمود) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے فیملی پارک کا دورہ کیا جہاں انہوں نے عوام کی سیر و تفریح کے لیے پارک کی بحالی، سہولیات کی دستیابی، شجر کاری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ فیملی پارک میں نوجوانوں کیلئے نئے سرے سے جاگنگ ٹریک بھی مکمل کرلیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی حمد اللہ اور ایم سی کے دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ستھراء پنجاب پروگرام کے تحت پارکوں کی بحالی، اور تزئین و آرائش پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور اسی سلسلہ میں فیملی پارک کی از سر نو تزئین و آرائش کا کام کیا گیا ہے۔ پارکوں میں سیر و تفریح کے لیے سہولیات اور بالخصوص بچوں کیلئے جھولے وغیرہ بھی لگائے گئے ہیں جبکہ نوجوانوں کی واک اور رننگ کے لیے نیا جوگنگ ٹریک تیار کیا گیا ہے۔

صحافیوں کا کردار کسی بھی معاشرہ میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے

حافظ آباد (رانا آصف) ڈی ایس پی صدر سرکل رانا جمیل قیصر نے کہا ہے کہ صحافیوں کا کردار کسی بھی معاشرہ میں انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے، محکمہ پولیس اور صحافت کا چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی صحافتی ذمہ داری اور فوری ایکشن محکمہ پولیس کے اعلیٰ افسران کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وہ ڈسٹرکٹ پریس کلب میں میٹ دی پریس میں اظہار خیال کے دوران کر رہے تھے۔ صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد، جنرل سیکرٹری کاشف احسان تارڑ، سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری جوائنٹ سیکرٹری حاجی شاہد اقبال نارا سمیت اراکین پریس کلب کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ جبکہ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سٹی حافظ آباد سہیل اشرف، ایس ایچ او تھانہ صدر حفیظ انجم، ایس ایچ او تھانہ ونیکے تارڑ لیاقت علی بھٹی، ایس ایچ او تھانہ کالیکی منڈی شعیب اسلم بھی ڈی ایس پی صدر سرکل کے ہمراہ تھے۔

تاجر رہنما ستیانہ روڈ و معروف جیولرز فرحت علی رانا کا انجمن تاجرینگ ٹریڈرز سٹی رجسٹرڈ میں شمولیت کا اعلان

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) تاجر رہنما ستیانہ روڈ و معروف جیولرز فرحت علی رانا کا انجمن تاجرینگ ٹریڈرز سٹی رجسٹرڈ میں شمولیت کا اعلان ستیانہ روڈ جھال خانوآنہ کے تاجر رہنما و معروف جیولرز فرحت علی رانا نے گزشتہ روز انجمن تاجران ینگ ٹریڈرز رجسٹرڈ کے صدر سہیل نیاز طور اور جنرل سیکرٹری محمد عباس ملک کے ساتھ ملاقات کے بعد انجمن تاجران ینگ ٹریڈرز میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ انجمن تاجران ینگ ٹریڈرز کے صدر سہیل نیاز طور اور جنرل سیکرٹری محمد عباس ملک ستیانہ روڈ فرحت علی جیولرز پر اپنے وفد کے ہمراہ آئے اور معروف تاجر رہنما ستیانہ روڈ فرحت علی رانا کو انجمن تاکران ینگ ٹریڈرز میں شمولیت کی دعوت دی جسے فرحت علی رانا نے بخوشی قبول کرتے ہوئے کہا کہ انجمن تاجران سٹی ینگ ٹریڈرز شہر بھر میں نوجوان تاجروں کے لئے مشعل راہ ہیں انھوں نے تاجروں کے مسائل کو اجاگر کرنے اور انکے حل کے لئے گراں قدر خدمات سر انجام دی ہیں ان کے منشور سے مکمل اتفاق کرتا ہوں اور انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ کے صدر خواجہ شاہد رزاق سکا کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتا ہوں اور عنقریب ستیانہ روڈ پر عظیم الشان تقریب منعقد کریں گے جس میں شہر بھر کے تاجر شریک ہوں گے اس ضمن میں ستیانہ روڈ پر انجمن تاجران سٹی ینگ ٹریڈرز کا دفتر بھی قائم کردیا گیا ہے۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کانسٹیبلان کی محکمانہ ترقی کیلئے امتحان کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کانسٹیبلان کی محکمانہ ترقی کیلئے لسٹ اے کے امتحان کا انعقاد۔ پروموشن پیپر میں ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس سمیت مجموعی طور پر 435 امیدوار کانسٹیبلان شریک ہوئے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کانسٹیبلان کی محکمانہ ترقی کیلئے پولیس لائنز میں لسٹ اے کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔ پروموشن پیپر میں ضلعی پولیس، ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس سمیت مجموعی طور پر 435 امیدوار کانسٹیبلان شریک ہوئے۔

"پنجاب میں ٹیکسٹائل کی صنعت میں انقلاب لایا جاسکتا ہے"

پاکستان کے ٹیکسٹائل ایس ایم ایز کو عالمی معیار کے مطابق بنا کر بین الاقوامی منڈیوں میں مسابقت بڑھائی جاسکتی ہے

چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی ترویج کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنا ہوگا، چیئرمین پی بی آئی ٹی کی ہسپانوی کمپنی سے ملاقات

لاہور (کامرس رپورٹر) زراعت کے فروغ کیلئے پانی اور کیمیائی اجزاء میں کمی اور جدید لیزر اور اوزون ٹیکنالوجی سے مزین ہسپانوی کمپنی جینولوجیا کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری و تجارت کے چیئرمین محمد منتہیٰ اشرف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی ترویج اور ماحول دوست ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے جیسے اہم موضوعات زیر بحث آئے۔ عالمی شہرت یافتہ ہسپانوی کمپنی جینولوجیا کے سی ای او رابرٹو مونوز گارشیا کی قیادت میں پی بی آئی ٹی کا دورہ کرنے والے وفد نے پنجاب کے معاشی منظر نامے کو سراہا۔ رابرٹو مونوز گارشیا نے بتایا کہ ان کی کمپنی میکسیکو، بھارت، تیونس جیسے ممالک کو آلات اور خدمات مہیا کر رہی ہے جبکہ مخصوصی ٹیکنالوجی کی مدد سے پاکستان میں بھی ٹیکسٹائل کے سیکٹر کو صنعتکاروں کیلئے انتہائی منافع بخش بنایا جاسکتا ہے۔ چیئرمین پی بی آئی ٹی محمد منتہیٰ اشرف نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کے ٹیکسٹائل ایس ایم ایز کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کی فوری ضرورت ہے تاکہ ہماری مصنوعات بین الاقوامی منڈیوں میں اپنی مسابقت بڑھا سکیں۔ انہوں نے یہ بھی نشاندہی کی کہ ایس ایم ایز کو ان جدید ٹیکنالوجیز کے ذریعے مضبوط بنانا پائیدار ترقی کے ساتھ ساتھ پاکستانی برآمد کنندگان کے لیے بہتر برآمدی مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بھی ہوگا۔

مولائے علیؓ سے ولائت کے سلاسل شروع ہوئے جو تا قیامت جاری رہیں گے: ظہیر احمد نقشبندی

حافظ آباد (رانا آصف) تحریک منہاج القرآن کے مرکزی ناظم دعوت صاحبزادہ ظہیر احمد نقشبندی نے کہا کہ اللہ رب العزت نے مولائے کائنات سیدنا علی المرتضیٰؓ کو قرآن پاک کے ظاہری اور باطنی علوم سے آراستہ کیا تھا۔ سرکار دو عالم ﷺ پر نبوت کا سلسلہ بند ہوا تو مولائے علیؓ سے ولائت کے سلاسل شروع ہوئے جو تا قیامت جاری رہیں گے۔ وہ یہاں جامع مسجد چمن رسول ﷺ محلہ رحمت آباد میں ماہانہ درس عرفان القرآن کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن پاک کے مطابق حضور ﷺ کی نبوت پر خود اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ اور وہ ہستی جسے کتاب حکیم کے مکمل علم سے مزین کیا گیا تھا نے سب سے پہلے حضور ﷺ کیا علان نبوت پر مہر تصدیق ثبت کی۔ وہ صحابہؓ کرام کے اقوال کیمطابق مولائے کائنات حضرت سید نا علی المرتضیٰ شیر خداؓ کی ہستی ہے۔ تقریب کی صدارت پروفیسر محمد اکرم چشتی نے کی جبکہ سرفراز احمد نے نعت و منقبت پیش کی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر فرزند حافظ آباد رانا جمشید اقبال مہمانوں کا استقبال کرنے میں پیش پیش رہے

حافظ آباد (رانا طارق محمود) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر فرزند حافظ آباد رانا جمشید اقبال مہمانوں کا استقبال کرنے میں پیش پیش رہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ رانا جمشید اقبال جو کہ رانا محمد اقبال مرحوم اقبال گارڈن والے کے فرزند اور نوجوان قانون دان رانا جاوید اقبال ایڈووکیٹ، رانا ذیشان ایڈووکیٹ کے بھائی ہیں وہ اسوقت امریکہ میں مقیم ہیں جبکہ انکا شمار ٹرمپ کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا ہے۔ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر وہ استقبالیہ اور انتظامی کمیٹی میں شامل تھے جہاں وہ تقریب میں آنیوالے مہمانوں کے استقبال میں بھی پیش پیش رہے۔

اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی پروگرام دھی رانی کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی پروگرام دھی رانی کا انعقاد۔ خصوصی پروگرام کا مقصد متوسط طبقے کی بچیوں کی شادیاں کروناان کے گھروں کو آباد کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے شادی شدہ جوڑوں کو ایک لاکھ روپے سلامی دی۔ اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی پروگرام ××دھی را×× کا انعقاد۔ خصوصی پروگرام کا مقصد متوسط طبقے کی بچیوں کی شادیاں کروناان کے گھروں کو آباد کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے شادی شدہ جوڑوں کو ایک لاکھ روپے سلامی دی۔

اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے انتخابات میں حافظ سلمان اعظم کو سٹی صدر منتخب کرلیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے انتخابات میں حافظ سلمان اعظم کو سٹی صدر اس موقع پر حافظ عبدالرحمان مدنی صدر اہل حدیث یوتھ فورس ضلع شیخوپورہ حافظ نعیم ربانی جنرل سیکرٹری

اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کی مرکزی شوریٰ کا اجلاس مرکز اہل حدیث بتی چوک لاہور میں منعقد ہوا جس میں تمام اراکین شوریٰ نے اپنے ووٹ کا استعمال کرتے ہوئے آئندہ پانچ سالوں کیلئے حافظ سلمان اعظم کو بلا مقابلہ صدر منتخب کرلیا منتخب کرلیا گیا اہل حدیث یوتھ فورس ضلع شیخوپورہ حافظ رانا عبدالوہاب ناظم مالیات اہل حدیث یوتھ فورس ضلع شیخوپورہ حافظ عمر فاروق اصغر صدر اہل حدیث یوتھ فورس تحصیل شیخوپورہ نے انکو مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے صبح کے وقت غلام محمد آباد کا دورہ کیا

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لئے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے صبح کے وقت غلام محمد آباد کا دورہ کیا اور مختلف بلاکس کی گلی محلوں میں جا کر صفائی کی صورتحال چیک کی۔ انہوں نے ویسٹ ورکرز کے یونیفارم میں ڈیوٹی پر موجود ہونے کو چیک کیا۔ انہوں نے کنٹریکٹرز کو صفائی کے معیار میں بہتری لانے کی ہدایت کی اور کہا کہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران اور اسسٹنٹ کمشنرز صفائی کی دوہری مانیٹرنگ جاری رکھیں۔ کسی جگہ کوڑا کرکٹ نظر نہیں آنا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ خالی پلاٹس کو ترجیحی بنیادوں پر کلیئر کرائیں۔ انہوں نے ڈور ٹو ڈور کوڑا جمع کر کے تلف کرنے کے کام میں تیزی لانے کی بھی تاکید کی۔

CRIME
& COURT

جرم و سزا

چار ماہ گزرنے کے باوجود محنت کش کے قاتل گرفتار نہ ہوسکے

وقوعہ کے چار ماہ بعد بھی پولیس محنت کش کے قاتلوں کو گرفتار نہ کرسکی ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) چار ماہ گزرنے کے باوجود محنت کش کے قاتل گرفتار نہ ہوسکے، تفصیل کے مطابق تھانہ ٹھٹے عالی کے علاقہ بڈھا گورایہ میں محنت کش شیخ یاسر کو نامعلوم افراد نے چار ماہ پہلے قتل کر کے اسکی نعش گاؤں سے باہر درخت پر لٹکا دی تھی، مقامی پولیس تھانہ ٹھٹے عالی نے مقتول کے بھائی اعظم کی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا اور شک کی بنیاد پر گاؤں کے رہائشی اعجاز گورایہ کو شامل تفتیش کیا مگر بعد ازاں اسے چھوڑ دیا گیا، وقوعہ کے چار ماہ بعد بھی پولیس محنت کش کے قاتلوں کو گرفتار نہ کرسکی ہے جبکہ مقتول کے ورثاء انصاف کے حصول کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، اہل علاقہ نے وزیر اعلی پنجاب، آر پی او سی پی او گوجرانوالہ سمیت دیگر ارباب اختیار سے اپیل کی ہے کہ ہمارے بھائی کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

بے لگام اوباشوں نے بیوہ خاتون اور بزرگ پر کلہاڑیوں کے وار

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد سے) سید پور سیدھڑہ میں بے لگام اوباشوں کے ظلم کی داستان رقم بزرگ بیوہ خاتون رسولاں بی بی سمیت گھریلو خواتین اور مردوں پر گھر میں گھس کر کلہاڑیوں کے وار بزرگ خاتون زندگی اور موت کی کشمکش ہسپتال منتقل تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقہ سید پور سیدھڑہ میں بچوں کی معمولی تلخ کلامی کسی جانوں کے لیے وبال جان گئی کرائے کے غنڈوں کی سربراہی میں 10 سے 12 افراد کا چادر چار دیواری کا تقدس پامال رات کے اندھیرے میں گھر میں گھس کر ضعیف العمر خاتون رسولاں بی بی اور دو بیٹوں محمد صدیق محمد مجید سمیت گھر میں موجود خواتین پر ڈنڈے سوٹوں اور کلہاڑیوں کے وار بے دردی سے کیے جانے والے واروں سے ضعیف العمر رسولاں بی بی کے سر پر کلہاڑی لگنے سے حالت انتہائی تشویشناک جبکہ دونوں بیٹوں سمیت خواتین بھی شدید زخمی تاہم مضروبین سنگین حالت میں ہسپتال منتقل ملزمان موقع سے فرار جبکہ تھانہ کوٹلی سید امیر غنڈہ عناصروں کے خلاف مقدمہ درج ایس ایچ او تھانہ کوٹلی سید امیر کی متاثرین کو جلد انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کہا ظلم کی ایسی داستان رقم کرنے والے اور معاشرے میں بدامنی پھیلانے والوں کے خلاف سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائیں گی

ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر ڈی ایس پی غلام مرتضیٰ ڈوگر نے اپنی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل

تھانہ سٹی پولیس کی کاروائیاں اقدام قتل سمیت اشتہاری ڈکیت گینگ گرفتار کر لیے

پولیس اسٹیشن
سٹی مریدکے (ڈسٹرکٹ شیخوپورہ)
District Police Sheikhupura

مریدکے (تحصیل رپورٹر) ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر ڈی ایس پی غلام مرتضیٰ ڈوگر نے اپنی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل تھانہ سٹی پولیس کی کاروائیاں اقدام قتل سمیت اشتہاری ڈکیت گینگ گرفتار کر لیے تفصیل کیمطابق تھانہ سٹی مریدکے ایس ایچ او سلیم اختر نیازی کی ٹیم کے ہمراہ کاروائیاں اشتہاری ڈکیت چار رکنی گینگ عمران، جواد، عاصم، عرفان گرفتار اشتہاریوں سے شہریوں کا لوٹا گیا مال مسروقہ برآمد مقدمات درج اقدام قتل کا ملزم پرویز اختر عرف بابر شاہ نے چند روز قبل سیاسی ورکر عبداللہ بٹ کو محلہ اقبال پارک میں فائرنگ کر کے قتل کیا تھا ڈی پی او پورہ نے ملزمان کی گرفتاریوں کیلئے سرکل افسر غلام مرتضیٰ ڈوگر کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل دی تھی جنہوں نے مختلف مقامات پر چھاپوں کے دوران ملزمان کو گرفتار کر لیا ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے سرکل انچارج غلام مرتضیٰ ڈوگر اور ایس ایچ او سلیم اختر نیازی کو اچھی کارکردگی پر شاباش دی

کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام پولیس لائن میں ماک ایکسر سائز کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے پولیس کے زیر اہتمام پولیس لائن میں ماک ایکسر سائز کا انعقاد، ماک ایکسر سائز میں پولیس، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، بم ڈسپوزل سکواڈ، سپیشل برانچ و دیگر اداروں کی شرکت، ماک ایکسر سائز کے دوران پولیس لائن پر دہشت گردوں کے حملے کی فرضی مشق کی گئی کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ماک ایکسر سائز کا اہتمام کیا گیا ہے، ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد نے ماک ایکسر سائز کے دوران مختلف اداروں کی کارکردگی چیک کی گئی، ماک ایکسر سائز کروانے کا مقصد دہشتگردوں کو پیغام دینا کہ پولیس مقابلہ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے

صحت عامہ کے حصول کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صحت عامہ کے حصول کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا چنیوٹ سٹی میں کریک ڈاؤن 124 فوڈ پوائنٹس، یونٹس اور دودھ سپلائرز کی چیکنگ،، 80ہزار کے جرمانے عائد، بھاری مقدار میں ملاوٹی دودھ، ایکسپائر اشیاء اور ممنوعہ اجزاء تلف، علی الصبح ناکہ بندی کر کے 31 دودھ بردار گاڑیوں میں موجود 2700لٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی

تھانہ صفدر آباد کے علاقہ ڈھاباں خورد میں معمر بیوہ خاتون کو زیادتی کے بعد قتل کردیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ صفدر آباد کے علاقہ ڈھاباں خورد میں معمر بیوہ خاتون کو زیادتی کے بعد قتل کردیا گیا پولیس کے مطابق خاتون کو زیادتی کے بعد گلا دبا کر اس کی جان لے لی گئی پولیس نے لاش تحویل میں لیکر ضروری کاروائی کے بعد پوسٹ مارٹم ہاؤس منتقل کردی جبکہ ابتدائی تفتیش میں شک گزرنے پر فیضان نامی مقامی رہائشی فیضان کو گرفتار کر کے باز پرس کی تو اس نے اقبال جرم کرلیا جس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

اوکاڑہ جی ٹی روڈ پر موٹر سائیکل سوار ماں بیٹا گر کر شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ جی ٹی روڈ پر موٹر سائیکل سوار ماں بیٹا گر کر شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ حویلی لکھا کے رہائشی عتیق اپنی بیوی 24سالہ ماریہ اور 2سالہ بیٹے برہان کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں جی ٹی روڈ یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے قریب موٹر سائیکل کو جمپ لگنے سے ماریہ زوجہ عتیق اور اس کا بیٹا برہان عتیق موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122ٹیم نے زخمی ماں بیٹے کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

الیکٹرانک میڈیا کلب کی نو منتخب عہدے داروں نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا

MEDIA CENTRE
GOVERNMENT OF THE PUNJAB

سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) الیکٹرانک میڈیا کلب کی نو منتخب عہدے داروں نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا حلف صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات وثقافت عظمٰی بخاری نے لیا حلف برداری کی تقریب میں ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن پنجاب غلام صغیر شاہد سمیت اعلی افسران نے شرکت کی الیکٹرانک میڈیا کلب کہ حلف اٹھانے والوں میں چیئرمین ندیم خان صدر سیف خان سینیئر نائب صدر کامران ملک جنرل سیکرٹری اسجد منیر نائب صدر شفیق خان جوائنٹ سیکرٹری ثاقب الماس فنانس سیکرٹری نفاست حسنین سیکرٹری اطلاعات محمد عمر چیئرمین مجلس عاملہ انیس اکرم ممبران مجلس عاملہ میں زاہد مقبول عبدالمنان چوہدری ابوبکر خان نعیم خان گلزار علی سید سمیت دیگر نے حلف لیا صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ سرگود×ا میں جلد صحافی کالونی کا قیام عمل میں لایا جائے گا اب وعدے نہیں باقاعدہ عمل کیا جائے گا

تھانہ نورشاہ کے علاقے میں ڈکیتیوں کا سلسلہ تھم نہ سکا ڈاکو سرعام دندنانے لگے

قیصر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) تھانہ نورشاہ کے علاقے میں ڈکیتیوں کا سلسلہ تھم نہ سکا ڈاکو سرعام دندنانے لگے اور شہریوں کو لوٹنے لگے ڈاکو گن پوائنٹ پر سیکورٹی گارڈ سے نقدی موبائل اور سپرے وغیرہ لے گئے پولیس تھانہ نورشاہ بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی آر پی او ساہیوال سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نورشاہ کا علاقہ چور ڈاکوؤں کی آماجگاہ بن گیا ڈاکو سرعام دندنانے لگے اور گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹنے لگے ڈاکو گن پوائنٹ پر چک 63فور آر میں محمد اسد افضل زمیندار کے سیکورٹی گارڈ انوار الحق سے موبائل، نقدی 20 ہزار روپے، ایک لاکھ 29 ہزار روپے کے سپرے وغیرہ لے کر رفو چکر ہوگئے پولیس تھانہ نورشاہ نااہلی اور غفلت کی نیند میں خاموش تماشائی اور ڈکیت گینگ کو لگام ڈالنے میں مکمل طور پر ناکام زمیندار اسد افضل کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال طاہر رحمان اور اعلی حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ نورشاہ کے علاقے میں بے لگام ڈاکوؤں کو لگام ڈالنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں

ڈاکو خواتین سے 3 طلائی زیورات اور 5 لاکھ روپے نقدی لے کر فرار

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں نے شہریوں کو ہلا کر رکھ دیا دن دیہاڑے حیدری چوک مرکزی شاہراہ پر واقع ملک غلام حسین کے گھر نامعلوم ڈاکو گھس گے اور موجود خواتین سے 3 طلائی زیورات اور 5 لاکھ روپے نقدی لے کر فرار ہوگے اوچا پنڈ کے قریب ڈاکوؤں نے راہگیروں سے 7 لاکھ نقدی اور قیمتی موبائل آئی فون 13 پرومیکس اور سام سنگ ایس 24 الٹرا چھین لیے سرحدی گاؤں بریار میں مشتاق کی حویلی سے 7 لاکھ روپے مالیت کی بھینس اور گائے چوری ریلوے اسٹیشن پر کھڑی کوٹلی گجراں کے رہائشی اشفاق اور محلہ محمد پورہ میں اشفاق کے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

قصور میں بننے والا واحد ادارہ چائلڈ پروٹیکشن سنٹر بمقام پرانی سبزی منڈی ریسکیو 1121 بے سہارا بچوں کا سہارا بننے کی بجائے والدین کے لئے ہی وبال جان بن گیا

قصور (بیورو چیف) میں بننے والا واحد ادارہ چائلڈ پروٹیکشن سنٹر بمقام پرانی سبزی منڈی ریسکیو 1121 بے سہارا بچوں کا سہارا بننے کی بجائے والدین کے لئے ہی وبال جان بن گیا قصور میں غریب لاوارث بچوں کے لئے بننے والا ریسکیو 1121 چائلڈ پروٹیکشن کا ادارہ جو مخیر حضرات کی جانب سے دی جانے والی خطیر رقم سے چل رہا ہے لیکن افسوس پاکستان میں جس طرح دوسرے اداروں میں کرپشن بدعنوانی بے ایمانی کا سکہ چلتا ہے

ڈویژنل سیکرٹری ملک فیض رسول کھوکھر کی نو منتخب صدر بار ایسوسی ایشن عارف والا ملک شکیل اعوان کو مبارکباد

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ڈویژنل چیئرمین وزول سیکرٹری سرکل ساہیوال رانا غلام عباس، ڈویژنل سیکرٹری ملک فیض رسول کھوکھر کی اپنے واپڈا وفد کے ہمراہ نو منتخب صدر بار ایسوسی ایشن عارف والا ملک شکیل اعوان کو الیکشن میں شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور مالائیں پہنائی گئیں رانا غلام عباس نے نو منتخب صدر ملک شکیل اعوان کہ لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مکمل یقین ہے کہ نو منتخب صدر ملک شکیل اعوان ایڈووکیٹ عوامی مسائل اجاگر کرنے، بار اور بینچ میں خوشگوار تعلقات قائم کرنے اور اداروں، سول سوسائٹی کے درمیان بہترین کوارڈینیشن پیدا کرتے ہوئے وہ عوامی مسائل میں بھی اپنا کردار ادا کریں گے

ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے طیب سعید شہید پولیس لائنز میس کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے طیب سعید شہید پولیس لائنز میس کا اچانک دورہ کیا۔ ڈی پی او نے فورس کو فراہم کیے جانے والے کھانے کے معیار اور کچن کو چیک کیا، میس میں موجود جوانوں کے ساتھ کھانا بھی کھایا اور ان سے معیار کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈی پی او نے اس موقع پر ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سرپرائز وزٹ کر کے روزانہ کی بنیاد پر کھانے کے معیار کو چیک کریں، ڈیوٹی پر تعینات جوانوں کو معیاری کھانے کی پوائنٹس پر بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے۔

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں شادی کی تقریب میں لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات اور نقدی وغیرہ چوری کرنے والے دو ملزم گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں شادی کی تقریب میں لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات اور نقدی وغیرہ چوری کرنے والے دو ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود فیصل آباد روڈ پر وقع پاک میرج ہال میں شہری ارسلان کی ہمشیرہ کی شادی رخصتی کے وقت چور لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات اور نقدی وغیرہ چرا کر فرار ہو گئے تھے جس پر تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کے ایس ایچ او رب نواز نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 35لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور قیمتی گھڑیاں برآمد کر کے اصل مالک کے حوالے کر دیا۔

محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی تربیت دینے کا سلسلہ جاری ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سول ڈیفنس کی طرف سے صنعتی مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی تربیت دینے کا سلسلہ جاری ہے، چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے گزشتہ روز فیروزوالہ کے مختلف صنعتی یونٹس کے مزدوروں کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں اور انہیں آتشزدگی کی صورت میں انسانی جانوں و املاک کے تحفظ کے طریقوں کے حوالے سے آگاہی دی، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ ڈی او سول ڈیفنس خالد شہزاد اعوان کی خصوصی ہدایت پر صنعتی مزدوروں کا فائر فائٹنگ کی تربیت دی جا رہی ہے

تھانہ صدر اوکاڑہ کا علاقہ ڈاکوؤں کے حوالے پولیس کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اوکاڑہ کا علاقہ ڈاکوؤں کے حوالے پولیس کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی۔ گزشتہ روز ڈکیتی کی پانچ مختلف وارداتوں میں آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی اور موبائل فون وغیرہ چھین کے فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود راؤ سکندر اقبال روڈ پر آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم موٹر سائیکل سوار ڈاکو گن پوائنٹ پر غضنفر علی سے ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات میں تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود نواحی قصبہ 48ٹو ایل کے قریب عمر حیات موٹر سائیکل پر اپنی بیٹی کے ہمراہ گاؤں جا رہا تھا کہ اچانک آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روکا اور گن پوائنٹ پر ان سے ہزاروں روپے نقدی، موبائل فون اور دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ تیسری واردات میں تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود دیپالپور روڈ بائی پاس کے قریب نجی فیکٹری میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو داخل ہوئے اور گن پوائنٹ پر فیکٹری میں موجود پایا اصغر، رزاق، شمس بلال، عرفان اشرف اور علی سے گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔

پریس کلب الیکشن 2025 کی گہما گہمی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پریس کلب الیکشن 2025 کی گہما گہمی، صدر پریس کلب حافظ شاہد منیر نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے سیٹلائٹ ٹاؤن میں واقع سب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ ان کے ساتھ دیگر مہمانوں میں سینئر صحافی میاں فاروق عارف، ڈاکٹر شہزاد اکرم، محمد عباس بٹ، سینئر فوٹو گرافر اور احمد علی شامل تھے۔ سیکرٹریٹ پہنچنے پر گلوبل یونین آف جرنلسٹس کے چیئرمین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ اور ان کی ٹیم نے ان کا والہانہ استقبال کیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی اس تقریب میں ورکر صحافیوں کو پریس کلب کی رکنیت دینے کیلئے جاری جدوجہد پہ مفصل بحث ہوئی۔ حافظ شاہد منیر نے واضح طور پر کہا کہ گوجرانوالہ پریس کلب کی رکنیت ہر اس حقیقی ورکر صحافی کا حق ہے جو صحافت کے اسرار و رموز کو اچھی طرح جانتا ہے اور مخصوص دورانیے سے فیلڈ پہ موجود ہے۔

ڈاکٹر کا استحصال کرنا بند نہ کیا تو وائی ڈی اے سی او آفس کو تالے لگائے گی

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کی ننکانہ صاحب ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ہنگامی پریس کانفرنس

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈاکٹر کا استحصال کرنا بند نہ کیا تو وائی ڈی اے سی او آفس کو تالے لگائے گی سربراہ وائی ڈی اے پنجاب ڈاکٹر سلمان حفیظ۔ تفصیلات کے مطابق ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کی ننکانہ صاحب ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ہنگامی پریس کانفرنس۔ سی او ہیلتھ ڈاکٹر طلحہ شیروانی پر کرپشن کے الزامات کی بھرمار۔ ایڈہاک سمیت دیگر مطالبات پورے نا کرنے پر پورے پنجاب کے ہسپتالوں کو بند کرنے کی دھمکی، پریس کانفرنس میں صدر وائی ڈی اے پنجاب ڈاکٹر شعیب نیازی، چیئرمین ڈاکٹر مدثر اشرفی، سربراہ پنجاب ڈاکٹر سلمان حفیظ چوہدری اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر حبیب، ڈاکٹر ذیشان نور ملک جوائنٹ سیکرٹری وائی ڈی اے پنجاب کے ہمراہ ننکانہ صاحب کے ڈسٹرکٹ ہسپتال کے ینگ ڈاکٹرز کے نو منتخب صدر عدنان اقبال گجر سمیت ینگ ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ وائی ڈی اے پنجاب کا ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب میں ینگ ڈاکٹرز کے خلاف محکمانہ کارروائی کی مذمت اور ڈاکٹرز کے ایڈہاک ریو یو کرنے کا مطالبہ۔ وائی ڈی اے پنجاب نے مطالبہ کیا ڈاکٹر کا معاشی قتل عام بند کیا اور فل فور ایڈہاک رینیو کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 1

سماعت شروع ہوئی تو عدالت نے رجسٹرار سپریم کورٹ سے استفسار کیا کہ عدالتی حکم کے باوجود کیس مقرر کیوں نہ ہوا؟ جس پر رجسٹرار سپریم کورٹ نے جواب دیا کہ یہ کیس آئینی بنچ کا تھا غلطی سے ریگولر بنچ میں لگ گیا تھا۔ جسٹس عقیل عباسی نے ریمارکس میں کہا کہ اگر یہ غلطی تھی تو عرصے سے جاری تھی اب ادراک کیسے ہوا؟ معذرت کیساتھ غلطی صرف اس بنچ میں مجھے شامل کرنا تھی، میں اس کیس کو ہائیکورٹ میں سن چکا تھا، پتہ نہیں مجھے اس بنچ میں شامل کرنا غلطی تھی یا کیا تھا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے استفسار کیا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کا اس معاملے پر اجلاس کیسے ہوا؟ کیا کمیٹی نے خود اجلاس بلایا یا آپ نے درخواست کی؟ جس پر رجسٹرار سپریم کورٹ نے جواب دیا کہ ہم نے کمیٹی کو نوٹ لکھا تھا، اس پر جسٹس منصور علی شاہ نے استفسار کیا کہ جب جوڈیشل آرڈر موجود تھا تو نوٹ کیوں لکھا گیا؟ ہمارا آرڈر بہت واضح تھا کہ کیس کس بنچ میں لگنا ہے، ہمیں وہ نوٹ دکھائیں جو آپ نے کمیٹی کو بھیجا۔ رجسٹرار نے کمیٹی کو بھیجا گیا نوٹ پیش کردیا، رجسٹرار آفس کا نوٹ رجسٹرار کے مؤقف سے متضاد نکلا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس میں کہا کہ اس نوٹ میں غلطی کا ادراک تو نہیں کیا گیا، اس میں آپ لکھ رہے ہیں 16 جنوری کو ایک آرڈر جاری ہوا ہے، آپ اس آرڈر کی بنیاد پر نیا بنچ بنانے کا کہہ رہے ہیں، آرڈر میں تو ہم نے بتایا تھا کیس کس بنچ میں لگنا ہے۔ رجسٹرار نے جواب دیا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی نے کیس آئینی بنچ کی کمیٹی کو بھجوایا، آئینی بنچز کی کمیٹی نے آئینی ترمیم سے متعلقہ مقدمات 27 جنوری کو مقرر کیے، ترمیم کے بعد جائزہ لیا تھا کہ کونسے مقدمات بنچ میں مقرر ہوسکتے ہیں کونسے نہیں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیئے کہ یہ کیس شاید آپ سے غلطی سے رہ گیا لیکن بنچ میں آگیا تو کمیٹی کا کام ختم ہوگیا، کمیٹی چلتے ہوئے کیسز واپس لے تو عدلیہ کی آزادی تو ختم ہوگئی، جہاں محسوس ہو فیصلہ حکومت کیخلاف ہوسکتا ہے تو کیس ہی بنچ سے واپس لے لیا جائے؟ یہ کیس آپ سے رہ گیا اور ہمارے سامنے آگیا، آخر اللہ تعالیٰ نے بھی کوئی منصوبہ ڈیزائن کیا ہی ہوتا ہے۔ جسٹس عقیل عباسی نے ریمارکس میں کہا کہ ہمارے کیس سننے سے کم از کم آئینی ترمیم کا مقدمہ تو مقرر ہوا، پہلے تو شور ڈلا ہوا تھا لیکن ترمیم کا مقدمہ مقرر نہیں ہورہا تھا، ٹیکس کے کیس میں کونسا آئینی ترمیم کا جائزہ لیا جانا تھا جو یہ مقدمہ واپس لے لیا گیا؟ جسٹس منصور نے رجسٹرار سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ جو دستاویزات آپ پیش کررہے ہیں یہ ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل کا دفاع ہے، دفاع میں پیش کئے جانے والے مؤقف پر عدالت فیصلہ کرے گی کہ درست ہے یا نہیں، پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی کو مقدمہ واپس لینے کا اختیار کہاں سے آیا؟ رجسٹرار نے جواب دیا کہ کمیٹی کیسز مقرر کرسکتی ہے تو واپس بھی لے سکتی ہے جس پر جسٹس منصور نے ریمارکس دیئے کہ پھر تو آپ کو ہم بتائیں گے اس کیس میں کہ وہ اس لے سکتی ہے یا نہیں، مجھے پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی اجلاس میں شرکت کا کہا گیا تھا، کمیٹی کو بتادیا تھا کہ جوڈیشل حکم جاری کرچکا ہوں اس لیے میرا اجلاس میں آنا لازمی نہیں، ایک عدالتی حکم کو انتظامی سطح پر کیسے ختم کیا جاسکتا ہے۔ جسٹس عقیل عباسی نے ریمارکس دیئے کہ ایک مقدمہ سننے سے اتنی پریشانی کیوں ہوگئی کہ بنچ سے کیس ہی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سپیکر ملک احمد خان نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان مذہبی اور ثقافتی خوشگوار تعلقات ہیں، پارلیمانی رابطے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے، دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات علاقائی امن واستحکام کے لیے اہم ہیں۔ پاک ایران تاریخی تعلقات کو تجارتی تعلقات میں تبدیل کرنا باہمی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ ایرانی رکن پارلیمنٹ محمد میرزائی نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ مختلف ثقافتی شعبوں میں تعلقات کو مضبوط کرنے کا خواہاں ہے۔ محمد میرزائی نے سپیکر ملک احمد خان کو ایران کے دورے کی دعوت دی، جس کو سپیکر نے خیر مقدم کیا۔ سپیکر ملک احمد خان نے وفد کو پنجاب اسمبلی کے نئے ایوان کا دورہ بھی کروایا۔

بقیہ بقیہ جات 3

چاہیے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کو بریفنگ کے دوران چیئرمین ایف بی آر کا کہنا تھا کہ بشتر صنعتی صارفین سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ نہیں ہیں جنہیں ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے نیا قانون لایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں سیلز ٹیکس جنرل آرڈر جاری کیا جائے گا، آرڈر کے تحت بجلی کے بل کی ایک حد مقرر کی جائے گی، یہ لوگ صنعتی بجلی لیتے ہیں اور ان میں بڑے صنعتی یونٹ بھی ہیں۔ راشد لنگڑیال نے کہا کہ سالانہ 25 کروڑ روپے آمدنی والے کو ٹیکس دینا چاہیے، ماہانہ ڈھائی کروڑ آمدنی والے کی ماہانہ کمائی 6 لاکھ تو ہوگی، جب ماہانہ 50 ہزار تنخواہ والا ٹیکس دیتا ہے، تو ان کو بھی دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے لوگوں کا بینک اکاؤنٹ معطل کرنے کا اختیار ایف بی آر مانگ رہا ہے، اکاؤنٹ معطل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کے کاروبار پر اثر پڑے، 10 کروڑ روپے ماہانہ بجلی کا بل ادا کرنے والے کو پابند بنانا چاہ رہے ہیں، ان کو باقاعدہ طور پر پیشگی نوٹس بھیجا جائے گا۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ سیلز ٹیکس رجسٹریشن کے لیے ایسے صنعتی یونٹ کو 15 دن کا وقت دیا جائے گا، اس پر سماعت ہوگی اور اس کے بعد صنعتی یونٹ رکھنے والے کو اپیل کا بھی حق دیا جائے گا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کی رکن حنا ربانی کھر نے کہا کہ بینک اکاؤنٹ کی بندش نہایت ڈریکونین قانون ہوگا اس پر قوانین میں شفافیت ضروری ہے، کسی کا بینک اکاؤنٹ معطل ہوگا تو وہ تنخواہوں کی ادائیگی کیسے کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون کے تحت بینک اکاؤنٹس بند کرنے سمیت انتہائی سخت اقدامات لیے جارہے ہیں اس قانون کے تحت ایف بی آر افسران سے ہر طرح سے ڈیل کرنا ہوگا، ایف بی آر افسران پر کسی کو اعتبار نہیں ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ تنخواہوں کی ادائیگی کے لیے بینک اکاؤنٹ بند نہ کیا جائے، نوید قمر نے کہا کہ اتنے سخت اختیارات دینے سے پہلے یقین دلایا جائے کہ ایف بی آر ٹیکس آمدن کو اپنے اخراجات پر خرچ نہیں کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 4

قومی آمدنی (جی این آئی) کا 4۔ 6 فیصد بنتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں کروڑوں بچے، نوجوان لڑکیاں اور خواتین غذائی قلت خاص طور پر خون کی کمی کا شکار ہورہی ہیں۔ نیوٹریشن انٹرنیشنل پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر ڈاکٹر شبینہ رضا کے مطابق غذائیت کے شعبے میں سرمایہ کاری غربت کے دائرے کو توڑنے کے لیے اہم ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پانچ سال سے کم عمر کے 34 فیصد بچے قد کی کمی کا شکار ہیں، 22 فیصد نومولود بچوں کا وزن پیدائش کے وقت کم ہوتا ہے جبکہ چھ ماہ سے 59 ماہ تک کے 53 فیصد بچے خون کی کمی کا شکار ہیں۔ ان مسائل کے نتیجے میں بچوں کی ذہنی صلاحیتوں میں کمی، اسکول چھوڑنے کی شرح میں اضافہ اور پیداواری صلاحیتوں میں کمی واقع ہورہی ہے۔ بچوں میں سٹنٹنگ یا قد اور ذہنی نشوونما کی کمی کی وجہ سے معیشت کو سالانہ 16 ارب ڈالر کا نقصان ہورہا ہے۔ وفاقی وزارت صحت کا کہنا ہے کہ کاسٹ آف ان ایکشن ٹول سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر پاکستان عالمی غذائی اہداف حاصل کرلے تو ہر سال 8 لاکھ 55 ہزار بچوں میں قد کی کمی سے بچا جاسکتا ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید بگڑ سکتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے اہداف کے مطابق 2025ء تک قد و ذہنی نشوونما کی کمی کو 40 فیصد تک کم کرنا ضروری ہے۔ رپورٹ کے مطابق پانچ سال سے کم عمر کے 53 فیصد بچے اور تولیدی عمر کی 41 فیصد خواتین خون کی کمی کا شکار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

پیشرفت بھی ہوئی ہے۔ انٹرپول کی جانب سے لیبیا، یونان اور موریطانیہ میں روپوش، یونان، لیبیا اور مراکش کشتی حادثے میں ملوث 15 انسانی اسمگلرز کے خلاف ریڈ نوٹسز جاری کردیے گئے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ٹیمیں ملزمان کی گرفتاری کے لیے ان ممالک میں جائیں گی۔ ادھر ایف آئی اے نے کشتی واقعے کی تحقیقات کے دوران انسانی اسمگلنگ میں ملوث ملزم انصر کو گوجرانوالہ سے گرفتار کرلیا، ملزم نے عامر نامی شہری کو اسپین بھجوانے کے لیے 54 لاکھ روپے لیے تھے جب کہ متاثرہ نوجوان عامر موریطانیہ کشتی واقعہ میں زندہ بچ گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے فیصل آباد اور ساہیوال سے بھی تین انسانی اسمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ یاد رہے کہ 16 دسمبر کو افریقی ملک موریطانیہ سے غیرقانونی طور پر اسپین جانے والوں کی کشتی کو حادثہ پیش آیا تھا جس کے نتیجے میں 44 پاکستانیوں سمیت 50 تارکین وطن ہلاک ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 6

دیئے جائیں گے، قرض 5 سال کی آسان قسطوں میں واپس کیا جائے گا، 25 سے 55 سال تک کے پنجاب کے رہائشی مرد وخواتین، ٹرانسجینڈرز اور خصوصی افراد قرض کے لئے اپلائی کرسکتے ہیں۔ قرض لینے کیلئے ایکٹیو فائلر ہونا ضروری اور کسی بھی مالیاتی ادارے کا ڈیفالٹر نہ ہونا اہلیت قرار دیا گیا ہے۔ آسان کاروبار فنانس سکیم کے لئے گھر بیٹھے آن لائن درخواست اور تفصیلات کے لئے ویب پورٹل پر اپلائی کیا جاسکتا ہے۔ آسان کاروبار کارڈ سکیم میں سٹارٹ اپ اور چھوٹے کاروبار کیلئے 10 لاکھ روپے تک کے بلاسود قرض دیئے جائیں گے، آسان کاروبار کارڈ کے تحت قرض 3 سال میں آسان اقساط میں ادا کیا جاسکتا ہے، آسان کاروبار کارڈ کے لئے خام مال کی خریداری پر وینڈر کو ادائیگی کی جاسکے گی۔ آسان کاروبار کارڈ کے ذریعے سرکاری فیس، ٹیکس اور یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی ممکن ہوگی، آسان کاروبار کارڈ کے ذریعے 25 فیصد تک کیش بھی نکلوایا جاسکتا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر آسان کاروبار سکیم کے لئے خصوصی ٹال فری نمبر 1786 بھی فعال کردیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس حوالے سے کہا کہ نوجوانوں کو خود روزگار کی طرف گامزن کرنا چاہتے ہیں، تعلیم کے بعد روزگار کے مواقع فراہم کرنا بھی حکومت کی ذمہ داری ہے، پنجاب کا ہر نوجوان معیشت کی بہتری میں آسان کاروبار سکیم کے ذریعے بھرپور کردار ادا کرے گا، آسان کاروبار پروگرام کے ذریعے معیشت میں بہتری اور برآمدات میں اضافہ ممکن ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 7

۔سندھ ہائیکورٹ میں چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے چیف جسٹس آف پاکستان کی تقرری کیخلاف درخواست مسترد کردی۔ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے ریمارکس دیئے کہ آئین میں کہیں نہیں لکھا کہ سینئر موسٹ جج کو چیف جسٹس نہ بنانے کی وجوہات ہونی چاہئیں۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف اپنایا تھا کہ سجاد علی شاہ کو آئینی پابندی نہ ہونے کے باوجود ہٹا دیا گیا تھا۔ کراچی کے وکلا نے جسٹس یحییٰ آفریدی کو چیف جسٹس تعینات کرنے کے خلاف درخواست دائر کی تھی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی سینئر موسٹ جج نہیں ان کی تقرری غیر آئینی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

قدر کرنی چاہیے، فتنہ الخوارج کے حوالے سے جو قربانیاں دی جارہی ہیں، حکومت اور 24 کروڑ عوام چاہ کر بھی ان شہداء کا قرض نہیں اتار سکتے، حج کی آمد آمد ہے، امید ہے کہ اس بار پاکستانی حاجیوں کے لیے حج بہت پرسکون ثابت ہوگا، غزہ میں بالآخر تباہی اور خوں ریزی کے بعد صرف 42 روز کے لیے جنگ بندی ہوئی ہے، دعا ہے غزہ میں عارضی جنگ بندی مستقل جنگ بندی میں بدل جائے، پاکستان اپنے تئیں جو بھی کرسکتا ہے کرے گا۔ کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ غزہ میں بالآخر تباہی اور خوں ریزی کے بعد صرف 42 روز کے لیے جنگ بندی ہوئی ہے، اللہ سے دعا ہے کہ غزہ میں عارضی جنگ بندی مستقل جنگ بندی میں بدل جائے، 50 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہوئے، جن میں مائیں، بچے، ڈاکٹرز، انجینئرز اور نوجوان شامل ہیں، ہزاروں فلسطینیوں کو جیلوں میں ڈالا گیا اور شہروں کے شہر تباہ کردیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے غزہ میں جنگ بندی کے لیے بھرپور آواز اٹھائی اور امدادی اشیا بھجوائیں جس میں بہت سی کشتیاں تھیں، غزہ کی تعمیر نو کا مرحلہ جلد آنے والا ہے، پاکستان اپنے تئیں جو بھی کرسکتا ہے کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ روز گوادر ایئرپورٹ نے باقاعدہ کام شروع کردیا، یہ خوش آئند بات ہے اور انتہائی اہم منصوبہ ہے، چین کی جانب سے مہیا کیے گئے 23 کروڑ ڈالر کی لاگت سے یہ منصوبہ مکمل ہوا، گوادر ایئرپورٹ پاکستان کے بڑے ہوائی اڈوں میں شمار ہوتا ہے، اگر یہ ایئرپورٹ کاروباری مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے تو بلوچستان اور پاکستان کی معیشت کو کتنا فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ اس وقت پاکستان سے دشمنی پر اترے ہوئے ہیں اور قتل و غارت کا بازار گرم کیے ہوئے ہیں، آج انہیں یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ وہ قتل و غارت کرکے نہ صرف بلوچستان کے عوام کے خلاف جارہے ہیں بلکہ یہ پاکستان کے ساتھ صریحاً دشمنی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئرپورٹ تحفے میں دیا ہے، ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 9

کردیئے۔ 26 ویں آئینی ترمیم کو تحریک انصاف، بار ایسوسی ایشن، بار کونسل نے چیلنج کیا تھا، 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف انفرادی حیثیت میں بھی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔ 2 6 ویں آئینی ترمیم کیخلاف تمام درخواستوں پر یکجا سماعت کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 10

دوسرے کے مزید قریب آسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی ثقافت اپنی منفرد پہچان رکھتی ہے اور کلچر ایک ایسا شعبہ ہے جو سرحدوں کی قید سے آزاد ہے۔ بخاری نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کئی شعبوں، خاص طور پر ثقافت، کے میدان میں مل کر کام کرسکتے ہیں۔ اس موقع پر ارجنٹائن کے سفیر نے پنجاب کے کلچر اور روایتی کھانوں کی خوب تعریف کی اور کہا کہ پنجابی ثقافت دنیا بھر میں اپنی شہرت رکھتی ہے۔ ملاقات میں پنجاب اور ارجنٹائن کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری اطلاعات پنجاب سید طاہر رضا ہمدانی، پارلیمانی سیکرٹری شازیہ احمد، اور الحمرا آرٹس کونسل کے چیئرمین رضی احمد بھی شریک تھے۔

بقیہ بقیہ جات 11

پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد نہیں ہو سکی۔ پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف میرٹ کے برعکس بھرتیوں کے مقدمے کی سماعت اینٹی کرپشن کورٹ کے جج سردار اقبال ڈوگر نے کی۔ پرویز الٰہی کے پیش نہ ہونے پر ان پر فرد جرم عائد نہیں ہوسکی۔ عدالت نے پرویز الٰہی کو فرد جرم عائد کرنے کے لیے 4 فروری کو طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

امریکہ کے 47 ویں صدر کے طور پر حلف اٹھانے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان مضبوط اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں جو خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے اس امید کا اظہار کیا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورِ صدارت میں پاکستان اور امریکہ کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمنٹ امریکہ کے ساتھ تعلقات کو وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ سردار ایاز صادق نے مزید کہا کہ پاکستانی عوام اور حکومت امریکی عوام کے ساتھ قریبی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور امریکہ کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی خواہاں ہیں۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اس یقین کا اظہار کیا کہ ان کی مدبرانہ قیادت میں امریکہ ترقی کی نئی منازل طے کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

پارلیمانی رابطے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات خطے میں امن واستحکام کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک ایران تاریخی تعلقات کو تجارتی تعلقات میں تبدیل کرنا باہمی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ اس موقع پر ایرانی رکن پارلیمنٹ محمد میرزائی نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ مختلف ثقافتی شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط کرنا چاہتا ہے۔ محمد میرزائی نے سپیکر ملک محمد احمد خان کو ایران کے دورے کی دعوت دی، جس کا سپیکر ملک محمد احمد خان نے خیر مقدم کیا۔ بعدازاں سپیکر ملک محمد احمد خان نے وفد کو پنجاب اسمبلی کے نئے ایوان کا دورہ بھی کروایا۔ ملاقات میں سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چوہدری عامر حبیب، ایڈوائزر اسامہ خاور، ملک تیمور، سٹاف آفیسر عامر حسین بھلی اور ترجمان پنجاب اسمبلی راؤ ماجد علی بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کہ تحریک انصاف دنیا کی چھٹی بڑی سیاسی جماعت ہے، انٹراپارٹی انتخابات کیخلاف پانچ درخواستگزاروں نے انتخابات میں حصہ ہی نہیں لیا، اگلی سماعت پر الیکشن کمیشن کو جواب دیں گے، تحریک انصاف کا نشان خان صاحب ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کیلئے عمرایوب نے اسپیکر کو خط لکھا، شبلی فراز نے چیئرمین سینیٹ کو پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کیلئے خط لکھا ہے، جب تک نئے چیف الیکشن کمشنر نہیں آتے آئینی طور پر یہی کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 15

پورٹ پر کنٹینرز کلیئرنس، اسمگلڈ سامان آکشن اور انفورسمنٹ صلاحیت میں بہتری کی جائے گی، انڈر ٹیکس سیکٹر سے ٹیکس وصولی اور عدالتوں میں کیسز کو جلد کلیئر کیا جائے گا۔ آئی ایم ایف وفد کی آمد سے قبل تمام اقدامات پر پیشرفت کی جائے گی، جنوری کے دوران ایف بی آر کو تقریباً 960 ارب روپے کا ٹیکس ہدف حاصل کرنا ہے، 385 ارب روپے شارٹ فال ملا کر جنوری کا ٹیکس ہدف 1 ہزار 340 ارب روپے تک ہے۔ رواں ماہ کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 16

ٹریبونل کی تشکیل کیخلاف درخواست پر سماعت کا تحریری حکم جاری کردیا، عدالت نے تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کی درخواست فل بنچ کو بھجوادی۔ جسٹس احمد ندیم ارشد نے سلمان اکرم راجہ کی درخواست محفوظ فیصلہ سنایا۔ درخواست میں رانا ارادمحمود پر مشتمل الیکشن ٹربیونل کو چیلنج کیا گیا۔ تحریری حکم کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے 5 ضروری ہدایات لینے کے بعد درخواست کو فل بنچ کو بھجوا دیا جائے۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ اسی نوعیت کی درخواست پر فل بنچ بن چکا ہے، اس درخواست کو بھی سماعت کیلئے فل بنچ کے روبرو پیش کیا جائے، عدالت نے درخواستگزار کو عبوری دادرسی کیلئے فل بنچ میں معاملہ اٹھانے کی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 17

آج بالکل واضح کردی گئی ہے، خان صاحب نے خود فرمایا ہے کہ مذاکرات کا اگلا دور ہونے سے پہلے اگر کمیشن بنانے کا اعلان نہیں ہوتا تو بات چیت جاری نہیں رہے گی۔ یہ نہیں کہا گیا کہ جاری رکھنے کا فائدہ نہیں ہے بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ جاری نہیں رہے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پانی کبھی سر سے نہیں گزرتا، اگر سزائیں غلط ہوئی ہیں تو سزائیں واپس بھی ہوسکتی ہیں۔ تجزیہ کار فیصل وڑائچ نے کہا کہ یہ حقیقی بات ہے بھلا کس طرح ہوسکتی ہے جب تک امریکا کا ذاتی یا کاروباری مفاد یا اسٹریٹیجک مفاد یا ایسا نہ ہو جو ایک شخص ہی پورا کرسکتا ہو اس کا اس خطے میں جو بھی انٹرسٹ ہوگا، جو ہمارے ملک سے متعلق ہوگا اس کو جو بھی پورا کرے گا اسی کو ڈونلڈ ٹرمپ سپورٹ کریں گے۔ یہ جو ڈونلڈ ٹرمپ ہیں آپ سمجھیں کہ یہ ٹوپوائنٹ او ہیں، جس ڈونلڈ ٹرمپ کو آپ نے پچھلی بار دیکھا جو یہ نہیں کرسکے ان کی گفتگو میں مجھے بہت ریگریٹ نظر آتا ہے کہ اپنی پالیسیوں پر زور نہیں دے سکے تو اس بار آپ دیکھیں گے کہ پوری طاقت سے ان سب کو کریں گے۔ تجزیہ کار کامران بخاری نے کہا کہ جو انفرادی شخصیات ہوتی ہیں وہ جیو پالیٹکس پر اتنی زیادہ اثرانداز نہیں ہوتیں جتنا کہ عام طور پر لوگ تصور کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ امریکا اس وقت جس نہج پر ہے تو وہ ایک سائیکلک شفٹ کے دہانے پر ہے، یہ شفٹ کوئی شخصیت نہیں لیکر آتی بلکہ شخصیات اور پارٹیاں ان شفٹس کے جو تقاضے ہوتے ہیں جو حالات کے تقاضے ہوتے ہیں ان کے نتیجے میں ابھرتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

کریں گے، پاکستان کو دانشمندی کے ساتھ امریکہ کے سامنے اپنا موقف پیش کرنا ہوگا، بانی پی ٹی آئی کا نمبر بھی آئے گا، ڈونلڈ ٹرمپ بھی عمران خان والے پراسس سے گزرا ہے، نومنتخب امریکی صدر کو عمران خان سے ضرور ہمدردی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں مشاہد حسین سید نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کے سسٹم پر انگلیاں اٹھائیں، انہوں نے جرات کے ساتھ سسٹم کی خرابیوں کی نشاندہی کی، امریکی سسٹم کافی کرپٹ ہوگیا تھا، امریکہ جیسے ملک میں آزادی رائے کو سلب کیا گیا، نومنتخب صدر پہلے 100 دنوں میں چین کا دورہ بھی کریں گے، جو بائیڈن بڑا جعلی سا صدر تھا، ڈونلڈ ٹرمپ نے منافقت کے بجائے سچی باتیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ نتن یاہو جیسے بدمعاش کو ڈونلڈ ٹرمپ نے لگام ڈالی، غزہ میں جنگ بندی ان کی وجہ سے ہوئی۔ انہوں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دانشمندی کے ساتھ امریکہ کے سامنے اپنا موقف پیش کرنا ہوگا۔ مشاہد حسین سید نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کا صدر بننا عالمی امن کے لیے بھی بڑا اچھا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 19

فائلر کی اہلیت کے معاملے کے جائزہ لینے کے لیے ذیلی کمیٹی قائم کردی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کہا گیا کہ ذیلی کمیٹی رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کی حد اور اہلیت کا جائزہ لے گی اور 10 روز میں اپنی سفارشات پیش کرے گی۔ چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے قائمہ کمیٹی کو بتایا کہ نئے قانون کے تحت ٹیکس ریٹرن فائلر کی اہلیت کی بنیاد پر ترامیم کی گئی ہیں۔ چیئرمین ایف بی آر کے مطابق اہل ٹیکس گزار بیوی، غیر شادی شدہ بیٹی، 25 سال سے کم عمر لڑکے کو ٹیکس ریٹرن میں ظاہر کرسکتے ہیں۔ راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ نئے ٹیکس قانون کے تحت 5 سے 10 مرلے کے مکان خریدنے والوں پر پابندی نہیں لگائی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

سہولت دیے جانے کا امکان ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے صارفین کو قسطوں کی سہولت ڈسکوز کو ریونیو ضروریات کے مطابق دینے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ نیپرا نے کنزیومر سروس مینوئل میں ترمیم کی بھی تجویز دے دی۔ دستاویز کے مطابق نیپرا نے کنزیومر سروس مینوئل میں ترمیم کے لیے اسٹیک ہولڈرز سے 7 روز میں رائے طلب کرلی۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ بجلی صارفین کے لیے پہلی قسط کی بروقت ادائیگی پر مارک اپ نہیں ہوگا، ڈسکوز کو قسطوں پر 14 فیصد مارک اپ لگانے کی اجازت ہوگی۔ نیپرا نے جون 2024 میں کنزیومر سروس مینوئل 2021 میں ترمیم کی تھی۔ اس وقت مالی سال میں صرف ایک مرتبہ ہی بجلی کے بلوں کی قسطیں کرنے کی اجازت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

سیکرٹری جنرل اقبال ظفر جھگڑا سے ملاقات کی جس میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اقبال ظفر جھگڑا کے چھوٹے بھائی جاوید ظفر جھگڑا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے غمزدہ خاندان سے تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت اور درجات بلند کرے اور غمزدہ خاندان کو یہ صدمہ حوصلے اور صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 22

سینیٹر شیری رحمان نے حکومت پر دریائے سندھ پر کینال بنا کر سندھ کے پانی کی کٹوتی کا الزام عائد کردیا جس پر سینیٹر عرفان صدیقی نے واضح کیا ہے کہ اگر پنجاب اپنے حصے کے پانی سے کینال بنا رہا ہے تو کوئی اعتراض نہیں بنتا۔ منگل کو سینیٹ اجلاس میں پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمن نے دریائے سندھ پر کمرشل کموڈٹی فارمنگ کے لیے بیراج ڈیزائن کنال کی تعمیر سے متعلق تحریک التوا پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر سندھ کے تمام علاقوں میں شدید احتجاج ہوا، حکومتی فیصلے پر سندھ سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی، سی ڈی ڈبلیو پی اجلاس میں وزیراعلیٰ سندھ نے واضح اعتراض کیا، چولستان کے ریگستان میں ہریالی کے لیے پانی تبدیل کیا جارہا ہے۔ سینیٹر شیری رحمن نے سوال اٹھایا کہ 7 ملین ایکڑ اراضی کس طرح زرخیز بنائیں گے جبکہ پانی نہیں ہے، کوٹری اور گڈو سے پیچھے دریائے سندھ ٹھاٹھیں مارا کرتا تھا، اب وہ صورتحال کہاں ہے سب کو پتہ ہے پانی کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا سب سے بڑا شہر ہے مگر وہاں کے شہری بوند بوند پانی کو ترستے ہیں، کراچی میں لوگوں کے پاس وسائل ہیں پھر بھی پانی کی یہ صورتحال ہے، ایک صوبہ چیخ رہا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہورہی۔ سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ جو ڈیٹا یہاں بتایا گیا حقیقت اس کے الٹ ہے، ارسا نے خود 25 سال سے پانی کی کمی کی بات کررہا ہے، ارسا نے کہا ہے کہ پنجاب اور سندھ کے پانی کی 13 فیصد کمی رہی ہے، یہ مسئلہ کوئی 40 سال سے رہا ہے، اس معاملے پر سندھ بلوچستان کو سنا جائے، کمیٹی بنا کر معاملہ اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تقسیم کی سیاست نہیں چاہتے، پانی کی تقسیم مبہم اور متنازع ایشو رہا ہے، تکنیکی باتوں سے معاملہ کو مت الجھائیں زمین پر خشک سالی ہے، پنجاب کیا پانی پر معاہدہ نہیں کرسکتا، سندھ بنجر بن چکا ہے، وفاق کی جو بھی مجبوریاں ہیں سندھ سے ڈسکس کرے۔ پیپلز پارٹی کے الزام پر مسلم لیگ کے سینیٹر عرفان صدیقی نے واضح کیا کہ اگر پنجاب اپنے حصے کے پانی سے کینال بنا رہا ہے تو کوئی اعتراض نہیں بنتا، ایسا فیصلہ سامنے لائیں جس سے دوسرے صوبہ کا حق مارا گیا ہو۔ سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے کے تحت اگر پنجاب نہیں بنا رہا تو بحث نہیں بنتی، ایسی باتیں نہیں ہونی چاہئیں کہ فیڈریشن ٹوٹ جائے۔

بقیہ بقیہ جات 23

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آئیں گے، اس دن ملک کے حالات ٹھیک ہوں گے۔ فیصل جاوید کا کہنا ہے کہ ٹرسٹ ڈیفیسٹ کو ختم کرنا ہوگا، بیرون ملک پاکستانیوں کا بانی پی ٹی آئی پر اعتماد ہے، ملک میں پیسہ ان کے نام پر آئے گا۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ ڈیل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، بانی پی ٹی آئی کبھی ڈیل نہیں کریں گے، ہم یہ نہیں کہتے کہ حکومت گرادو، ہم تو انصاف چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ انتخابی نشان لینے کے باوجود عوام نے ہمیں ووٹ دیا، سال کا سیاہ دن 8 فروری آرہا ہے، اس روز پوری قوم یوم سیاہ منائے گی، پنجاب والے بھی کہتے ہیں کہ ہم نے ان کو ووٹ نہیں دیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

ڈاکٹر غلام محمد علی کی جانب سے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف انٹراکورٹ اپیل دائر کی گئی۔ ڈاکٹر غلام محمد علی کی انٹراکورٹ اپیل آج سماعت کے لیے مقرر کرلی گئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس انعام امین منہاس آج ڈویژن بنچ میں سماعت کریں گے۔ انٹراکورٹ اپیل میں موقف ہے کہ سنگل بنچ کا فیصلہ غیر قانونی اور غیر آئینی ہے۔ ڈاکٹر غلام علی نے انٹراکورٹ اپیل میں سنگل بنچ کا فیصلہ معطل کرکے عہدے پر بحال کرنے کی استدعا کی ہے۔ سنگل بنچ جسٹس بابر ستار نے چیئرمین پی اے آر سی کو چارج چھوڑنے کی ہدایت کرتے ہوئے 15 مارچ 2024 کا آفس میمورنڈم کالعدم قرار دے دیا تھا۔ سنگل بنچ نے قانونی تقاضے پورے کرکے نیا چیئرمین پی اے آر سی تعینات کرنے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 25

پاکستان کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا الیکشن فراڈ پر ہوا، جیسے فارن فنڈنگ کیس کو 8 سال لٹکایا ویسے ہی انٹراپارٹی کیس کو لٹکایا جارہا ہے، جب تک قانونی الیکشن نہ ہوجائیں ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ کس طرح تحریک انصاف کے وسائل استعمال کررہے ہیں، ہم نے درخواست کی ہے کہ ان کے تمام اکاؤنٹس فریز کیے جائیں، القادر ٹرسٹ کے حوالے سے جو فیصلہ آیا مجھے بانی رکن کے طور پر اس پارٹی کے لیے افسوس ہوتا ہے۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ ہم نے تو ایسے لوگوں کو پارٹی میں ساتھ لے کر چلنا تھا جن کا ماضی کرپشن سے پاک ہو، آج طرح طرح کے لوگ اس پارٹی پر قابض ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

جعلی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنیوالے والے 10 مزید ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلیے گئے جن میں 2 خواتین بھی شامل ہیں، شہباز گل اور عادل راجہ جیسے ملزمان کو پاکستان لانے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ ایف آئی اے سائبر کرائم لاہور کے ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد سرفراز چوہدری اور ڈپٹی ڈائریکٹر زوار احمد نے پریس کانفرنس کی۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور یو اے ای کے صدر کی اے آئی جنریٹڈ تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنے والے والے 10 مزید ملزمان کیخلاف مقدمات درج کیے۔ ملزمان میں دو خواتین بھی شامل ہیں، اب تک ایسے عناصر کیخلاف 18 مقدمات درج ہوچکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے عناصر جو اسٹیٹ اور معزز شخصیات کیخلاف ایسا پراپیگنڈا کرتے ہیں ان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ان میں وہ ملزمان شامل ہیں جنہوں نے یہ تصاویر بنائی اور شیئر کیں۔ انہوں نے بتایا کہ جن افراد نے ان پر کمنٹس کیے وہ بھی ایف آئی اے کے ملزم ہیں، ان ملزمان کو پانچ سے سات سال تک سزا ہوگی، اس حوالے سے ملزمان کی 4 کیٹگریز بنائی گئی ہیں، تصاویر بنانے والے، شیئر کرنے والے، لائیک اور کمنٹ کرنیوالوں کو بھی پکڑا جائے گا، سائبر کرائم کے حوالے سے قوانین کو مزید سخت بنا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے، چیف الیکشن کمشنر نے مکالمہ کیا کہ بیرسٹر صاحب یہ کیس 30 اپریل 2024 سے چل رہا ہے، تاحال پی ٹی آئی کی جانب سے تحریری جواب جمع نہیں کروایا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آپ نے پانچ درخواستوں اور نوٹس پر جواب جمع کروانا ہے، بیرسٹر گوہر نے کہا کہ نوٹس کا جواب ہم دے چکے ہیں، درخواست گزاروں کی گزارشات کا جواب آئندہ سماعت پر جمع کروا دیں گے، آئندہ سماعت پر تحریری جواب جمع کروادیں گے۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ کیس کا فیصلہ ہونے تک پی ٹی آئی کے اکاؤنٹس فریز کیے جائیں۔ اس کے ساتھ ہی الیکشن کمیشن کی پی ٹی آئی کو آئندہ سماعت تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 11 فروری تک ملتوی کردی۔ فارن فنڈنگ کیس کو 8 سال لٹکایا گیا، اب انٹراپارٹی بھی لٹکایا جارہا ہے، اکبر ایس بابر

بقیہ بقیہ جات 28

ہوگیا۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کی معاونت سے "گرین اسکلز ٹریننگ پروگرام" کے لیے یونیسف سے معاہدہ ہوگیا۔ یونیسف بچوں کی فلاح، تعلیم، صحت اور حقوق کے تحفظ کے لیے عالمی سطح پر سرگرم ہے۔ نوجوانوں کو پائیدار ترقی اور ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے یونیسف اور مسلم ورلڈ لیگ کی شراکت داری و ایس آئی ایف سی کے تعاون سے مسلم ورلڈ لیگ کی جانب سے پاکستان میں لڑکیوں کی تعلیم اور تربیت کے لیے 1.5 ملین ڈالر کا معاہدہ ہوا ہے۔ "گرین اسکلز ٹریننگ پروگرام" نوجوانوں کو پائیدار مستقبل کے لیے ضروری مہارتیں فراہم کرنے میں معاون ہوگا۔ اس کے تحت معاشی طور پر کمزور نوجوانوں بالخصوص لڑکیوں کو تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے جدید تربیتی پروگرام دیے جائیں گے۔ یہ شراکت داری پاکستان کے نوجوانوں کے روشن مستقبل اور معاشی ترقی میں اہم کردار کی ضامن ہوگی۔ مختلف ممالک میں بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیوں کے لیے کی گئی کاوشیں یونیسف اور مسلم ورلڈ لیگ کی 14 سالہ شراکت داری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے نوجوانوں کی فنی تربیت کے ذریعے اقتصادی ترقی کے امکانات روشن ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

ملزم نے ضمانت کے لئے سپریم کورٹ سے رجوع کرلیا، سپریم کورٹ نے اقدام قتل کے ملزم محمد اسماعیل کی ضمانت قبل از گرفتاری کنفرم کردی، سپریم کورٹ نے ملزم محمد اسماعیل کو ٹرائل کورٹ میں پچاس ہزار روپے کا مچلکہ جمع کروانے کی ہدایت کردی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے لاہور رجسٹری میں ویڈیو لنک پر سماعت کی۔ سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں ملزم کی جانب سے راجہ عبدالرحمان ایڈووکیٹ پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ مناواں پولیس نے افضل سمیت دیگر پر فائرنگ کر کے زخمی کرنے کا مقدمہ درج کیا، مقدمہ میں محمد اسماعیل سمیت دیگر کو نامزد کیا گیا، مقدمہ میں بدنیتی سے ملزمان کو ملوث کیا گیا، ایک ملزم فائرنگ سے زخمی ہوا لیکن ایف آئی آر میں اس کا ذکر تک نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

کو اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر ان اراکین کی رکنیت معطل کی تھی۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے رکن قومی اسمبلی طارق بشیر چیمہ، اختر مینگل، میاں اظہر، محبوب سلطان، علی قاسم گیلانی، طاہر اقبال، فرخ الطاف کی رکنیت معطل کی تھی۔ پنجاب اسمبلی کے 68 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے، جن میں صاحبزادہ غزین عباسی، فرحت عباس، جاوید کوثر شامل ہیں، اس کے علاوہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سمیت سندھ اسمبلی کے 15 اراکین کی رکنیت معطل کردی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے 33 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے۔ سینیٹر محمد قاسم اور عبدالقدوس کی رکنیت بھی معطل کردی گئی ہے۔ صوبائی وزیر عدنان قادری، مینا خان، فضل الٰہی کے نام بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں بلوچستان اسمبلی کے 5 اراکین کی رکنیت معطل کی گئی ہے۔ ارکان سینیٹ واسمبلی رکنیت بحالی تک قانون سازی اور اجلاسوں میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

سے چوری کی 4 وارداتوں کا سراغ لگالیا ہے، تفتیش کا عمل جاری ہے، مزید انکشافات متوقع ہیں۔ گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ منیر عرف منیری، غلام رسول، عدنان اور شفاقت شامل ہیں۔ ملزمان مانگٹانوالا اور گردونواح میں پیٹرانجن چوری کی وارداتوں میں سرگرم تھے۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان، مال اور عزت کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کا جائزہ لیا گیا، اچھی کارکردگی پر شمالی چھاؤنی کے سب انسپکٹر شرافت اور مناواں کے اے ایس آئی محمد سعید کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹس کا اعلان کیا گیا جبکہ ناقص کارکردگی پر اے ایس آئی محمد افضل اور محمد اشرف کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ خواتین سے زیادتی، ظلم و تشدد اور ہراسگی کے مقدمات کی تفتیش میں کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، خواتین اور بچوں کے جنسی استحصال میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن کا مزید کہنا تھا کہ چالانی تناسب میں بہتری کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، مضبوط چالان مرتب کرکے گنہگار کو سزا دلوائیں، میرٹ پر سمجھوتا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، لاہور پولیس خواتین سے زیادتی اور تشدد کی تمام اقسام کی مذمت کرتی ہے، عوام الناس کو ہر صورت بروقت انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

کہ واپڈا ایک ایسا بے لگام ادارہ بن چکا ہے جس کو پوچھنے والا کوئی نہیں۔ ایک ماہ میں ایک دو بار لمبی لوڈشیڈنگ کی تو سمجھ آتی ہے لیکن ہر دوسرے تیسرے دن صبح سے شام تک بجلی کی لوڈشیڈنگ کرکے رہائشیوں کو سزا دینا سمجھ سے بالا تر ہے۔ سیکٹر آئی نائن کے رہائشیوں نے وفاقی وزیر برقیات سے درخواست کی ہے کہ خدارا وہ آئی نائن سیکٹر کا دورہ کرکے صورتحال کا خود جائزہ لیں اور لوگوں کو تصدیق کریں سب کچھ واضح ہو جائے گا کہ واپڈا اس سیکٹر میں کیا گل کھلا رہا ہے۔ واپڈا کے ادارے کا قبلہ درست کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 34

ایمرجنسی کو بھی گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں فوری طور پر منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں جاری ری ویمپنگ منصوبے کو مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے 100 بستروں پر مشتمل گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں ایچ آر کو بھی مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود، سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ذیشان شبیر رانا، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی، ایڈیشنل سیکرٹریز ڈاکٹر محمد وسیم اور انور بریار نے شرکت کی۔ اجلاس میں پرنسپل سرگودھا میڈیکل کالج پروفیسر وارث فاروقہ اور ایم ایس سرگودھا ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر مشتاق بشیر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

ٹیوبرویل، ممبر کانگریس لین کلورٹ، سابق برطانوی وزیراعظم لز ٹراس، گورنر میپسی فلپ برینٹ سے ملاقاتیں کیں جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محسن نقوی نے ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے صدارت کا عہدہ سنبھالنے پر امریکی سینیٹرز و ممبرز کانگریس کو مبارکباد دی اور امریکی عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج امریکہ کیلئے ایک تاریخی دن ہے، امریکی عوام صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے محبت کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ میں شاہد ہوں کہ آج امریکی عوام نے ڈونلڈ ٹرمپ کی صدارت کو زبردست طریقے سے منایا ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تعلقات کا نیا باب شروع ہوگا، میں امریکا کے عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 36

بڑا سوالیہ نشان ہے، ذمہ داران کے خلاف سخت ترین کارروائی کرتے ہوئے انہیں قرار واقعی سزا دی جانی چاہئے تاکہ عبرت کا نشان بن سکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا، یہاں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا نظام نافذ کیا جانا چاہئے۔ معاشرتی بگاڑ کو درست کرنے کے لئے اسلامی طرز معاشرت کو اختیار کرنا ہوگا۔ 76 برسوں سے اشرافیہ نے یرغمال بنایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسال کے دوران 16 لاکھ اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی ملک چھوڑ کر امریکہ، کینیڈا، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، کویت، ترکیہ، ملائیشیا، آسٹریلیا، سنگاپور، چین اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کا رخ کرچکے ہیں۔ بیرون ملک جانے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، چارٹرڈ اکاؤنٹس، آئی ٹی ماہرین، سول الیکٹریکل اور مکینیکل انجینئرز اور آرٹسٹ شامل ہیں۔ ملکی حالات سے دلبرداشتہ ہر سال لاکھوں افراد قانونی و غیر قانونی طریقوں سے باہر جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ غیر قانونی طریقوں کے ذریعے ہزاروں افراد لقمہ اجل بھی بن رہے ہیں۔ جاوید قصوری نے کہا کہ جب تک ملکی معیشت ٹھیک، عوام کی زندگی میں آسودگی، تعلیم یافتہ نوجوانوں کے روزگار کے مواقع اور میرٹ کا بول بالا نہیں ہوتا، کرپشن کا خاتمہ، اداروں سے کرپٹ افراد کا قلع قمع نیز قابلیت کی قدر نہیں ہوگی اس وقت تک برین ڈرین کا سلسلہ رکنے والا نہیں۔ المیہ یہ ہے کہ بدقسمتی سے ملک میں ایسے حکمران مسلط کر دیئے گئے ہیں جن کے ان مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لئے صلاحیت ہے اور نہ ہی وژن نام کی کوئی چیز ہے۔ محض ڈنگ ٹپاؤ اقدامات سے عوام کو بے وقوف بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کا مال مسروقہ برآمد کرلیا، چور گینگ کے سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے پولیس متحرک ہے، ایس این آئی کے مطابق بڑی چوری کا یہ واقعہ چند روز قبل شہری ارسلان کی ہمشیرہ کی رخصتی کی تقریب میں پیش آیا تھا، ملزمان نے گہما گہمی کے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے طلائی زیورات اور قیمتی سامان چرالیا تھا جسے پولیس نے برآمد کرکے اصل مالک کے حوالے کردیا، اس سلسلے میں ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ ڈی پی او راشد ہدایت نے تھانہ اے ڈویژن پولیس کی کارکردگی کو سراہا اور شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال اور عزت کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 38

کا شکار، مقدسات کو نشانہ بنایا جارہا ہے، جنونی ہندوؤں کو لگام نہ دی گئی تو مودی کا تختہ دھڑن تختہ ہوجائیگا مسلمانوں پر ظلم کی انتہا کردی گئی ہے، پاکستان کی حکومت بھارتی مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کیخلاف سفارتی سطح پر اقدامات اٹھائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی دہشتگرد حکومت کی جانب سے ہندوتوا ایجنڈا اکھنڈ بھارت منصوبے کے تحت مسلمانوں سمیت اقلیتوں کو چلتے پھرتے موت کے گھاٹ اتارنا اور تشدد کا نشانہ بنانا ایک عام سی بات ہے اور یہ سب کچھ ریاست کی سرپرستی میں ہورہا ہے۔ بین الاقوامی تنظیموں کی رپورٹوں کے مطابق ہندوستان میں مسلمانوں، عیسائیوں، سکھوں، دلت پر منظم حملے کیے جاتے ہیں، انسانی حقوق کی تنظیمیں انڈیا میں ہونے والی دہشتگردی کیخلاف کیوں چپ ہیں؟۔

بقیہ بقیہ جات 39

وہاں روٹری پارکنگ جیسی جدید سہولیات پر غور کیا جائے۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ صنعتی علاقوں اور تجارتی مراکز میں سیکورٹی کو بہتر بنانا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے ان علاقوں میں سیف سٹی کیمروں کی تنصیب اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موجودگی پر زور دیا۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ محفوظ کاروباری ماحول معاشی ترقی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور بہتر سیکورٹی اقدامات نہ صرف کاروبار کی حفاظت کریں گے بلکہ سرمایہ کاری کو بھی فروغ دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 40

آئین کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے جسے پی ٹی آئی مسترد کرتی ہے غیر موثر معاشی پالیسی کی وجہ سے ملک میں ہر شخص پریشان ہے ملک وسائل سے مالا مال ہے لیکن ہمارے ہاں اصل مسئلہ کرپشن، مس مینجمنٹ، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور نااہل لوگوں کو مسند اقتدار پر بٹھایا جانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

کی قیمتوں میں ریلیف کی فراہمی ہے۔ حکومت امپورٹ ایکسپورٹ اور صنعت وتجارت پر ٹیکسوں میں کمی کرے اور بجلی کے بلوں میں ریلیف دے۔ بزنس سیکٹر کے ملکی ترقی کیلئے اہم ترین کردار کو سازگار حالات دینے کی اشد ترین ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

بریانی، نہاری، اور لسی، سے بھرپور لطف اٹھایا۔ اس دوران طلبا نے لوک موسیقی اور روایتی رقص کے شاندار مظاہرے بھی دیکھے، جس نے انہیں پاکستانی ثقافت کے رنگارنگی سے محظوظ کیا۔ دورے کے اختتام پر طلبا نے لاہور کی ثقافتی خوبصورتی اور تاریخی ورثے کو سراہتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کا شکریہ ادا کیا، جن کی سرپرستی اور رہنمائی کے بغیر یہ دورہ ممکن نہ تھا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ اس قسم کے دورے غیر ملکی طلبا کو نہ صرف لاہور کی ثقافت اور تاریخ سے آگاہ کرتے ہیں بلکہ مختلف قوموں کے درمیان تعلقات کو بھی فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیرا اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ علماء دین سرزمین پر روشن ستاروں کی مانند ہیں جن کے کردار اور رہنمائی سے معاشرے میں شرافت، تہذیب اور امن قائم رہتا ہے، موجودہ دور میں دینی تعلیم کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ہم اپنی اسلامی روایات اور تہذیب کو محفوظ رکھ سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

مبینہ مقابلے میں پولیس نے 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 45

کہا کہ دنیا کی طرح پاکستان میں بھی خودکار سسٹم ہونا چاہیے جس کے تحت ریفنڈز کو کوئی درخواست نہ دینا پڑے اور اس کے فنڈز اکاؤنٹ میں از خود ٹرانسفر ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کئی ترقی یافتہ ممالک سے زیادہ ٹیکس اکٹھا کررہی ہے لیکن اس کے عوض اس طرز پر مراعات حاصل نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس ریفنڈز کی بروقت ادائیگی سے کاروباروں میں سرمایہ کاری بڑھے گی جس سے معیشت کو بھی تحرک ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے پاس ریفنڈز کیلئے ہزاروں کی درخواستیں پڑی ہیں لیکن اس کے باوجود ادائیگی نہیں ہورہی، ایف بی آر کے افسران وفاقی ٹیکس محتسب کے احکامات کو بھی نظرانداز کردیتے ہیں۔ ٹیکس پیئر زکو اپنا قانونی حق لینے کے لیے بھی افسران کو رشوت دینا پڑتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

انصاف جبر برداشت کرنے والے اپنے قائدین کی قیمت پر کسی صورت کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، ہمیں نہ ڈیل اور نہ ڈھیل چاہیے، آرمی چیف اور بیرسٹر گوہر کے درمیان ہونے والی ملاقات کے بعد حکمران شدید تکلیف میں ہیں، مذاکرات کی کامیابی حکمرانوں کی موت ہوگی۔ پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احمد خان بھچر نے کہا کہ حکومت نے عددی اکثریت کو سبوتاژ کرکے 12 بلز پاس کیے، کورم پورا نہیں تھا ہماری ترامیم بھی نہیں لی گئیں، سارے پاس کردہ بلز غیر قانونی ہیں، پوسٹ بجٹ تقریر بھی غیر قانونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ڈیرہ غازی خان گئیں تو وہ پورا ضلع جام ہوگیا۔ مہنگائی کے حوالے سے غلط بیانی کی جارہی ہے، مہنگائی کی شرح 13.8 تک پہنچ چکی ہے جو پی ٹی آئی دور میں 5 فیصد تھی، ان کو پی ٹی آئی کو کچلنے کے علاوہ کوئی کام نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک غیر سنجیدہ وزیر نے کہا کہ چھبیس نومبر اور نو مئی کا کمیشن نہیں بنائیں گے تو ہم نے کہا یہ آپ سے مذاکرات کی بھیک نہیں مانگ رہے، آپ جن کے لائے ہوئے ہیں تو جنہوں نے فیصلہ کرنا ہے وہ کروالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ القادر ٹرسٹ کا جو فیصلہ مسلط کیا گیا یہ مذاکرات کو سبوتاژ کرنے کے لئے کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعجاز چوہدری، یاسمین راشد سمیت دیگر جو بھی جیل میں ہیں ان کی قربانیوں کو یاد رکھا گیا ہے، ہمارے بانی چیئرمین نے ڈیل نہ کی نہ کریں گے آپ تو جٹ پر جدہ چلے گئے تھے، حکومت کی موت ہے کہ مذاکرات کامیاب ہوں لیکن ہم مذاکرات کی کامیابی کیلئے بھیک نہیں مانگیں گے، ریلیف کا لفظ ہماری ڈکشنری میں نہیں ہے، آرمی چیف سے ملاقات کو بانی چیئرمین نے سراہا ہے، ہماری طرف سے کوئی ریلیف نہیں مانگا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کو سزا بانی پی ٹی آئی کو ذہنی طور پر اذیت دینے کیلئے دی جارہی ہے، مذاکرات کامیاب ہوتے ہوئے حکومت کو پتہ بھی نہ چلے گا کہاں اور کیسے مذاکرات کامیاب ہوگئے، اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ بیک ڈور مذاکرات نہیں ہورہے، ان کے کہنے پر مذاکرات ہورہے ہیں، ان کے پاس تو لوگ نہیں، جب مینڈیٹ دلوایا تو کامیاب بھی وہی کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

بیٹی کو قتل کیا، مجرم نے اپنے سوتیلے بیٹے علی رضا اور بیٹی امیر فاطمہ کو شدید زخمی کیا، مجرم کو ایڈیشنل سیشن جج نے 2021ء کو دو مرتبہ پھانسی کی سزا سنائی، مجرم نے 18 اکتوبر 2018ء کو بھلوال سرگودھا میں جرم کا ارتکاب کیا، مجرم کے سفاکانہ جرم کے بعد یہ کسی رعایت کا مستحق نہیں ہے، عدالت سزا کے خلاف اپیل خارج کرے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد سزائے موت کے خلاف اپیل خارج کردی۔

بقیہ بقیہ جات 48

کی تیاری کی جارہی تھیں، یونٹ میں چوہوں، چھپکلیوں اور مری مکھیوں کی بھرمار پائی گئی۔ ڈی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ قوانین کے خلاف خوراک کا کاروبار کرنے والوں کے کاروبار جڑ سے اکھاڑ دیا جائے گا، قوانین کے مطابق کام کرنے والوں کے لیے عوام دوست پالیسی ہے، ملاوٹ اور جعلساز مافیا کو ہرگز رعایت نہیں، خوراک کی تیاری سے ترسیل تک چیکنگ کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

کارکردگی، جاری سکیموں اور نئے منصوبوں پر غور کیا گیا، ٹرانسپورٹ، معدنیات، ماہی گیری، ماحول، جنگلات اور جنگلی حیات کا تحفظ، لیبر، لائیو سٹاک، اوقاف، کموڈیٹیز مینجمنٹ کی وزارتوں اور محکموں کا جائزہ لیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں داخلہ، پولیس، جیل خانہ جات، ہائیکورٹ، قانون وانصاف، خواتین اور تمام طبقات کے انسانی حقوق کا تحفظ اور ترقی، سماجی بہبود کے منصوبوں پر پیشرفت بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 50

جو ملک میں کاروباری مواقع کے فروغ کے لیے نہایت خلوص اور ایمانداری کے ساتھ کام کررہے ہیں۔ انہوں نے "ففتھ پلر" کے اقدام کو پاکستان کی معیشت کے استحکام اور ترقی کے لیے ایک تاریخی قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ عابد علی بٹ کا یہ مشن، جو کاروباری مواقع کی تخلیق، حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مضبوط نیٹ ورکنگ، اور ایک مستحکم معاشی پالیسی کے ذریعے پاکستان کو قرضوں سے نجات دلانے کا عملی منصوبہ ہے، کسی قومی خدمت سے کم نہیں۔ ایسے مشکل اور حساس معاملات پر کام کرنا ایک غیر معمولی حوصلے اور خلوص کی علامت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیسکو پبلک ایڈ کمیٹی کے عہدیداران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئےکیا۔ اس موقع پر صدر پبلک ایڈ کمیٹی جماعت اسلامی لاہور وقاص احمد بٹ، کوارڈینیٹر لیسکو پبلک ایڈ کمیٹی لاہور جبران بٹ سمیت دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ شہر لاہور میں گلی، محلوں اور بازاروں میں بجلی کے کھمبوں اور بے ہنگم بجلی کی ترسیل کا نظام لیسکو کی کھلی نااہلی ہے جو کسی بھی وقت کسی بھی بڑے حادثات کا سبب بن سکتی ہے۔ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ شہر بھر میں شہری علاقوں اور بازاروں میں بجلی کے کھمبوں اور بے ہنگم بجلی کی ترسیل کا نظام فوری طور درست کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کے مال و جان کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 52

سے متعلق 354، ناقص تفتیش کی 159 سے زائد شکایات حل جبکہ جھوٹے مقدمات کی منسوخی سے متعلق 75 سے زائد اور تبدیلی تفتیش سے متعلق 40 شکایات حل کی گئیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ 1787 پر دادرسی کے ذریعے 18 مغویوں کی بازیابی عمل میں لائی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ سائلین پولیس اہلکاروں کے خلاف کسی بھی شکایت کی صورت میں 1787 کمپلینٹ سنٹر پر بلا جھجک رابطہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کی جانب سے موصولہ شکایات کو ایس او پیز کے مطابق مقررہ ٹائم لائن کے اندر حل کیا جاتا ہے جبکہ 1787 آئی جی پی کمپلینٹ سنٹر کی کارکردگی کو زیادہ موثر بنانے کیلئے مانیٹرنگ مزید فعال کی گئی ہے۔ آئی جی پنجاب نے تمام ڈی پی او کو ہدایت کی کہ 1787 کمپلینٹ سسٹم پر موصولہ شکایات کے فوری ازالے کے لئے معاملات کی خود مانیٹرنگ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 53

کو بھی گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں فوری طور پر منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں جاری ری ویمپنگ منصوبے کو مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے 100 بستروں پر مشتمل گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا میں ایچ آر کو بھی مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود، سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ذیشان شبیر رانا، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی، ایڈیشنل سیکرٹریز ڈاکٹر محمد وسیم اور انور بریار نے شرکت کی۔ اجلاس میں پرنسپل سرگودھا میڈیکل کالج پروفیسر وارث فاروقہ اور ایم ایس سرگودھا ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر مشتاق بشیر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 54

نعش غلام فرید دو یوم ہوئے گھر سے لاپتہ تھا جس کا ذہنی توازن بھی درست نہ تھا جو سیکسر روڈ پر ڈیرہ کنڈان خالق آباد کیچر سیم میں گر کر جاں بحق ہوگیا جس کی نعش سیم سے نکال کر ریسکیو نے ہسپتال منتقل کر دی جسکی شناخت ہوجانے پر نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 55

دورے کے اختتام پر طلباء نے لاہور کی ثقافتی خوبصورتی اور تاریخی ورثے کو سراہتے ہوئے وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کا شکریہ ادا کیا، جن کی سرپرستی اور رہنمائی کے بغیر یہ دورہ ممکن نہ تھا۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ اس قسم کے دورے غیر ملکی طلباء کو نہ صرف لاہور کی ثقافت اور تاریخ سے آگاہ کرتے ہیں بلکہ مختلف قوموں کے درمیان تعلقات کو بھی فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں لاہور کو بین الاقوامی طلباء کے لیے مزید پرکشش بنانے میں معاون ثابت ہوں گی۔ یو ای ای لاہور کا یہ اقدام نہ صرف پاکستان کی مثبت تصویر اجاگر کرتا ہے بلکہ مختلف قوموں کے درمیان رابطے اور ہم آہنگی کو بھی فروغ دیتا ہے۔ سٹاف ایڈوائزر ڈاکٹر آمنہ نیازی نے دورے کی قیادت کی۔

بقیہ بقیہ جات 56

صنعتکاروں کو مثالی حالات دے کر ہی ملکی ترقی کے راستے کھل سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

۔عوامی وسماجی حلقوں کو سازگار حالات اسی صورت میسر آئیں گے جب روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔ ملک و قوم کی خوشحالی معیشت کی مضبوطی روپے کی قدر میں بہتری کی خوشخبری کی صبح روشن کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 58

ہ ٹرانسفارمیشن پلان، درپیش مسائل اور مختلف شعبہ جات میں ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ مارکیٹنگ اور دیگر شعبوں کو مزید موثر بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جارہے ہیں، جعلی بیجوں کی روک تھام کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے ادارے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کا زراعت کی ترقی میں کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے دالوں کی پیداوار میں اضافے اور گوجرانوالہ میں سیل پوائنٹس کی تعداد بڑھانے کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ بدلتے رجحان اور جدید تقاضوں کو اپنائے بغیر موثر مقابلہ ممکن نہیں۔ ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا نے بتایا کہ قلیل مدت میں متعدد نئے اقدامات کیے گئے ہیں جن میں نئے شعبوں کا قیام بھی شامل ہے، ان شاء اللہ بہت جلد مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 59

کے ساتھ تمام دھاگوں پر ہوگا۔ پتنگ بازی سے متعلقہ مواد کی تیاری اور نقل وحمل پر مکمل پابندی ہوگی۔ ترجمان محکمہ داخلہ کے مطابق پتنگ اڑانے والے کو 3 سے 5 سال قید یا 20 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے، پتنگ ساز اور ٹرانسپورٹر کو 5 سے 7 سال قید یا 50 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہونگے، پتنگ بازی میں ملوث بچے کو پہلی بار 50 ہزار جرمانہ، دوسری بار 1 لاکھ جرمانہ ہوگا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے کہا کہ پتنگ بازی کے دوران تیز دھار ڈور کے استعمال سے کئی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا، انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پتنگ بازی پر مکمل پابندی کا قانون منظور کروایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 60

پرواقع بس اسٹینڈ کے قریب 2 ملزمان کے بیگ سے 700 گرام آئس برآمد ہوئی۔ تمام کارروائیوں میں گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

بحالی و دیگر مراعات کو صوبائی حکومت نے پہلی فرصت میں حل کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ پولیس افسران کیلئے بلٹ پروف گاڑیاں دے رہے ہیں، پولیس کی ٹریننگ 9 ماہ کے بجائے 90 دن کرنے کی پالیسی بنارہے ہیں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ صوبائی حکومت جلد ٹریننگ سکول کو تمام سہولیات مہیا کرے گی، شہداء کی فیملیز کا خیال رکھیں گے تاکہ جوانوں کے حوصلے بلند ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 62

انہوں نے کہا کہ تمام سوالات کے جوابات تحریری طور پر پیش کئے جاتے ہیں، کمیٹیوں میں دیگر معاملات بھی زیر بحث لائے جاتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے وقفہ سوالات میں جواب دیتے ہوئے کہا کہ ڈیپوٹیشن پالیسی کی گنجائش سروس رولز میں موجود ہے، پہلے تین سال کے لئے ڈیپوٹیشن ہوتی ہے، پھر دو سال تجدید ہوتی ہے، سپریم کورٹ نے بھی اپنے فیصلوں میں کہا کہ ڈیپوٹیشن کو معمول نہ بنایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 63

کو کارروائی آگے بڑھانے سے روکنے کے حکم میں 6 فروری تک توسیع کر دی اور کہا کہ الیکشن کمیشن کیسے ٹربیونل کے جج کو تبدیل کرسکتا ہے؟ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ الیکشن کمیشن کیسے ٹربیونل کے جج کو تبدیل کر سکتا ہے اس کا جواب ہم دیں گے، الیکشن کمیشن و دیگر فریقین نے جواب جمع کرانے کیلئے وقت مانگ لیا۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو جواب جمع کرانے کیلئے وقت دے دیا، چیف جسٹس نے کہا کہ آج آپ کی دو درخواستوں پر سماعت مقرر تھی تیسری کل مقرر ہے۔ شعیب شاہین نے کہا کہ ہم نے کچھ وائرز (قانون کی کچھ شقوں) کو بھی چیلنج کر رکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

نام سے ہوئی، جو حاجی قاسم داوران خان کا بیٹا اور افغانستان کے صوبہ پکتیکا کے ضلع وزیرخوا کے گاؤں بلورائی کا رہائشی تھا۔ ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد 20 جنوری کو اس کی لاش عبوری افغان حکومت کے حکام کے حوالے کر دی گئی۔ یہ واقعہ پاکستان میں دہشت گردی میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے کا ناقابل تردید ثبوت ہے۔ عبوری افغان حکومت سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔

بعدالت جناب ADLR تحصیل

مریدکے ضلع شیخوپورہ

عنوان: انتقال وراثت متوفی عنایت علی ولد اکبر علی سکنہ خلیل سٹریٹ محلہ پیر بخاری نارنگ منڈی تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع نارنگ اربن تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ میں درج کیا گیا ہے جس کے حقیقی وارثان میں رضیہ بی بی بیوہ عنایت علی، پسران زاہد عنایت علی، فہد عنایت اور واجد عنایت شامل ہیں ان کے علاوہ اور کوئی وارث نہ ہے لہذا اگر متوفی عنایت علی کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو تین یوم دستخطی کے اندر بمعہ ثبوت پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت حسب ضابطہ منظور وتصدیق کردیا جائے گا اور کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مسعود خان صاحب

گارڈین جج درجہ اول

بھیرہ درخواست گارڈین عنوان سدرہ مختار بنام عوام الناس

سائلہ سدرہ مختار دختر مختار احمد ذات بھٹی سکنہ چک صاحب خان رکھ بھیرپور تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ نے درخواست برائے سرٹیفکیٹ گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس میں تاریخ پیشی 23-1-2025 مقرر ہوئی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عزر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات فلک

صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ

تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 5 شمالی

متوفی غلام رسول ولد جلال وارثان جلال والد بھاگ بھری والدہ راجاں بی بی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ زندہ محمد اکرم محمد اسلم انصر اقبال پسران متوفی ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل

صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ

تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بھکھی خورد

متوفیہ رسولاں بی بی بیوہ مولا بخش وارثان مولا بخش خاوند داد و والد گلاں بی بی والدہ پہلے فوت شدہ زندہ محمد نظیر پسر سرداراں بی بی دختر متوفیہ ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات فلک

صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ

تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 11 شمالی

متوفی محمد جعفر ولد تیلو وارثان تیلو والد عالم بی بی والدہ پہلے فوت شدہ زندہ نوراں بی بی زوجہ محمد شریف محمد حبیب پسران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا

عدالت جناب مسز مہوش حیات فلک

صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ

تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 5 شمالی

متوفی نظیر احمد ولد جلال وارثان جلال والد بھاگ بھری والدہ رسولاں بی بی زوجہ پہلے فوت شدہ محمد ریاض بعد میں فوت شدہ زندہ اعجاز احمد پسر متوفی ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا

حکومت بجلی بلوں میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے فوری اقدامات کرے، ضیاء الدین انصاری

بجلی وگیس کے بے تحاشہ بلوں نے لوگوں کو شدید اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے، گلی، محلوں اور بازاروں میں بجلی کے ننگے تار اور بے ہنگم بجلی کی ترسیل کا نظام لیسکو کی کھلی نااہلی ہے

جماعت اسلامی کی لیسکو پبلک ایڈ کمیٹی کی پوری ٹیم شہریوں کے لیسکو کے متعلقہ مسائل کو حل کروانے کیلئے ہر ممکن معاونت فراہم کرے، امیر جماعت اسلامی لاہور اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حکومت بجلی بلوں میں عوام کو مستقل ریلیف دینے کیلئے فوری اقدامات کرے۔ بجلی وگیس کے بے تحاشہ بلوں نے لوگوں کو شدید اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ڈالر، پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے ہر چیز کو مہنگا کر دیا ہے۔ لوگوں میں اشیائے خورونوش خریدنے کی سکت نہیں، بجلی، گیس، پٹرول کی قیمتیں کم نہیں ہو رہیں جس کی وجہ سے عوام کے مسائل میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ جماعت اسلامی کی لیسکو پبلک ایڈ کمیٹی کی پوری ٹیم شہریوں کے لیسکو کے متعلقہ مسائل کو حل کروانے کیلئے ممکن معاونت (بقیہ نمبر 51)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ لیسکو پبلک ایڈ کمیٹی کے عہدیداران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب کمپلینٹ سنٹر 1787 کے سائلین کے مسائل کی دادرسی کیلئے اقدامات جاری

رواں سال کے پہلے 20 دن میں 1787 کمپلینٹ سنٹر پر موصولہ 3500 سے زائد شکایات کا ازالہ، ترجمان پنجاب پولیس

سائلین پولیس اہلکاروں خلاف کسی بھی شکایت کی صورت میں 1787 کمپلینٹ سنٹر پر بلا جھجھک رابطہ کریں، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب کمپلینٹ سنٹر 1787 کے سائلین کے مسائل کی داد رسی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال کے پہلے 20 دن میں 1787 کمپلینٹ سنٹر پر موصولہ 3500 سے زائد شکایات کو حل کر لیا گیا۔ مقدمات کے اندراج کی 1600 سے زائد اور سست تفتیش کی 810 سے زائد شکایات حل کی گئیں۔ پولیس سروسز سے متعلق 500 سے زائد اور محکمانہ معاملات و دیگر سے متعلق 200 سے زائد شکایات حل کی گئیں۔ اسی طرح ملزمان کی گرفتاری سے متعلق 160 سے زائد، ریکوری (بقیہ نمبر 52)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور 1787 کمپلینٹ سنٹر میں ٹیلی فون پر شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

بابر علاؤالدین کا پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ہیڈ آفس کا دورہ

ایم ڈی علی ارشد رانا نے ادارے کی کارکردگی، مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ برائے ایویلوایشن، فیڈ بیک، انسپیکشن اینڈ مانیٹرنگ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے ہیڈ آفس میں مینیجنگ ڈائریکٹر علی ارشد رانا سے ملاقات کی جہاں انہیں ادارے کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایم ڈی علی ارشد رانا نے ادارے کی ترقی کے لیے شروع کیے گئے 100 روز (بقیہ نمبر 58)

نماز کی مبینہ بے حرمتی پر مقدمہ، رجب بٹ کی حفاظتی ضمانت منظور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان کے معروف یوٹیوبر و ٹک ٹاکر رجب بٹ کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی۔ ٹک ٹاکر کے خلاف کراچی میں نماز کی مبینہ بے حرمتی کا مقدمہ درج کیا گیا ہے تاہم رجب بٹ نے پولیس کی گرفتاری سے بچنے کے لئے لاہور ہائیکورٹ میں حفاظتی ضمانت دائر کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ خدشہ ہے رجب بٹ کو کراچی میں داخلے پر گرفتار کر لیا جائے گا۔

انسداد اسمگلنگ آپریشنز میں لاکھوں مالیت کی منشیات برآمد

3 کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 20 کلو سے زائد منشیات برآمد کی گئی، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں لاکھوں روپے مالیت کی بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ اور خرید وفروخت کے خلاف اے این ایف کا کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران 3 مختلف کارروائیوں میں 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 40 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 20 کلو 800 گرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ اے این ایف حکام نے موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب کار سے 14.4 کلوگرام افیون اور 4.8 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ اسی طرح موٹروے ٹول (بقیہ نمبر 60)

سرگودھا، گھر سے لاپتہ 55 سالہ محنت کش سیم میں گر کر جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) گھر سے لاپتہ 55 سالہ محنت کش سیم میں گر کر جاں بحق ہو گیا جس کی نعش نکال کر ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ ڈیرہ برا (جوئیہ) روڈہ کا 55 سالہ محنت (بقیہ نمبر 54)

یو ای ٹی لاہور کے بین الاقوامی طلباء کا لاہور کے تفریحی وثقافتی مقامات کا دورہ

طلباء نے روایتی پاکستانی کھانے کھائے، لوک موسیقی سے بھی محظوظ ہوئے

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے بین الاقوامی طلباء نے حال ہی میں شہر لاہور کے مختلف تفریحی اور ثقافتی مقامات کا دورہ کیا۔ اس یادگار دورے کا مقصد غیر ملکی طلباء کو پاکستانی ثقافت اور تاریخ سے روشناس کرنا تھا۔ طلباء نے اندرون لاہور کے تاریخی مقامات جیسے شاہی قلعہ، بادشاہی مسجد، وزیر خان مسجد اور دیگر اہم یادگاروں کا مشاہدہ کیا، جہاں انہوں نے قدیم طرز تعمیر اور ثقافتی ورثے کی خوبصورتی کو قریب سے دیکھا۔ مزید برآں، طلباء نے فوڈ اسٹریٹ پر روایتی پاکستانی کھانوں، جیسے بریانی، نہاری، اور لسی، سے بھرپور لطف اٹھایا۔ اس دوران طلباء نے لوک موسیقی اور روایتی رقص کے شاندار مظاہرے بھی دیکھے، جس نے انہیں پاکستانی ثقافت کی رنگا رنگی سے محظوظ کیا۔ (بقیہ نمبر 55)

یو ای ٹی کے بین الاقوامی طلباء کا اندرون شہر کے تفریحی مقامات کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

اسلام آباد سیکٹر آئی نائن میں آئے روز بجلی کی لمبی لمبی لوڈشیڈنگ، عوام کی چیخیں نکل گئیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر آئی نائن میں آئے روز بجلی کی لمبی لمبی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام کی چیخیں نکل گئیں۔ واپڈا نے آئی نائن سیکٹر کے باسیوں کا جینا دوبھر کر دیا۔ آئے روز بجلی صبح سے شام تک نہیں ہوتی جس کی وجہ سے سیکٹر کے رہائشی و کاروباری ادارے مشکلات سے دوچار ہو گئے۔ سیکٹر کے رہائشیوں کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 33)

سڑک کنارے کھڑا بزرگ ٹرالر تلے کچلے جانے سے جاں بحق

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) تیز رفتار ٹرالر نے سڑک پر کھڑے بزرگ کو کچل دیا۔ تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کے نواحی گاؤں بھوکن کا رہائشی ساٹھ سالہ نذیر احمد ساہیوال روڈ پر ٹول پلازہ کے قریب سڑک کنارے کھڑا تھا کہ اسے تیز رفتار ٹرالر نے بے قابو ہو کر کچل دیا جس سے وہ موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔

لاہور سمیت پنجاب بھر میں بادل برسانے والا سسٹم پاکستان سے نکل گیا

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں بادل برسانے والا سسٹم پاکستان سے نکل گیا جس کے باعث پنجاب بھر میں ایک بار پھر خوش موسم کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

ننکانہ، پیٹر انجن چوری کرنیوالا 4 رکنی گینگ سرغنہ سمیت گرفتار

ملزمان سے 10 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے چوری شدہ پیٹر، نقدی اور اسلحہ برآمد

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈی پی او ننکانہ کی ہدایت پر تھانہ مانگٹانوالا پولیس کی کارروائی۔ پیٹر انجن چوری کرنے والا 4 رکنی گینگ سرغنہ سمیت گرفتار۔ ملزمان سے 10 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے چوری شدہ پیٹر، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ پولیس تھانہ مانگٹانوالا نے گرفتار ملزمان (بقیہ نمبر 31)

میرٹ پر سمجھوتا برداشت نہیں کیا جائیگا' ایس ایس پی انویسٹی گیشن

خواتین سے زیادتی، ظلم وتشدد اور ہراسگی کے مقدمات کی تفتیش میں کوتاہی برداشت نہیں ہوگی

لاہور (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت انویسٹی گیشن ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ ہوئی جس میں مقدمات کی پراگریس رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ کرائم میٹنگ میں تمام ڈویژنز کے تفتیشی افسران نے شرکت کی، میٹنگ میں عدم پتہ اور زیر التوا مقدمات کی پراگریس رپورٹ (بقیہ نمبر 32)

پنجاب میں پتنگ بازی ناقابل ضمانت جرم قرار، 7 سال تک قید ہوگی

پتنگ اُڑانے والے کو 3 سے 5 سال قید یا 20 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے' بل منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پتنگ بازی پر مکمل پابندی عائد؛ خلاف ورزی پر سخت سزائیں ہوں گی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پنجاب اسمبلی نے پتنگ بازی پر مکمل پابندی کا بل منظور کر لیا، پنجاب میں پتنگ بازی کی ممانعت کا ترمیمی ایکٹ 2024 منظور کیا گیا جس کے تحت پنجاب میں پتنگ بازی ناقابل ضمانت جرم قرار دیا گیا ہے، خلاف ورزی پر کم از کم 3 سال سے 7 سال تک قید کی سزا ہو گی، پتنگ بازی، تیاری، فروخت ونقل وحمل پر 5 لاکھ سے 50 لاکھ تک جرمانہ ہو گا۔ پابندی کا اطلاق پتنگوں، دھاتی تاروں، نائلون کی ڈوری، تندی، پتنگ بازی کے مقصد کیلئے تیز دھار مانجھے (بقیہ نمبر 59)

گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا کو مکمل فعال بنانا چاہتے ہیں: خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا کو مکمل فعال کرنے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا کو مکمل فعال کرنے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا کو مکمل فعال بنانا چاہتے ہیں۔ گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال سرگودھا کو انتظامی طور پر جولائی 2024 میں محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے حوالے کر دیا گیا تھا۔ سرگودھا ٹیچنگ ہسپتال کی میڈیکل (بقیہ نمبر 34)

Specialized Healthcare & Medical Education Department
لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معیشت کی ترقی صنعتکار، تاجر کی خوشحالی سے ممکن بن سکتی ہے: ناصر انصاری

روزگار کے مواقع پیدا ہونے سے سازگار حالات میسر آئینگے' صدر قائد اعظم گروپ انجمن تاجران

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر قائد اعظم گروپ انجمن تاجران لاہور ناصر انصاری نے کہا ہے پاکستان میں صنعتی و کاروباری حوالے سے صنعت وتجارت دوست اقدامات ہی ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتے ہیں۔ بزنس وانڈسٹریل سیکٹر کیلئے حکومت کی سبسڈائز پالیسیز سے ہی ملک میں روزگار کے مواقع کھل سکتے ہیں۔ ملکی معیشت کی ترقی صنعتکار تاجر کی خوشحالی سے ہی ممکن بن سکتی ہے (بقیہ نمبر 57)

بجلی، گیس ٹیکسوں میں ریلیف دینے کی ضرورت ہے' شیخ عمر

صنعتی وکاروباری مراکز کو سبسڈیز دینے کی ضرورت ہے' ای سی ممبر لاہور چیمبر

لاہور (سٹاف رپورٹر) ای سی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری شیخ عمر سرفراز نے کہا ہے ملک میں صنعت وتجارت کی ترقی ہی ملکی ترقی سلامتی خوشحالی کی ضامن بن سکتی ہے۔ صنعتی وکاروباری مراکز کو سبسڈیز دے کر بجلی اور گیس ٹیکسوں میں ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔ صنعتیں بازار اور مارکیٹیں منڈیاں کروڑوں انسانوں کو روزگار دے رہی ہیں۔ صنعتی و تجارتی مراکز اور تاجروں و (بقیہ نمبر 56)

پولیس موبائل کی جگہ بلٹ پروف گاڑیوں کا بندوبست کر رہے ہیں: علی امین گنڈاپور

ہماری فورسز اتنی قابل ہیں کہ سپر پاور کو شکست دی ہے، شہداء کا کوٹہ سسٹم بحالی ودیگر مراعات کو صوبائی حکومت نے پہلی فرصت میں حل کیا

ہمارا بارڈر خطے کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے، جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں' وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کا تقریب سے خطاب

ڈی آئی خان (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ پولیس موبائل کی جگہ بلٹ پروف گاڑیوں کا بندوبست کر رہے ہیں۔ پولیس ٹریننگ سینٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ ہمارا بارڈر خطے کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے، جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ہماری فورسز اتنی قابل ہیں کہ انہوں نے سپر پاور کو شکست دی ہے، شہداء کا کوٹہ سسٹم (بقیہ نمبر 61)

لاہور، وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں پاک امریکا تعلقات کا نیا باب شروع ہوگا: محسن نقوی

امریکی عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں، میں شاہد ہوں امریکی عوام نے ٹرمپ کی صدارت کو زبردست طریقے سے منایا

وزیر داخلہ کی امریکی سینیٹرز، ممبرز کانگریس اور اہم شخصیات سے ملاقاتیں' باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دور میں پاکستان اور امریکا کے درمیان تعلقات کا نیا باب شروع ہوگا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے واشنگٹن میں لنکن لبرٹی بال میں خصوصی عشائیہ کی تقریب میں شرکت کی، تقریب میں محسن نقوی کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا، اس دوران وزیر داخلہ نے امریکی سینیٹرز، ممبرز کانگریس اور اہم شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سینیٹر ٹومی (بقیہ نمبر 35)

بھارت میں اقلیتیں عدم تحفظ کا شکار، مقدسات کو نشانہ بنایا جا رہا ہے' جے یو آئی

پاکستانی حکومت بھارتی مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کیخلاف سفارتی سطح پر اقدامات اٹھائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بھارت میں اقلیتیں عدم تحفظ (بقیہ نمبر 38)

لاہور، آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن کے کارکن مطالبات کے حق میں احتجاج کر رہے ہیں

مختلف علاقوں سے 3 افراد کی لاشیں برآمد' مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں سے 3 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق ٹبی سٹی، پانی والا تالاب سے 55 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی، ٹبی سٹی، ترنم چوک سے 40 سالہ شخص مردہ حالت میں ملا، داتا دربار، بیلا رام روڈ کے فٹ پاتھ سے 50 سالہ شخص مردہ حالت میں ملا۔ ہلاک ہونے والے تینوں افراد بظاہر نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں

چور ڈیڑھ لاکھ مالیت کی بھیڑ چوری کر کے فرار' مقدمہ درج

لاہور (سٹی رپورٹر) چور رات کی تاریکی میں ڈیرے سے بھیڑ لیکر رفوچکر ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی تفصیلات کیمطابق لکھوڈمنڈی کے نواحی گاؤں کوٹ وارث کے رہائشی عامر شہزاد کے ڈیرے پر نامعلوم چور رات کی تاریکی میں ڈیڑھ لاکھ مالیت کی بھیڑ چوری کر کے لے گئے۔ محمد عامر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ رات کو بھیڑ ڈیرے پر موجود تھی صبح بھینسوں کا دودھ دھونے کیلئے ڈیرے پر گیا تو دیکھا بھیڑ غائب تھی جسے نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے۔ واقعہ کی رپورٹ تھانہ لکھوڈمنڈی میں کرا دی گئی

شیراکوٹ' منہ بولے بیٹے نے انسپکٹر کو انہی کے پستول سے قتل کر دیا

پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا' مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے شیرا کوٹ میں تلخ کلامی کے بعد پولیس انسپکٹر کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے تلخ کلامی پر انسپکٹر سیف اللہ نیازی کو قتل کیا۔ ملزم نے انسپکٹر سیف اللہ نیازی کے پستول سے ہی انہیں قتل کیا۔ قتل کرنے والے نوجوان کو انسپکٹر نے بیٹا بنایا ہوا تھا، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔

شادی ہال سے 35 لاکھ کے زیورات کی چوری، ملزمان گرفتار

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) شادی ہال سے 35 لاکھ روپے کے طلائی زیورات چوری کرنے والا گینگ پکڑا گیا، زیورات برآمد، ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق پاک میرج ہال میں شادی کی تقریب سے ملزمان نے طلائی زیورات چوری کر لیے، واقعہ کی اطلاع پر پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے طلائی زیورات، نقدی اور گھڑیاں چرانے والے دو ملزمان گرفتار کر کے ان سے 35 لاکھ روپے سے زائد مالیت (بقیہ نمبر 37)

خواتین کیساتھ زیادتی واقعات میں اضافہ، وزیراعلیٰ نوٹس لیں' جماعت اسلامی

معاشرتی بگاڑ کو درست کرنے کیلئے اسلامی طرز معاشرت کو اختیار کرنا ہوگا' جاوید قصوری

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری نے پنجاب میں خواتین کے ساتھ ہر پندرہ منٹ میں زیادتی کی خبروں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب جو کہ خود ایک خاتون ہیں ان کو خواتین کے ساتھ بدسلوکی کا نوٹس لینا چاہئے، اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت ڈیڑھ لاکھ کیسز رجسٹرڈ ہو چکے ہیں مگر اکثریت التواء کا شکار ہے جو کہ حکومت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر (بقیہ نمبر 36)

یو ایم ٹی یونیورسٹی کے ستائیسویں کانووکیشن کے موقع پر سٹاف ممبرز اسسٹنٹ منیجر اسد فاروق کی قیادت میں قومی ترانہ پڑھتے ہوئے

کاروباری رہنماؤں کو فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کیا جائے' راجہ وسیم

پارکنگ پلازوں کی تعمیر کو ترجیح دی جائے' صدر لوہا مارکیٹ شہید گنج لاہور

لاہور (این این آئی) تاجر رہنما پیاف کے ترجمان وصدر لوہا مارکیٹ شہید گنج لاہور راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ کاروباری رہنماؤں کو فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے سے پالیسیوں کے نفاذ میں بہتری آئے گی اور ایک سازگار کاروباری ماحول تشکیل پائے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ لاہور کے تجارتی مراکز میں شدید پارکنگ مسائل ہیں جو کاروبار میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں اور گاہکوں کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ ان علاقوں میں پارکنگ پلازوں کی تعمیر کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبے کی شمولیت سے اس عمل کو تیز کیا جا سکتا ہے اور جہاں جگہ محدود ہو (بقیہ نمبر 39)

دو خاندان عمران خان کو عوام کے دلوں سے نہیں نکال سکے' محمد حسین

عوام پی ٹی آئی قیادت کیخلاف سازشوں' سیاسی انتقامی کارروائیوں سے پوری طرح آگاہ ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ دو خاندان عمران خان کو عوام کے دلوں سے نہیں نکال سکے، پوری دنیا جانتی ہے پاکستان میں لاقانونیت عروج پر اور شہریوں کے بنیادی حقوق سلب کیے جا رہے ہیں، عوام پی ٹی آئی قیادت کیخلاف ہونیوالی سازشوں اور سیاسی انتقامی کارروائیوں سے پوری طرح آگاہ ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح وبہبود کی بجائے پنجاب حکومت سیاسی مخالفین کو کچلنے میں مصروف ہے جو جمہوری اقدار کی کھلی نفی اور (بقیہ نمبر 40)

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے 23 ویں کانووکیشن کے موقع پر گروپ فوٹو

عابد علی بٹ محب وطن اور وژنری کاروباری رہنما ہیں' کاشف کھوکھر

صدر قصور چیمبر کی سی ای او امانہ مال سے ملاقات' کاروباری برادری کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف کھوکھر نے امانہ مال کے سی ای او عابد علی بٹ سے خصوصی ملاقات کی، جس میں کاروباری برادری کو درپیش چیلنجز اور ان کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کاشف کھوکھر نے عابد علی بٹ کی غیر معمولی خدمات اور بے لوث جدوجہد کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ایک محب وطن اور وژنری کاروباری رہنما ہیں، (بقیہ نمبر 50)

فوڈ اتھارٹی کا آپریشن' 2 واٹر پلانٹ، معروف بیکری کی پروڈکشن وفروخت بند

ملاوٹ، جعلساز مافیا کو ہرگز رعایت نہیں، خوراک کی تیاری سے ترسیل تک چیکنگ کی جا رہی ہے' ڈی جی

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ویلنشیاء، ماڈل ٹاؤن اور انجینئر ٹاؤن میں ملاوٹ مافیا کے خلاف آپریشن کر کے 2 واٹر پلانٹ اور معروف بیکری کی پروڈکشن اور فروخت بند کرا دی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے مطابق واٹر پلانٹ سے لیے گئے پانی کے سیمپل فیل ہونے پر بند کر دیے گئے، سابقہ دی گئی ہدایات پر عمل نہ کرنے پر ماڈل ٹاؤن میں واقع بیکری یونٹ بھی بند کیا گیا، یونٹ میں صفائی کے ناقص انتظامات، ملازمین کے میڈیکل عدم موجود پائے گئے، ٹوٹے فرش پر اشیائے خورونوش کی موجودگی، غیر رجسٹرڈ شدہ لیبل سے پیکنگ کی جا رہی تھی، نان فوڈ گریڈ پاؤڈر سے کنفیکشنری اشیاء (بقیہ نمبر 48)

حکومت نے کورم بلڈوز کر کے 12 بلز منظور کروائے' احمد خان بھچر

مذاکرات کامیاب ہوئے تو حکومت کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہاں اور کیسے مذاکرات کامیاب ہو گئے

ہر پندرہ منٹ بعد ایک خاتون زیادتی کا شکار ہوتی ہے، خواتین کو ریڈ لائن کہنے والی وزیراعلیٰ کہاں ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہوئے تو حکومت کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہاں اور کیسے مذاکرات کامیاب ہو گئے، آئی جی پنجاب کے جانب سے لاہور ہائیکورٹ میں جمع کروائی گئی رپورٹ بتا رہی ہے کہ صوبہ میں ہر پندرہ منٹ کے بعد ایک خاتون زیادتی کا شکار ہوتی ہے جو لمحہ فکریہ ہے، خواتین کو اپنی ریڈ لائن کہنے والی وزیراعلیٰ کہاں ہیں، حکومت نے کورم بلڈوز کر کے 12 بلز منظور کروائے اور یہ اقدام غیر قانونی ہے، ایک غیر سنجیدہ وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ وہ نو مئی اور چھبیس نومبر پر کمیشن نہیں بنائیں گے ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ تحریک (بقیہ نمبر 46)

مدارس اسلام کے قلعے' روحانی تربیت کے مراکز ہیں' قاری اعظم

حکومت اور عوام سے اپیل ہے مدارس کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کریں

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ مدارس اسلام کے قلعے اور روحانی تربیت کے مراکز ہیں، علما کرام اپنی دینی تعلیمات کے ذریعے نوجوان نسل کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، حکومت اور عوام سے بھی اپیل ہے کہ وہ مدارس کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (بقیہ نمبر 43)

بھاری ٹیکسز کاروباری حلقوں کیلئے وبال جان بن چکے' رمیض دیوان

لاہور (سٹاف رپورٹر) نائب صدر پاکستان سٹین لیس سٹیل پائپ مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن رمیض دیوان نے کہا ہے کاروبار اور صنعتوں پر بھاری ٹیکسز کاروباری حلقوں کیلئے وبال جان بن چکے ہیں۔ صنعتکار تاجر کو ریلیف دیا جائے تاکہ ملک میں معاشی وسماجی، بحران تھم سکیں۔ عوام دوست فیصلوں سے ہی ملک میں ترقی اور خوشحالی کی راہیں کھلیں گی۔ مخدوش معاشی حالات کا واحد حل بجلی اور پٹرولیم مصنوعات (بقیہ نمبر 41)

ایف بی آر ریفنڈز کے عمل کو آسان بنائے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

فاسٹر سسٹم کی طرح انکم، سیلز ٹیکس کے ریفنڈز بھی ادا کیے جائیں' سینئر ممبر چودھری امانت

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ ایف بی آر ریفنڈز کے عمل کو آسان بنائے، فاسٹر سسٹم کی طرح انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے ریفنڈز بھی ادا کیے جائیں، وفاقی ٹیکس محتسب اپنے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائے۔ ٹیکس بار اور تاجروں کے نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے چودھری امانت بشیر نے (بقیہ نمبر 45)

ہائیکورٹ' دوہرے قتل کے مجرم کی سزائے موت کیخلاف اپیل مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے دوہرے قتل کے مجرم ظفر اقبال کی سزائے موت کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شہرام سرور کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے سماعت کی۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب ہمایوں سلیم پیش ہوئے۔ مجرم کے وکیل نے موقف اپنایا کہ مجرم کے خلاف پیش کیے گئے میڈیکل کی تاریخ درست نہیں ہے، استدعا ہے کہ مجرم کے خلاف سزا معطل کی جائے۔ ڈی پی جی پی ہمایوں سلیم نے کہا کہ مجرم نے کلہاڑی کے وار کر کے اپنی بیوی اور گیارہ سالہ سوتیلی (بقیہ نمبر 47)

یو ای ٹی لاہور کے بین الاقوامی طلبا کا لاہور کے تفریحی وثقافتی مقامات کا دورہ

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے بین الاقوامی طلبا نے حال ہی میں شہر لاہور کے مختلف تفریحی اور ثقافتی مقامات کا دورہ کیا۔ اس یادگار دورے کا مقصد غیر ملکی طلبا کو پاکستانی ثقافت اور تاریخ سے روشناس کرنا تھا۔ طلبا نے اندرون لاہور کے تاریخی مقامات جیسے شاہی قلعہ، بادشاہی مسجد، وزیر خان مسجد اور دیگر اہم یادگاروں کا مشاہدہ کیا، جہاں انہوں نے قدیم طرز تعمیر اور ثقافتی ورثے کی خوبصورتی کو قریب سے دیکھا۔ مزید برآں، طلبا نے فوڈ اسٹریٹ پر روایتی پاکستانی کھانوں، جیسے (بقیہ نمبر 42)

لاہور، پولیس نے پنجاب اسمبلی اجلاس کے موقع پر راستے کو بند کر رکھا ہے

کراچی، ملیر میں فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت فاطمہ جبکہ لڑکے کی شناخت نہیں ہو سکی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر رفاہ عام میں ایک گھر میں فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت فاطمہ جبکہ لڑکے کی شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ لڑکی کے باپ اظہر نے کی، ملزم کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزم نے دونوں کو غیرت کے نام پر قتل کیا۔ دوسری جانب سرجانی نارتھ ناظم آباد میں (بقیہ نمبر 44)

رواں ماہ کے آخر تک لاہور میں الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ

بسیں جو شمسی توانائی پر مبنی ہوں گی' پنجاب کی ترقی کے ایجنڈے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کیے گئے' مریم اورنگزیب

مستحقین کو اس بار رمضان نگہبان پیکج کارڈز کی شکل میں فراہم کیا جائے گا تاکہ شفافیت اور آسانی یقینی بنائی جا سکے' سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں رواں ماہ کے آخر تک دھوئیں سے پاک 27 الیکٹرک بسیں چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بسیں شمسی توانائی سے چلیں گی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت پنجاب میں ترقیاتی سکیموں کا ساتواں جائزہ اجلاس ہوا جس میں چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نبیل احمد اعوان، سیکرٹری آصف طفیل اور متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں 27 وزارتوں اور محکموں کی (بقیہ نمبر 49)

لاہور، عالمی شہرت یافتہ ہسپانوی کمپنی کے نمائندگان پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری وتجارت کے چیئرمین سے ملاقات کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور